ABC CERTIFIED

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | بدھ 23 ربیع الاول 1447ھ 17 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 72

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

ڈیجیٹل مالیاتی نظام کا آغاز، فائلنگ سسٹم نافذ، محکموں کے اخراجات کا تخمینہ آن لائن جمع کرانے کے پابند، شہری مالیاتی امور کی نگرانی کر سکیں گے، وزیراعلیٰ

یہ سسٹم محض ایک ای-فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے، ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی، میر سرفراز بگٹی

عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے

صوبائی حکومت عوامی وسائل کے مؤثر اور شفاف استعمال کے لیے پرعزم، شفاف حکمرانی کا جو خواب اسمبلی فلور پر وعدے کی صورت میں دیکھا گیا تھا آج حقیقت کا روپ دھار چکا ہے

بلوچستان میں کاغذی کارروائی بتدریج ختم، اور تمام امور صرف ڈیجیٹل طریقے سے نمٹائے جائیں گے، کابینہ کے اجلاس بھی اب ڈیجیٹل ٹیبلیٹس کے ذریعے منعقد ہوں گے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای-فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں فنانس ای-فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، اور انتظامی محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ سسٹم محض ایک ای-فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی۔ اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقے کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ای-فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز شریف کی ڈونلڈ ٹرمپ سے 25 ستمبر کو ملاقات کا امکان

قطر پر اسرائیلی حملے، اور پاک بھارت صورتحال زیر بحث آ سکتی ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے 25 ستمبر کو ملاقات کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ ملاقات اقوام متحدہ کے دوران وزیراعظم شہباز شریف ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر تجارت جام کمال اور ایرانی ہم منصب معاہدوں کی دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

پاکستان اور چین کے درمیان مفاہمت کی تین یادداشتوں پر دستخط

کنٹرولڈ ایگریکلچر سائنس اینڈ ایجوکیشن پارک، زرعی پیداوار اور خوراک کے تحفظ میں اضافہ کا معاہدہ طے

زراعت، ماحولیات اور ماس ٹرانزٹ شعبوں کی ترقی کیلئے چین کے سرمایہ کار اور حکومت تعاون کرے گی

چیری کو الیکٹرک بسوں، منی ٹرکس اور گرین انرجی کے منصوبوں میں شرکت کی دعوت دی، آصف علی زرداری

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صدر مملکت آصف علی زرداری کے دورے کے دوران پاکستان اور چین نے مفاہمت کی تین یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کیے ہیں، جن کا مقصد پاکستان میں زراعت، ماحولیات اور ماس ٹرانزٹ شعبوں کی ترقی ہے۔ اطلاعات کے ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اور ایران کا باہمی تجارتی حجم 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کا عزم

صحت، تعلیم، توانائی، موسمیاتی تبدیلی، ٹرانسپورٹ سمیت اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا

مشترکہ کمیٹی تعمیرات، ٹیکسٹائل و زراعت کے شعبوں میں مزدوروں کی نقل و حرکت کو آسان بنانے کی تجاویز دے گی

بزنس فورم کا بڑے پیمانے پر پہلی مرتبہ انعقاد اس امر کا مظہر ہے کہ دونوں ممالک ٹھوس معاشی نتائج چاہتے ہیں، جام کمال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان اور ایران نے صحت، تعلیم، توانائی، موسمیاتی تبدیلی، ٹرانسپورٹ سمیت اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کرتے ہوئے باہمی تجارتی حجم 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وفاقی وزارت اقتصادی امور ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

گھوٹکی ریلوے اسٹیشن سیلابی پانی میں ڈوبا ہوا ہے جبکہ مسافر ٹرین اپنی منزل کی جانب رواں ہے

ہم کسی کو اپنی خودمختاری اور سالمیت کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دینگے، مذمت کافی نہیں، دنیا کو اب اسرائیل کا راستہ روکنا ہوگا، نائب وزیراعظم

پاکستان مؤثر فوج اور ایٹمی قوت کے ہمراہ امت مسلمہ کے ساتھ کھڑا ہے، اسحاق ڈار

قطر پر حملہ عالمی قوانین کی سنگین خلاف ورزی، بھارت سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ ختم یا معطل نہیں کر سکتا، کشمیر سمیت تمام مسائل پر بات چیت کیلئے تیار لیکن مذاکرات کی بھیک نہیں مانگیں گے

غزہ میں فلسطینی عوام کی نسل کشی جاری ہے، وقت آگیا ہے کہ غزہ میں غیر مشروط جنگ بندی یقینی بنائی جائے، کہ اسلامی تعاون تنظیم کے فورم سے قطر پر اسرائیلی حملے کی شدید مذمت کی گئی ہے

قطر کے دوست اور برادر ملک کے طور پر پاکستان نے فعال کردار ادا کیا، دوحہ میں عرب اسلامی ہنگامی اجلاس بہت اہمیت کا حامل ہے، قطر پر اسرائیل کا حملہ مکمل طور پر خلاف توقع اقدام ہے

بھارت سندھ طاس معاہدے سے فرار چاہتا ہے، مسائل کے حل کے لئے مذاکرات بہترین راستہ ہے پاکستان امن پسند ملک ہے اور مذاکرات سے مسائل کا حل چاہتا ہے، الجزیرہ ٹی وی کو انٹرویو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ بھارت سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ ختم یا معطل نہیں کر سکتا، بھارت کے ساتھ کشمیر سمیت تمام مسائل پر بات چیت کیلئے تیار ہیں تاہم پاکستان کسی سے مذاکرات ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کی سیلاب اور بارشوں کے پیش نظر نقصانات کا تفصیلی تخمینہ لگانے کی ہدایت

سپارکو سے سیٹلائٹ اسسمنٹ میں مدد لی جائے، فصلوں کو سیلاب کے بعد مختلف امراض سے بچانے کیلئے اقدامات کیے جائیں

تمام متعلقہ ادارے سیلاب زدہ علاقوں میں جانی و مالی نقصانات، فصلوں اور لائیو اسٹاک کے نقصانات کا جامع تخمینہ لگائیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سیلاب کے نقصانات کا مکمل تخمینہ لگنے کے بعد بحالی کے کاموں کی حکمت عملی بنائی جائے گی تاکہ عوام کو کم وقت میں بھرپور ریلیف دیا جائے۔ اطلاعات کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر ...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ایڈووکیٹ ایمان مزاری کے لائسنس منسوخی کے لیے ریفرنس دائر

ریفرنس میں ایمان مزاری پر ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا الزام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایڈووکیٹ ایمان مزاری کے خلاف لائسنس منسوخی کا ریفرنس دائر کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق اسلام آباد بار کونسل میں ایڈووکیٹ ایمان ...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

جیل میں تفتیش، سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے متعلق سوال پر عمران خان مشتعل ہو گئے

پیغام جیل سے لے جانے والا کوئی خاص پیغام رساں نہیں، جب کوئی ملتا ہے تو وہ پیغام سوشل میڈیا ٹیم کو بھیج دیتا ہے

اگر بتایا سوشل میڈیا اکاؤنٹس کون چلاتا ہے تو وہ اغوا ہو جائے گا، ایک سوال پر عمران خان کا این سی سی آئی اے کو جواب

راولپنڈی (م ڈ) سابق وزیراعظم و پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان سے اڈیالہ جیل میں سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے متعلق تفتیش کی گئی۔ بانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے متعلق تفتیش کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع نے بتایا کہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی خصوصی ٹیم کی بانی پی ٹی آئی سے تفتیش کی۔ ذرائع کے مطابق سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے متعلق سوالات کیے گئے تو بانی پی ٹی آئی مشتعل ہو گئے۔ ذرائع ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کا ٹوئٹر اکاؤنٹ بھارت سے آپریٹ ہو رہا ہے، وزیر ریلوے

بھارت نے پی ٹی آئی پر اربوں ڈالر انویسٹ کیے، جماعت دہشتگردوں کی سہولت کار ہے

فتنہ الخوارج کے ساتھ ساتھ ایک جنگ ہمیں فتنہ انتشار کیخلاف بھی لڑنا پڑے گی، ویڈیو پیغام

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے دعویٰ کیا ہے کہ بھارت نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) پر اربوں ڈالر انویسٹ کیے ہیں، اور یہ جماعت دہشتگردوں کی سہولت کاری بنی ہوئی ہے جبکہ عمران خان کا ٹوئٹر اکاؤنٹ بھارت سے آپریٹ ہو رہا ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے اسلام آباد سے اپنے ویڈیو ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم اور امیر قطر کی ملاقات، مسلم امہ کے اتحاد پر زور

وزیراعظم کا قطر کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی اور غیر متزلزل حمایت کے عزم کا اعادہ

اسرائیل کی مسلسل اشتعال انگیزی کا مسلم دنیا کو متحد ہو کر مؤثر جواب دینا ہوگا، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف اور امیر قطر شیخ تمیم بن حماد الثانی کے درمیان اہم ملاقات کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا ہے۔ یہ ملاقات دوحہ میں منعقدہ ...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ملالہ یوسف زئی کا ادارہ تعلیم و آگاہی کیلئے 2 لاکھ ڈالر گرانٹ کا اعلان

مشکل کی اس گھڑی میں دل پاکستانیوں کے ساتھ، لوگوں کی مدد کرنا ہوگی، بیان

لندن (م ڈ) ملک میں سیلاب کے بعد ملالہ یوسف زئی نے ادارہ تعلیم و آگاہی کے لیے 2 لاکھ ڈالر گرانٹ کا اعلان کر دیا۔ ملالہ یوسف زئی نے ہاؤنٹین انسٹیٹیوٹ ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

دوحہ، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے ملاقات کر رہے ہیں

چیئرمین پی ٹی اے نے عہدے سے برطرفی کے فیصلے کو چیلنج کر دیا

قوانین اور ضوابط کے مطابق کام کر رہا ہوں، عہدے سے ہٹانا غیر آئینی ہے، درخواست گزار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی اے نے عہدے سے ہٹائے جانے کے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کو چیلنج کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق چیئرمین ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت کا کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کی درخواست روانہ سننے کا فیصلہ

درخواست گزار صدیق قریشی کی جانب سے ایڈووکیٹ اکرم شاہ عدالت میں پیش

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق کیس کی سماعت بلوچستان ہائی کورٹ میں جاری ہے۔ سماجی رہنما اور سابق ناظم صدیق قریشی نے دفعہ ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی کانگریس میں پاکستانی حکام پر پابندیوں کا بل متعارف

بل امریکی صدر کو اختیار دیتا ہے کہ وہ گلوبل میگنیٹسکی ہیومن رائٹس اکاؤنٹیبلٹی ایکٹ کے تحت پابندیاں عائد کریں

قانون ایسے افراد کو نشانہ بنانے کا حق دیتا ہے جو سنگین انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں یا بدعنوانی کے مرتکب ہوں

واشنگٹن (م ڈ) امریکی کانگریس میں قانون سازوں کی جانب سے پاکستان فریڈم اینڈ اکاؤنٹیبلٹی ایکٹ (H.R. 5271) متعارف کرا دیا گیا ہے، جس کا مقصد ان پاکستانی حکام پر پابندیاں عائد کرنا ہے جو انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور جمہوریت کو کمزور کرنے والے اقدامات کے ذمہ دار ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ بل ہاؤس سب کمیٹی برائے ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

فنگر پرنٹس کے مسئلے سے دوچار معمر افراد کیلئے فیس ریکگنیشن لایا جائیگا

بچے کی پیدائش پر اس کی شناخت نہ کروانے کا عمل بچے کی حق تلفی ہے، ترجمان نادرا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان نادرا شباہت علی نے کہا ہے کہ فنگر پرنٹس کے مسئلے سے دوچار معمر افراد کے لیے فیس ریکگنیشن لا رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

شنگھائی، صدر مملکت آصف علی زرداری، خاتون اول آصفہ بھٹو اور چیئرمین پی پی بلاول بھٹو کی موجودگی میں مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے جا رہے ہیں

پرانے انفراسٹرکچر کے باعث مسائل درپیش ہیں، سیکرٹری ریلوے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی ریلوے کے اجلاس کے دوران سیکرٹری ریلوے نے بریفنگ میں بتایا کہ پاکستان ریلوے کا 20 سال میں آپریشن بہت زیادہ کم ہوا ہے، 20 سال قبل ریلوے ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی وزارت حج و عمرہ کی جانب سے زائرین کو ہدایات جاری

مکہ مکرمہ (م ڈ) سعودی وزارت حج و عمرہ نے زائرین کو ہدایت کی ہے کہ سخت گرم موسم میں دھوپ میں پیدل چلنے سے اجتناب کریں۔ مکہ مکرمہ سے سعودی وزارت حج و عمرہ نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں صبح 11 بجے ...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

100 ارب کے نقصان کی خبر بے بنیاد ہے، چیئرمین ایف بی آر

فیس لیس کسٹمز سسٹم شفافیت بڑھانے کے لئے متعارف کرایا گیا ہے، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بیورو آف ریونیو (ایف بی آر) کے چیئرمین راشد محمود لنگڑیال نے فیس لیس کسٹمز سسٹم سے 100 ارب کے نقصان ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کو بطور جج کام سے روک دیا

سپریم جوڈیشل کونسل کے فیصلے تک بطور جج کام نہیں کر سکیں گے، عدالتی فیصلے کے بعد جاری روسٹر میں نام شامل نہیں

جج کا کنڈکٹ صرف سپریم جوڈیشل کونسل دیکھ سکتی ہے، جسٹس جہانگیری کو کام سے روکنا تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، اسلام آباد بار کونسل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس اعظم خان پر مشتمل ڈویژن بینچ نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کو کیسز کی سماعت سے روکنے کی درخواست پر سماعت کی۔ ڈویژن ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کے 17 سینیٹرز نے قائمہ کمیٹیوں سے استعفیٰ دے دیا

پی ٹی آئی کی جانب سے تمام استعفے سینیٹ سیکریٹریٹ کو جمع کروا دیے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 17 سینیٹرز نے قائمہ کمیٹیوں سے استعفیٰ دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق سینیٹر علی ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

تربت میں 22 کروڑ روپے سے زائد کی ڈکیتی

کیش لے جانیوالی وین کو دشت کھڈان کراس پر روکا گیا

ملزمان فرار، لیویز و سیکورٹی فورسز نے علاقے کا گھیراؤ کر لیا

تربت (این این آئی) تربت کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد 22 کروڑ روپے سے زائد رقم لوٹ کر فرار ہو گئے۔ لیویز کے مطابق منگل کو تربت سے کراچی کیش ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کے اندر منافق لوگ موجود ہیں، علی امین گنڈاپور

ایک دن بھی ایسا نہیں کہ بانی کی رہائی کے لیے کوشش نہ کی ہو

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور نے ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ایشیا کپ کا بائیکاٹ، پی سی بی ڈٹ گیا، میچ ریفری کو ہٹائے جانے کا امکان

پاک بھارت میچ تنازع کے بعد ایشیا کپ کے حوالے سے حتمی فیصلہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی اعلیٰ سطح اجلاس کے بعد ہوگا

پاکستان کو پورے ٹورنامنٹ کے بجائے صرف پاکستان کے میچز سے پائی کرافٹ کو ہٹانے کی تجویز دی گئی ہے، بھارتی میڈیا

اسلام آباد (م ڈ) ایشیا کپ میں میچ ریفری اینڈی پائی کرافٹ کو پاکستان کے میچز سے ہٹائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق میچ ریفری کو ہٹانے کے بعد پاکستانی ٹیم کل یو اے ای کیخلاف میچ کھیلے گی۔ پاک بھارت میچ کے تنازع کے بعد ایشیا کپ کے حوالے ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

توشہ خانہ میں جمع تحائف کا ریکارڈ عوام کے سامنے لانے کا فیصلہ

صدر مملکت، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے تحائف توشہ خانہ میں جمع کرا دیئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے تحائف توشہ خانہ میں جمع کرا دیے۔ حکومت ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ایک افغان خاندان ٹرک میں سامان لاد کر واپس اپنے وطن جا رہا ہے

6 جہاز گر گئے جنگ ہار گئے اب کہتے ہیں کرکٹ میں ہاتھ نہیں ملائیں گے، وزیر اطلاعات

جو قوم اخلاقی پستی کا شکار ہوتی ہے وہ کھیل میں سیاست لے آتی ہے، جن کی کوئی عزت نہیں ہوتی وہ خفت مٹانے کیلئے ایسا کرتے ہیں

جیسے بھی حالات ہوں اسپورٹس مین اسپرٹ زندہ رہنی چاہیے، دہشتگرد کا سہولت کار بھی دہشتگرد جو کسی دہشتگرد کو پناہ دے وہ بھی دہشتگرد ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ جو قوم اخلاقی پستی کا شکار ہوتی ہے وہ کھیل میں سیاست لے آتی ہے، چھ جہاز گر گئے جنگ بھی ہار گئے اب کہتے کرکٹ میں ہاتھ نہیں ملائیں گے۔ یہ بات انہوں نے قومی پیغام امن کمیٹی ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان مزاری کی ہراسگی شکایت سننے کیلئے بنائی گئی کمیٹی ڈی نوٹیفائی

جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے 'بطور مجاز اتھارٹی' نہ صرف شکایت کو سنا بلکہ انکوائری کمیٹی بنائی تھی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جسٹس ثمن رفعت امتیاز کی جانب سے وکیل ایمان مزاری کی اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے خلاف دائر شکایت ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر کو میرانی ڈیم سے پانی کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں، سرفراز بگٹی

فراہمی آب کیلئے فیزیبلٹی رپورٹ فوری طور پر تیار کی جائے، تاکہ یہ منصوبہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی شراکت سے مکمل کیا جا سکے

نئے پائپ لائن سے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے فوری طور پر مکمل کیا جائے، وزیراعلیٰ کی بریفنگ کے موقع پر ہدایت

چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کیلئے نمائندہ مقرر، بی ایچ ای کو پانی فراہم کرنے کے احکامات

کوئٹہ / گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کو کٹہرے میں لانے کا وقت قریب آ گیا، بیرسٹر عقیل

دہشتگردی کی جنگ میں 90 ہزار پاکستانی شہید، آپ ٹی ٹی پی سے کیا بات کرنا چاہتے ہیں

صوبائی حکومت کو دہشت گردی کے خلاف آپریشنز کی حمایت کرنی چاہیے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ہمیشہ سے ٹی ٹی پی کو خوش کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

گڈو بیراج پر اونچے درجے کا سیلاب، قریبی دیہات ڈوبنے کا خطرہ

کوٹ مٹھن راجن پور، چاچڑاں شریف پر پانی کی سطح 11.7 فٹ پر آ گئی، عاقل آگانی لوپ بند کو مضبوط بنانے کیلئے پتھر منگوا لئے گئے

20 سے زائد دیہات ڈوبنے کے باوجود کچے کے رہائشی منتقل ہونے پر تیار نہیں، چناب ہیڈ پنجند پر بہاؤ میں کمی کا سلسلہ جاری ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) دریائے سندھ میں گدو، سکھر اور کوٹری بیراج پر پانی کی آمد میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کچے کے علاقوں میں ڈاکوؤں کیخلاف آپریشن تیز کرنے کا حکم

کچا ڈوب گیا ہے، قانون شکن باہر آئے ہوں گے، فوری گرفتار کیا جائے، مراد علی شاہ

ڈاکوؤں و اغوا کاروں کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن مزید تیز کیے جائیں، حکام کو ہدایت

کراچی (م ڈ) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کچے کے ڈاکوؤں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر قیادت کچے کے علاقوں میں آپریشن سے متعلق اجلاس ہوا۔ جس میں ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

مودی سرکار کو مذہبی آزادی میں رکاوٹ ڈالنے کا حق نہیں، بھگونت مان

دہلی (م ڈ) بھارتی پنجاب کے وزیراعلیٰ بھگونت مان نے پاکستانی ٹیم سے بھارتی کھلاڑیوں کے ہاتھ نہ ملانے پر تنقید کی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق بھگونت ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بنگلہ دیش نے دلچسپ مقابلے کے بعد افغانستان کو 8 رنز سے شکست دے دی

155 رنز کے ہدف کے تعاقب میں افغانستان کی ٹیم 146 رنز ہی بنا سکی

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) ایشیا کپ 2025 کے 9 ویں میچ میں بنگلہ دیش نے افغانستان کو دلچسپ مقابلے کے بعد 8 رنز سے شکست دے دی ہے۔ دبئی انٹرنیشنل کرکٹ ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

جعلی فٹبال ٹیم بنا کر 17 نوجوانوں کو جاپان بھیجنے کا انکشاف

ملوث انسانی سمگلر وقاص علی گرفتار، جعلی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اور این او سی بھی بنائی گئی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) جعلی فٹبال ٹیم بنا کر 17 نوجوانوں کو جاپان بھیجنے کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ ایف آئی اے نے ملوث انسانی اسمگلر کو گرفتار کر لیا ہے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کا جعلی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ ظاہر کر کے گوجرانوالہ کے ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج کے شہداء کی نماز جنازہ لورالائی میں ادا

کیپٹن وقار احمد کاکڑ اور نائیک عصمت اللہ کو خراج عقیدت پیش کیا گیا

، نعرہ تکبیر، "پاکستان زندہ باد" اور "پاک فوج پائندہ باد" کے نعرے

لورالائی (این این آئی) ملک کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے والے شہید کیپٹن وقار احمد کاکڑ اور شہید نائیک عصمت اللہ کی نماز جنازہ لورالائی کینٹ میں ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کو تنہا کرنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، نیتن یاہو

یروشلم (م ڈ) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے دعویٰ کیا ہے کہ اگر آپ کے پاس موبائل فون ہے تو آپ اسرائیل کا ایک ٹکڑا پکڑے ہوئے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق مغربی یروشلم میں دورے پر آئے امریکی کانگریس کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران نیتن یاہو نے کہا کہ جس کے پاس بھی موبائل ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ نے ججز کی بیواؤں کو سکیورٹی دینے کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا

ججز کی بیوائیں صدارتی آرڈر کے تحت سکیورٹی پروٹوکول میں نہیں آتیں، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے ججز کی بیواؤں کو سکیورٹی دینے کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ نے معاملے پر ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فضائی بمباری کے بعد اسرائیلی فورسز غزہ میں داخل، صحافیوں سمیت 80 فلسطینی شہید

ٹینکوں کے ساتھ غزہ شہر کے وسط میں پڑاؤ، بمباری جاری ہے، غزہ میں زمینی کارروائی سے بھی شہادتیں ہوئیں، شہری

ہزاروں لوگ غزہ شہر سے دوسرے علاقوں کی طرف نقل مکانی پر مجبور، بہت سے لوگ اپنے شہر چھوڑنے کو تیار نہیں ہیں

اب ہمارے پاس معاہدے کے لیے صرف چند دنوں یا ہفتوں کا وقت رہ گیا ہے، امریکی وزیر خارجہ کی میڈیا سے گفتگو

غزہ، تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی فوج نے غزہ شہر میں آپریشن کا آغاز کر دیا۔ عرب میڈیا کے مطابق کئی ہفتوں سے جاری فضائی بمباری اور اونچی عمارتیں تباہ کرنے کے بعد اسرائیلی فوج بلا؟ ٹینکوں کے ساتھ غزہ شہر کے وسط میں داخل ہوتی ہے۔ رپورٹ کے ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ نے پہلی بار غزہ پر اسرائیلی جارحیت کو نسل کشی قرار دیدیا

اعلیٰ اسرائیلی حکام بشمول نیتن یاہو نے اس نسل کشی پر زور دیا اور حمایت کی، رپورٹ

نیو یارک (م ڈ) اقوام متحدہ نے پہلی بار غزہ پر اسرائیل کی جارحیت کو نسل کشی قرار دے دیا۔ اقوام متحدہ انکوائری کمیشن نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ اسرائیل غزہ میں نسل کشی کر رہا ہے اور اعلیٰ اسرائیلی حکام بشمول وزیراعظم نیتن یاہو نے اس نسل کشی پر ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

اخباری ہاکرز کی حالت زار: حکومتی وعدوں کی تکمیل کب ہوگی؟

تحریر: عامر معان

ہیں ہر حکومت جب نئی نئی آتی ہے تو اخبار فروشوں کے مسائل کے حل کے بلند و بانگ دعوے کرتی ہے مگر اپنے وعدوں کو عملی جامہ نہیں پہنا پاتی۔ اسی لئے ہاکرز کی حالت زار دن بدن خستہ ہوتی جارہی ہے۔ ایک ایسے دور میں جہاں الیکٹرانک اور سوشل میڈیا اخبارات کی سرکولیشن پر بری طرح حملہ آور ہو چکے ہیں۔ یہ ہاکرز شب و روز کی انتھک تگ و دو کر کے اپنے بچوں کو رزق حلال کھلانے کی جدوجہد میں مصروف ہیں۔ یہ حکومت سے زیادہ کچھ نہیں مانگتے صرف ان وعدوں کی تکمیل کے منتظر ہیں جو ہر حکومت یا تو آنے سے پہلے دہراتی ہے یا پھر جانے کے بعد۔ ابھی پچھلے دنوں فرانس سے آئی اس خبر نے پورے سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی ہے، کہ کیسے ایک پاکستانی نژاد ہاکر کو جس نے 50 سال اخبار بیچنے میں گزارے ایوارڈ کا مستحق گردانا گیا۔ پیرس کی سڑکوں پر 50 سال سے زائد عرصے سے اخبارات فروخت کرنے والے پاکستانی اخبار فروش علی اکبر کو فرانس کا اعلیٰ ترین شہری اعزاز، لیجن آف آنر دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ یہ روشن خیال معاشروں کا وہ روشن چہرہ ہے جس پر سب کو عمل کرنا چاہیئے۔ اس نازک دور میں جب کہ اخبارات کی سرکولیشن کم ہونے کی وجہ سے ہاکرز کی آمدنی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ وہ اپنے اخراجات پورے کرنے، اور معقول ذریعہ آمدن کے لئے حکومت سے اپنی قابلیت کے مطابق نوکری کے اس وعدے کی تکمیل چاہتے ہیں، جو ان سے کیا تو ضرور گیا ہے مگر کبھی اس پر عمل ممکن نہیں ہو سکا ہے۔ اس وعدے کی تکمیل سے بہت سے گھروں میں تنگی سے نجات مل سکے گی، اور بہت سی دعائیں حکومت کے حصے میں آئیں گی۔ ایک اور وعدہ جو عرصہ 50 سال سے زائد اب تک حل ہونے کا متلاشی ہے، وہ ہے ہاکرز کے لئے رہائشی پلاٹ الاٹ کرنے کا وعدہ۔ اس وعدے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ہاکرز نمائندگان نے ہر حکومت کے ایوانوں تک پہنچ کر اس جانب توجہ مبذول کروانے کی پوری کوشش ضرور کی ہے، لیکن دیگر وعدوں کی طرح یہ وعدہ بھی اب تک عملی

روٹی کپڑا اور مکان۔ یہ وہ تین وعدے ہیں جو ہر سیاسی جماعت الیکشن سے پہلے عوام سے کرتی ہے اور پھر جب اقتدار میں آتی ہے تو یکسر اپنے وعدوں کو بھول جاتی ہے۔ بلوچستان میں اخباری صنعت ایک بڑی صنعت ہے جس کے ایک اہم ترین ستون کے طور پر ہاکرز برادری کام کر رہی ہے مگر وائے افسوس کہ ہر گزرتے دن کے ساتھ اس طبقے کے مسائل اور مشکلات بڑھتی چلی جارہی

اقدامات کا انتظار ہی کر رہا ہے۔ اخبارات کے لئے قائم کی گئی اخبار مارکیٹ جہاں سے پاکستان بھر سے آئے اخبارات شہر میں تقسیم کے لئے ہاکرز اٹھاتے ہیں، ایک مدت سے توجہ کی منتظر نظر آتی ہے۔ عمارت کی اڑتی رنگت تاحال دوبارہ بحالی کی منتظر ہے۔ اور اس عمارت کی بحالی پر ہونے والے اخراجات کی مد میں تعاون کرنے کے وعدے ایفائے عہد کے منتظر ہیں۔ اخبار مارکیٹ کے یوٹیلیٹی بلز کی ادائیگی کے لئے حکومت کے دروازے کئی بار کھٹکھٹانے پر بھی صرف وعدے ہی اب تک مل سکے ہیں۔ گورنر جسٹس امیر الملک مینگل اور ہاکرز یونین کی کاوشوں سے کافی عرصہ پہلے جاری کردہ ہاکرز بہبود فنڈ اس مہنگائی کے دور میں مزید اضافے کا متقاضی ہے، تاکہ موجودہ دور کی گرانی سے نبرد آزما ہاکرز اس فنڈ کے ذریعے اپنی مشکلات میں کچھ راحت محسوس کر سکیں۔ ہمارا علم میں یہ بات ہے کہ علم کا حصول معاشرے میں آگاہی کی شمع روشن کرتا ہے۔ اس کے حصول کے لئے درسی کتب کیساتھ ساتھ دنیا کے بہترین لکھاریوں کی کتب سے استفادہ حاصل کرنا بھی ضروری ہے۔ عالمی واقعات سے واقفیت کے لئے میگزینز کا حصول بھی ضروری ہے، لیکن اگر ان پروانوں کے لئے جلتے وہ چراغ ہی بجھا دیئے جائیں تو معاشرے میں کتاب دوستی کلچر کیسے فروغ پائے گا؟ میزان چوک کے بک اسٹالز کے بعد پرنس روڈ کے بک اسٹالز بھی زمیں بوس کر دیئے گئے ہیں۔ اس حکومتی وعدے کیساتھ کہ متبادل جگہ دے کر قارئین کا کتاب سے رشتہ برقرار رکھا جائے گا، لیکن تاحال یہ رشتہ کچے دھاگے سے بندھا ہوا ہے، ایک ایسے وعدے سے بندھا ہوا ہے جو تاحال پورا نہیں ہوا ہے۔ ان بک اسٹالز کی بحالی کے وعدے کی تکمیل سے معاشرے میں بجھتے چراغ دوبارہ روشن ہو پائیں گے اور علم کے پروانوں کے لئے حصول علم اور آگہی کے دروازے پوری آب و تاب کیساتھ دوبارہ وا ہو سکیں گے۔

موجودہ حکومت عوام دوست حکومت ہے، اور امید ہے کہ وہ ان وعدوں کی فائل پر پڑی دھول صاف کر کے وہ اقدامات ضرور کرے گی جن کے پورا ہونے سے معاشرے کے یہ روشن کردار ہاکرز رزق حلال کے حصول میں مکمل جانفشانی سے اپنا کردار ادا کرتے رہیں۔ یہ صرف چند لوگوں کا روزگار نہیں ہے یہ ہر شہری تک دنیا کی خبروں سے آگہی، کتب بینی کے شوق میں اضافے اور شعور کے دروازے کھولنے کی عملی کاوش ہے۔ ان زندہ کرداروں کی عظمت کو اس سے بہتر خراج تحسین نہیں ہو سکتا کہ ان سے کئے گئے وعدے جلد از جلد پورے کئے جائیں۔

اوسی لیٹی تحصیل ناناصاحب کی تقریب حلف برداری 20 ستمبر کو ہوگی

کوئٹہ (پ ر) اوسی لیٹی تحصیل ناناصاحب وی کی حلف برداری 20 ستمبر کو تحصیل ناناصاحب اسماعیل آباد میں ہوگی۔ اوسی لیٹی تحصیل ناناصاحب کے ترجمان اور سیکریٹری اطلاعات نعت کاکڑ نے کہا ہے کہ تحصیل ناناصاحب کے غیور عوام اس پر وقار تقریب میں ضرور شرکت کریں انہوں نے کہا کہ اس پروگرام میں علاقائی و قبائلی مشران اور اعلیٰ افسران کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔ عوام الناس سے شرکت کی اپیل ہے۔

لوکل سرٹیفکیٹ کی منسوخی

مستونگ (خ ن) ڈپٹی کمشنر مستونگ کے ایک حکم نامے کے مطابق فرخ دختر حاجی عبدالحئی قوم نورزئی سکنہ برکاتحصیل وضلع مستونگ کا لوکل سرٹیفکیٹ ان کی اپنی درخواست پر منسوخ کر دیا گیا ہے۔

سریاب میں نجی کلینک کو سنگین خلاف ورزیوں پر جرمانہ

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی جانب سے کوئٹہ کے سریاب روڈ پر جعلی ڈاکٹروں اور غیر قانونی صحت کے مراکز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے ڈاکٹر بسم اللہ خان کے مطابق کارروائی کے دوران ایک کلینک پر سنگین خلاف ورزیوں پر جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ ایک کلینک اور ایک لیبارٹری کو باضابطہ طور پر وارننگ جاری کرتے ہوئے فوری طور پر کمیشن میں رجسٹریشن کی ہدایت دی گئی۔ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن جعلی ڈاکٹروں کے خلاف اپنے مشن کو جاری رکھے گا تاکہ عوام کو محفوظ اور معیاری علاج کی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ کمیشن نے واضح کیا کہ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ 2019 کے تحت مریضوں کے حقوق کا تحفظ، صحت کے مراکز کی نگرانی اور صوبے بھر میں خدمات کے معیار کو بہتر بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

الاٹمنٹ کمیٹیوں میں مائننگ ایسوسی ایشن کو نمائندگی دی جائے، پی ٹی آئی

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے سینئر رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر واعیس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، بشیر احمد، فہیم جمال، توقیر بھٹی، ارشد اچکزئی، امین آغا، ضیا الحق، نعمت اللہ، سردار بہلول اور سردار احمد سمیت پارٹی رہنماؤں اپنے بیان میں کہا ہے کہ مائن لائسنس کے لیے عائد نئی شرائط اور کروڑوں کے گوشوارے پر شدید تحفظات ہیں۔ الاٹمنٹ کمیٹیوں میں مائننگ ایسوسی ایشن کی نمائندگی بحال کی جائے تاکہ لوکل مائن اونرز کو اعتماد میں لیا جاسکے۔ صوبے میں ایک ہی شعبہ بچا تھا لیکن اس کا بھی بیڑہ غرق کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہونا تو یہ چاہیے کہ جن علاقوں میں معدنیات موجود ہیں وہاں کے مقامی افراد کے ساتھ بیٹھ کر پالیسیاں بنائی جائیں تاکہ عوام کو احساس ہو کہ سب کچھ انہی کا ہے، جس سے صوبے میں امن و روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ مگر یہاں گنگا الٹی بہہ رہی ہے۔ مائننگ ایسوسی ایشن کی نمائندگی بھی کمیٹیوں سے ختم کر دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کسی بھی غلط منصوبہ بندی کا حصہ نہیں بنے گی اور عوامی حقوق کے خلاف کوئی اقدام برداشت نہیں کرے گی۔

اریگیشن حکام ڈیمز کی معیاری تعمیر یقینی بنائیں، ڈی سی کوئٹہ

ٹیم ڈیموں کے تعمیری کام کا وقتاً فوقتاً معائنہ کر رہی ہے، ایگزیکٹو انجینئر اریگیشن

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی سے منگل کو ایگزیکٹو انجینئر اریگیشن کوئٹہ ڈویژن نور محمد مندوخیل نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران محکمہ اریگیشن کے کوئٹہ میں ڈیموں پر جاری ترقیاتی کاموں سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ کوئٹہ شہر اور ڈویژن میں زیر تعمیر ڈیمز کو اپنے مقررہ وقت کے اندر اندر مکمل کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ڈیموں کی تعمیر معیار کے مطابق ہو۔ ایگزیکٹو انجینئر اریگیشن کوئٹہ ڈویژن نور محمد مندوخیل نے بتایا کہ وہ خود اور انکی ٹیم زیر تعمیر ڈیموں کا وقتاً فوقتاً معائنہ کر رہی ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جارہا ہے کہ ڈیمز کی تعمیر میں ناقص میٹریل استعمال نہ ہو۔

حکومت گرین بسوں کی تعداد میں فوری اضافہ کرے، مرکزی مسلم لیگ

درجنوں لوکل بسوں کو بند کرکے چند گرین بسیں چلائی جارہی ہیں، حافظ ادریس ودیگر

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی مسلم لیگ کے رہنما حافظ ادریس اور میر شکر خان رئیسانی نے کہا ہے کہ حکومت کا گرین بسوں کا اقدام عوام کے لیے نعمت کی بجائے زحمت بن رہا ہے۔ حکومت درجنوں لوکل بسوں کو بند کرکے وہاں چند ایک گرین بسیں چلا رہی ہے جس سے عوام متاثر ہو رہے ہیں۔ حکومت گرین بسوں کی تعداد بڑھائے یا لوکل بسوں کو بحال کرے، لوکل سفر کرنے والے عوام کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ لوکل بسوں کے ساتھ ہزاروں لوگوں کا روزگار بھی وابستہ ہے۔ بلوچستان یونیورسٹی، گورنمنٹ ڈگری کالج، کالج آف ٹیکنیکل، گورنمنٹ پولی گرلز کالج، گورنمنٹ ڈگری گرلز کالج اور بہت سے سرکاری دفاتر کے ملازمین اور ان میں جانے والے عوام اس فیصلے سے شدید متاثر ہیں۔ حکومت اور ضلعی انتظامیہ اپنے اس فیصلے پر نظر ثانی کرے اور کوئٹہ کے عوام کی حالت زار پر رحم کرے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ ٹیک کے بندش کے حوالے سے ویلڈرز سکول کے انتظامیہ کیساتھ اجلاس کررہے ہیں

فورسز کے شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائینگی، مسلم لیگ ن

دہشتگردی کے خلاف فورسز افسران و اہلکار اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں، چوہدری نعیم کریم

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے بلوچستان کے ضلع کیچ میں دہشتگردوں کے حملے میں کیپٹن سمیت 5 جوانوں اور خیبر پختونخوا میں فورسز کے فتنۃ الہندوستان کے خلاف جاری آپریشن میں 12 جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ اور سرحدوں کے دفاع کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء ہمارے قومی ہیروز ہیں جن کی قربانیاں انشاء اللہ رائیگاں نہیں جائیں گی۔

گرین بس ڈرائیور واقعہ سے کوئی تعلق نہیں، متحدہ لوکل بس ایسوسی ایشن

ڈرائیور کو زدوکوب کرنے اور سنگین نتائج کی دھمکیوں کی بات میں کوئی صداقت نہیں، حاجی اختر ودیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) متحدہ لوکل بس ایسوسی ایشن کے صدر حاجی اختر جان کاکڑ، شیر احمد بلوچ، بکری سعید، شفیع محمد لہڑی اور بلند خان شاہوانی نے گزشتہ روز زرغون روڈ پر گرین بس ڈرائیور کے ساتھ پیش آنے والے واقعہ کو لوکل بس والوں سے جوڑنے کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ 22 ماہ سے چلنے والی گرین بسوں کے حوالے سے ہماری جانب سے کوئی شکایت نہیں آئی حالانکہ ہماری 20 سے زائد لوکل بسیں بند ہیں اور ہم نے اپنے حقوق کے حصول اور مسائل کے حل کیلئے عدالت سمیت حکومتی اداروں کے دروازے کھٹکھٹائے ہیں گزشتہ روز گرین بس ڈرائیور کے ساتھ پیش آنے والے واقعہ میں کتنی صداقت ہے یہ موقع پر موجود لوگ بتا سکتے ہیں۔

کوئٹہ، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ایڈیشنل ڈائریکٹر سی اینڈ پی ڈی فاطمہ منور اقرا سکولز ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کے سابق صدر شاکر خان کاکڑ کو اقرا سکولز ایسوسی ایشن کے 25 سکولوں کی این او سی دے رہے ہیں

ڈائریکٹوریٹ آف نرسنگ نے بی ایس پروگرام کا امتحانی شیڈول تبدیل کر دیا

کوئٹہ (یو این اے) ڈائریکٹوریٹ آف نرسنگ بلوچستان نے بی ایس نرسنگ پروگرام کے پہلے اور دوسرے بیچ کے سمسٹر امتحانات کا شیڈول دوبارہ جاری کر دیا ہے۔ اعلان کے مطابق پہلا بیچ (سیشن 2021-25) کے امتحانات کا شیڈول تبدیل کر دیا گیا ہے، جبکہ دوسرا بیچ (سیشن 2022-26) کے امتحانات پہلے دیئے گئے عارضی شیڈول کے مطابق ہی ہوں گے۔ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے طلباء وطالبات کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مکمل تیاری کے ساتھ امتحانات میں شریک ہوں اور اپنے کریڈٹ آورز بروقت مکمل کریں۔

طلباء وطالبات کیلئے گرین بسوں کا کرایہ نصف مقرر کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں مقامی بسوں کی ہڑتال اور بندش نے شہریوں خصوصاً طلباء وطالبات کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ پبلک ٹرانسپورٹ کی غیر موجودگی میں طلبہ کو روزانہ کئی کلومیٹر کا سفر پیدل طے کرنا پڑ رہا ہے، جس سے ان کی تعلیم کیساتھ صحت پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ سائنس کالج کوئٹہ کے طلباء نے شکایت کی ہے کہ وہ روزانہ پیدل کالج آتے جاتے ہیں، جس سے نہ صرف وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ گرمی اور جسمانی تھکن کی وجہ سے شدید پریشانی کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ طلبا نے کہا کہ سرکاری بسیں بھی راستے میں انہیں دیکھ کر نہیں اٹھاتیں، جس سے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔ طلباء نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، میر لیاقت علی لہڑی اور بخت محمد کاکڑ سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر مقامی بسوں کے مسئلے کو حل کر کے طلباء وطالبات کو سہولت فراہم کریں اور سرکاری بسوں کو طلباء کو بٹھانے کا پابند کریں تاکہ وہ بروقت تعلیمی اداروں اور گھروں تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ حکام گرین بس سروس کا کرایہ طلباء وطالبات کیلئے نصف مقرر کریں تاکہ وہ باعزت طریقے سے سفر کر سکیں۔

طلبا کے اتحاد اور یکجہتی کیلئے تعاون کو فروغ دیا جائے گا، طلباء تنظیمیں

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ سٹوڈنٹس فیڈریشن کے ایک وفد نے مرکزی صدر منظور حنان کی سربراہی میں بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے سیکرٹری جنرل صمد بلوچ ودیگر سے یونیورسٹی آف بلوچستان میں ملاقات کی۔ دونوں تنظیموں کے نمائندوں نے طلبہ برادری کو درپیش مسائل، باہمی روابط اور مستقبل میں مشترکہ سرگرمیوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر ایچ ایس ایف کے وفد نے سانحہ 2 ستمبر پر تعزیت کا اظہار کیا اور اس افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ دونوں تنظیموں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ طلبہ برادری کے اتحاد، یکجہتی اور تعلیمی و سماجی فلاح کے لیے باہمی تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا اور نفرت، تعصب اور تعلیم دشمن قوتوں کے خلاف یک زبان ہو کر طلبہ کے درمیان رواداری، بھائی چارے اور امن کے پیغام کو عام کیا جائے گا۔ وفد میں جنرل سیکرٹری مرتضیٰ سلطان، مرکزی سیکرٹری فنانس ذاکر چنگیزی، رکن مرکزی کمیٹی عصمت اللہ، ہزارہ ٹاؤن زونل یونٹ کے صدر ہمایوں ہزارہ اور سیکرٹری محمد ندیم بھی موجود تھے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق سپیکر صوبائی اسمبلی سید مطیع اللہ ملاقات کررہے ہیں

والدین، بھائی اور بہنوئی کی رہائی کیلئے اقدامات کیے جائیں، عمر جان درانی

بلاجواز ہمارے گھر پر چھاپوں کے دوران اختیارات کا ناجائز استعمال کیا جارہا ہے، موسیٰ جان ودیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے قلی قمرانی کے رہائشی عمر جان درانی، موسیٰ جان اور شیر جان نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ہمارے والدین، بھائی اور بہنوئی کو سرکاری اہلکاروں کی جانب سے بلاجواز گھر سے لے جانے کا نوٹس لیتے ہوئے ان کی رہائی کے لئے کردار ادا کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں خواتین اور بچوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ شب سرکاری اہلکار گزشتہ شب ہمارے گھر قمرانی روڈ سے میرے والد شاہ زمان اور والدہ بخت نافہ کو جبکہ اس سے قبل میرے بھائی اور بہنوئی کو بھی افغان باشندوں کے شبے میں اٹھا لے گئے ہیں حالانکہ ہم پاکستانی ہیں اور ہمارا ایک بھائی بھی بلوچستان پولیس میں ہے اس کے باوجود ہمیں بلاجواز طور پر گھر پر چھاپے مار کر تنگ کیا جارہا ہے اور چھاپوں کے دوران گھر سے زیورات، نقدی اور دیگر قیمتی سامان بھی ساتھ لے گئے ہیں کارروائیوں میں اختیارات کا ناجائز استعمال کیا جارہا ہے تاحال ہماری کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہم بھی اس ملک کے باشندے ہیں انہوں نے الزام عائد کیا کہ یہ تمام کارروائیاں ہمارے خلاف اس وقت شروع کی گئیں جب ہم نے اپنی بڑی بہن سے ملاقات کی خواہش کی جو کہ نعمت اللہ کی سوتیلی ماں ہے شوہر کے انتقال اور عدت پوری ہونے کے بعد بہن سے ملاقات کیلئے گئے ہمیں ملاقات نہیں کرنے دی گئی ہمیں معلوم نہیں کہ ہماری بہن کس حال میں ہے اگر انہیں کچھ ہوا ہے تو ہمیں بتایا جائے اس حوالے سے ان کے رشتہ داروں کو بھی آگاہ کیا لیکن ہمیں جواب میں دھونس دھمکیوں اور چھاپوں کے ذریعے ڈرایا دھمکایا جارہا ہے اور ہمارے خاندان والوں کو افغانستان ڈی پورٹ کرایا وہاں افغان حکومت نے ہمیں پاکستانی ہونے کے ناطے والدین کے راستے واپس بھیج دیا اور ہماری شناختی دستاویزات بھی بلاک کردی گئیں۔

کوئٹہ کے رہائشی عمر جان، شیر جان، موسیٰ جان ودیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

سپرنٹنڈ سب ڈویژن کیسکو میں ہڑتال کی سخت مذمت کرتے ہیں، ترجمان لیبر فرنٹ

ٹرانسفر مافیا انتظامیہ کے کندھوں پر کرپشن، کمیشن، کا کاروبار کرتا ہے جو ناقابل برداشت ہو چکا ہے

کوئٹہ (پ ر) یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کیسکو بلوچستان کے ترجمان نے 16 ستمبر کو سپرنٹنڈ سب ڈویژن میں لیبر فرنٹ کے قیادت کیخلاف ٹرانسفر مافیا کے طرف سے ہڑتال کرکے مزدوروں کو کام سے روکے رکھنے اور دفتری اوقات میں نعرے بازی کرنے اور ادارے کو کروڑوں روپے نقصان دینے کی شدید مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ ٹریڈ یونین کی تاریخ میں کوئی ایسی مثال نہیں ملتی کہ ٹریڈ یونین رہنما آفیسرز کے ٹرانسفر کیخلاف مزدوروں کے پیسوں سے مزدوروں کی عدالت میں کیس دائر کریں اور مزدوروں کو ٹرانسفر کے آگے خلاف FIR درج کریں بلکہ حیران کن بات یہ ہے کہ ٹرانسفر مافیا نے تو اب سرعام آفیسرز کیلئے لڑنا شروع کر دیا ہے اور مزدوروں کیخلاف ہڑتال اور تالہ بندی کرکے ٹھیکیداری کے عمل کا جواز فراہم کر دیا ہے اس مافیا نے ہمیشہ مزدوروں کو مزدوروں سے دست و گریبان ہونے کا درس دیا ہے اس مافیا نے اپنے مفادات اور دھندوں کے تحفظ کیلئے ہمیشہ ادارے کو بند کیا ہے اور انتظامیہ کو بلیک میل کرکے اپنے ناجائز دھندے زبردستی جاری رکھے ہیں۔

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی مستونگ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

ATC کیس نمبر 21/2025 FIR نمبر 52/2024 سرکار بنام: ترجمان بی این اے عطرگ بلوچ وغیرہ CTD کوئٹہ

OFFENCE UNDER SECTION 11F (1) (2) 11N,11J,21i ,120 ATA 353,186,324,3,4 Explosive Act 1908

مسمی عطرگ بلوچ ترجمان بی این اے جرم بالا کا مرتکب ہوئے ہیں یا اس پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بعلیحدہ نالش جاری ہوا ہے کہ مسمی مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتا اور بر گاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہوگیا ہے یا اس نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی 8 اکتوبر 2025ء کو عدالت انسداد دہشتگردی بمقام مستونگ میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی مستونگ

PRQ No1311/16-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

جبری گمشدگیاں ماورائے آئین وانسانی حقوق کیخلاف ہیں، مقررین

لاپتہ کئے گئے افراد پر کوئی جرم ہے تو انہیں عدالتوں میں پیش کیا جائے، نصراللہ بلوچ ودیگر

وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز اور جبری لاپتہ افراد کے لواحقین کا پریس کلب کے سامنے احتجاج

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز اور جبری گمشدہ صغیر احمد اور اقرار بلوچ کے لواحقین کی جانب سے ان کی بحفاظت بازیابی کیلئے نصراللہ بلوچ اور دیگر کی قیادت میں منگل کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے لاپتہ افراد کی تصاویر اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر ان کی بازیابی کیلئے نعرے درج تھے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ صغیر احمد اور اقرار کو امسال 11 جون کو اور مارچ پوسٹ سے لاپتہ کیا گیا جن کے بارے میں تاحال کوئی اطلاعات نہیں محمود لانگو، نعمت اللہ بلوچ، جاوید بلوچ، غنی بلوچ کے لواحقین، نصراللہ بلوچ، صغیر احمد کی بہن اور اقرار بلوچ کی کزن نسیمہ بلوچ نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جبری گمشدگیاں ماورائے قانون ہیں جو انسانی حقوق کی بھی خلاف ورزی ہے، انہوں نے کہا کہ اب تک ہزاروں بلوچ افراد لاپتہ کئے گئے، لواحقین کو ان کے بارے میں کوئی معلومات نہیں۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ لوگوں کو انصاف دے، قانونی اور آئینی راستہ اختیار کرے، جن بلوچ افراد کو اٹھایا گیا ہے، اگر ان پر کوئی جرم ہے تو ملکی عدالتوں میں انہیں پیش کیا جائے۔

انتقال پر ملال

سجاد زیب محمد حسنی کی بھاوج انتقال کر گئیں

خضدار (آن لائن) پیپلز پارٹی خضدار کے سابق صدر سجاد زیب محمد حسنی کی بھاوج کا انتقال کر گئیں وہ محمد رمضان محمد حسنی کی اہلیہ اور محمد اعظم کی والدہ تھیں۔ تجہیز و تدفین خضدار کے مقامی قبرستان میں کردی گئی۔ جبکہ فاتحہ خوانی کا سلسلہ علی ہسپتال کے مین گیٹ کے بالمقابل مکان میں جاری ہے۔

ٹرانسپورٹر حاجی داد محمد اچکزئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (یو این اے) ٹرانسپورٹ انڈسٹری کی ممتاز اور معروف شخصیت حاجی داد محمد اچکزئی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم گزشتہ کئی دنوں سے کراچی کے ایک نجی ہسپتال میں زیر علاج تھے، جہاں وہ جانبر نہ ہوسکے۔

حاجی مراد خان کی والدہ انتقال کر گئیں

کوئٹہ (پ ر) حاجی مراد خان اور فقیر محمد خوندئی کی والدہ انتقال کر گئیں وہ فضل الرحمان خوندئی کی نانی تھیں۔ مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی حاجی قیوم آغا مسجد محمد خیر روڈ ہزارہ برمہ پشتون آباد میں ہوگی، دریں اثناء خوندئی قومی تحریک کے سربراہ سید محمد حنیف خوندئی نے تعزیت کی ہے۔

محمد اسحاق عمرانی انتقال کر گئے

قلات (آن لائن) محمد اسحاق عمرانی انتقال کر گئے وہ مرحوم حاجی محمد اکبر عمرانی کے فرزند پیپلز پارٹی قلات کے رہنما الٰہی بخش عمرانی محمد اکرم عمرانی محمد اسلم عمرانی حاجی جاوید عمرانی کے بھائی، بی این پی قلات کے شہید میر علی اکبر عمرانی غلام حیدر عمرانی محمد رفیق عمرانی کے بھتیجے میر آصف عمرانی محمد انور عمرانی اسد عمرانی صدام عمرانی اور امداد بلوچ کے کزن تھے۔ فاتحہ خوانی نیل عمرانی ہاؤس میں جاری ہے۔

بشیر احمد تاسوال کی صاحبزادی انتقال کر گئیں

پشین (آن لائن) پشتونخوا میپ پشین کے ضلعی معاون سیکرٹری بشیر احمد تاسوال کی جواں سال صاحبزادی عقیلہ پشتون انتقال کر گئیں۔ مرحومہ پشتونخوا میپ کے صوبائی اطلاعات سیکرٹری نصیر ننگیال، منظور احمد، جمیل کامران، قاری منیر احمد، شبیر خان، سعید احمد کی بھتیجی نیبر بینک کے منیجر رحمت کاکڑ اور ہدایت کاکڑ کی بھانجی تھیں۔ مرحومہ کی فاتحہ خوانی پشین محمد زین کاونی گل لوان کی مسجد میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوا میپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، عمر خان ترین ودیگر نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

افغانستان واپس جانے والوں کو کرایوں میں خصوصی رعایت کی جائے، نور محمد شاہوانی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے تمام ٹرانسپورٹرز حضرات ٹرک مزدا ٹرالر کنٹینر مالکان ڈرائیوران حضرات سے پرزور اپیل کی جاتی ہے کہ برائے مہربانی کر کے انسانیت اور مسلمانی کو مدنظر رکھتے ہوئے افغانستان کے لیے گھریلو سامان میں زیادہ منافع نہ کمایا جائے اور خاص کر گھریلو سامان کے لیے کرایوں میں خصوصی کمی کی جائے اور مناسب کرایہ پر گھریلو سامان کو لوڈ کیا جائے یہ انسانیت اور مسلمانی کا تقاضا ہے جو کہ امت مسلمہ پر فرض ہے لہٰذا مہربانی فرما کر کرایہ کم کر کے مناسب کرایہ پر سامان لے جائے گھریلو تاکہ راستے میں کسی قسم کا تکلیف نہ پہنچے اور گاڑیوں کو جلد سے جلد خالی کر کے دوبارہ لوڈ کیا جائے۔

پاکستان میں جمہوریت محض کاغذی حیثیت رکھتی ہے۔ حافظ منیر حسین

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رہنما حافظ منیر حسین احمد نے کہا ہے کہ پاکستان میں جمہوریت تاحال نامکمل اور محض کاغذی حیثیت رکھتی ہے، پاکستان کی تاریخ آمریت کے سائے تلے گزری ہے، جنرل ایوب خان سے پرویز مشرف تک براہ راست آمریت اور پس پردہ اسٹیبلشمنٹ کے کردار نے جمہوری عمل کو شدید نقصان پہنچایا، بلوچستان میں امن کے قیام اور جمہوریت کی بحالی سمیت حقوق کے لیے جمہوریت پسند قوتوں کو متحد اور فکر مشترک کے جدوجہد کرنا ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق وفاقی وزیر سردار فتح محمد محمد حسنی سے ہمشیرہ کی وفات پر تعزیت کے موقع پر گفتگو اور جمہوریت کے عالمی دن پر اپنے جاری ایک بیان میں کیا، اس موقع پر بی این پی کے مرکزی رہنما عبدالواحد بلوچ، حافظ زبیر احمد، حافظ محمود احمد، ظفر حسین بلوچ، سعید احمد، عبید اللہ اور دیگر بھی موجود تھے۔

وڈیرہ حاجی کریم بخش بارانی بلوچ کی وفات پر تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی بیان میں وڈیرہ حاجی کریم بخش بارانی بلوچ کی وفات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پارٹی قیادت اور تمام کارکن افسردہ ہیں۔ مرحوم ایک نیک سیرت، باوقار اور علاقے کے باعزت شخصیت تھے جنہوں نے ہمیشہ قبائلی روایات، مہمان نوازی اور بھائی چارے کو فروغ دیا۔ بیان میں مرحوم کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

TENDER NOTICE

The Executive Engineer (Building) CWPP&H Department District Washuk invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee 500 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Works	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL CIVIL HOSPITAL BASIMA DISTRICT WASHUK PSDP NO 2149(Z2025.0240) TSE-252609858133	29,735,850

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules–2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan RevenueAuthority Registration is required The bidder must have completed 2Assignment of similar nature of work Turnover of at least 20,815,095 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **500 PKR Issuance of Tender Documents:** From the date of publication of NIT to **03October, 2025**during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **03October, 2025 till 11:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **12:00 PM Address:**Executive Engineer Building District Washuk

Executive Engineer Building CWPP&H Department District Washuk

PRQ No.1284/16-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252609858563 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Building District Hub invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000/-and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF PROSECUTION OFFICE RESIDENCE AT HUB DISTRIC HUB	58,037,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 40,625,900 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Three (3)Projects of similar nature and complexity completed must be equal to 50% of the Estimated Cost in last three years. 2% CDR of Estimated cost Green Challan of RS 1000 **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 03 October, 2025till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: Behand Allied Bank Main RCD Road Tehsil Hub District Hub

Phone no: 0336002774 Email: aneelqumber@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER BUILDING CWPP&H DEPARTMENT DISTRICT HUB

PRQ No.1280/16-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252609857063 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Conservaotor of Forest Zhob@ Loralai invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000/-and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF ECO TOURISM CENTER WAM TANGI AREA DISTRICT ZIARAT	40,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 40,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Three (3)Projects of similar nature and complexity completed must be equal to 80% of the Estimated Cost in last three years. (Commencement/ Work Order and Successful Completion Certificates) Credit line 80% of Estimated cost (verified bank certificate) Audit Report 2023,2024,2025 2% CDR of Estimated cost Green Challan of RS 1000 **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 01 October, 2025till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: Office of the Conservator of Forests Loralai Phone no: 0824660691

Conservator of Forest Zhob at Loralai

PRQ No.1287/16-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Roads) CWPP&H Department District Barkhan invites bids from Eligible Bidders for execution of the given below PSDP works for the Year 2025-26 based on Composite schedule rates BCSR-2023 on Percentage Rates. **Tender Fee 1500/-and Bid Security 3%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BT ROAD FROM DADA SHAH MEHMOOD ROAD TO PATRA DAHMAN! AREAAT DISTRICT BARK.HAN. TSE-252609859083	33,169,586

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules-2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria and Evaluation Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents vide the respective TSE Number in the above matrices. **Bidding Procedure: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure** to be applied through EPPS as described in the matrix above vide the respective TSE Number. **Tender Documents:** The NIT & Bidding document may be seen on https://bpptwo.vdc.services:5451/ and to apply online through EPPS web portal of BPPRA. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Guarantee, Deposit at Call** as specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank from owner's own account. **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **2nd October, 2025 till 10:00 AM** through supplier dashboard for Electronic Bids. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **11:00 AM on EPPS,** in the presence of Contractors or their authorized representatives having authority letter in original for the purpose. **Address:** O/O Executive Engineer (Roads) CWPP&H Department Near DC House, Barkhan

Phone no: 0829668503 Email: cwpph.kachhi@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (ROADS) CWPP&H DEPARTMENT DISTRICT BARKHAN

PRQ No.1281/16-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Municipal Corporation Hub invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR & Bid Security 2%

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF MONUMENTS ON CHOWKS OF MAIN RCD ROAD BY PASS CHOWKS, BAZAR CHOWK HUB PSDP NO 3590 (Z2025.0990) TSE-252609856493	48,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission** 30 September, 2025 at 10:00 AM **Tender Opening** at 11:00 AM on same day **Address:** Municipal Corporation, Hub Office.

Phone no: 03333198099 Email: Info.mcorporation@gmail.com

Chief Officer Municipal Corporation Hub

AB No.258/16-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Buildings Cwpp&H Department Saddar Quetta Invites Bids from Eligible Bidders for Execution of Following Work for The Year 2025-26 Based on Composite Schedule Rates 2023 on Percentage Rates. **Earnest Money 3% in Shape of Call Deposit, Tender fee Rs .1000/- and Time limit 12 Months for each work**

S.No.	Name of work	E/Cost
1	Construction of Additional Rooms, Washrooms and Other Missing Facilities at GGMS Rindozai Aghberg Quetta PSDP NO. 5332 Z2025.0600 **TSE-252609855273**	15.00 M
2	PROVISION OF MISSING FACILITIES IN GOVERNMENT GIRLS HIGH SCHOOL KILLI SABZAL, SABZAL ROAD QUETTA PSDP NO. 5270 Z2025.1800 **TSE-252609855213**	13.950 M

The office of the Executive Engineer Buildings Cwpp&H Department Saddar Quetta invites technical proposals of Contractors/firms along with sealed financial proposals **(Single Stage-Two Envelope Bidding Procedure)** for above mentioned work from interested firms / Contractors. All interested bidders are required to submit documents as per following brief in support of their technical/Financial proposal: The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws **BASIC ELIGIBILITY: (a)** The Contractor must have fresh valid Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is C6 (11) , CE09(i) (Sewerage Works), CE10(i) (General Civil Engineering Works) , EE11(i) (Solar). (NTN, Sales tax Department and BRA). **BID SECURITY: The** bid must accompany bid security in the form of call deposit or bank guarantee of amount specified above in the name of the under-signed from a schedule bank **TECHNICAL PROPOSALS** Shall consists of the Following Documents: - **(a).** Name of Firm / Contractor with year of establishment along with postal address and telephone number. **(b)** Name of Technical Supervisory staff / Management Staff along with their qualifications / experience and proof of their stay with the firm, with fresh affidavit as per criteria specified in bidding data. **(c).** 3 No of Projects, similar nature of work completed during last 3 years. (Details should be given as per criteria specified in bidding documents). **(d)** 2 No of Projects similar nature and cost in hand. (Details should be given as per criteria specified in bidding documents) **(e).** Fresh Registration / Clearance from income tax Department and BRA. Original must show on Submission / Opening the technical Proposals. **(f).** Detail Turnover of at least 10,500,000 for Serial # 1 and Rs.9765000 for Serial # 2 for the last (3) three years showing the financial capacity of firm as per criteria specified in the Bidding Documents. **(g).** Under taking on judicial Stam paper that the firm was never black listed / no litigation by any Government / Semi Government Organization, separate for each work. **(h).** It is mandatory that the Contractor must show the original fresh PEC valid registration i.e 2025-26 with Pakistan Engineering Council (PEC) on the time of submission / opening the Technical Proposal. **(i)** Bid Security @ 3 % of bid quoted amount must be in the form of call deposit in favor of the office Name of the under signed from a scheduled bank of Pakistan. **No Cheque will be acceptable. FINANCIAL PROPOSALS** Shall consist of the Following Documents: - (a). Detail BOQ with Quoted Rates in sealed envelope mentioned the name & Title of scheme. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention above on production of green Challan of an amount of above mention work (Non-refundable) in the head of account C02716 Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan or can be downloaded from the Website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk), during working hours, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. **DEADLINES OF SUMBISSION:** Technical and financial proposals from intending contractors/firms sealed in two separates envelopes clearly marked with Work title & type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **01st October, 2025 at 11:00 Hrs. OPENNING:** The envelope containing "**Technical Bids**" will be opened on the same day **01st October, 2025, 2025 at 12:00 Hrs,** before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend. The Second sealed envelope containing "**Financial bids**" of technically responsive / qualified bidders will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the technical bids. **Bids Validity: Ninety (90) days Place:** The place of issuance, submission, inquiries and opening will be - **The office of the Executive Engineer, Buildings CWPP&H Saddar Quetta at spini Road Quetta, office**

Phone No. 081-9213512 .Email Address; xen.building.sadar@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (Buildings) CW PP&H Department Sadder Quetta

PRQ No.1299/16-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

بلوچستان قدرتی طور پر ایکوا کلچر کے فروغ کیلئے نہایت موزوں ہے، بلال خان کاکڑ

یہاں سمندری اور میٹھے پانی کی مچھلیوں کے فارم، جھینگا اور دیگر آبی حیات کی پیداوار کو بین الاقوامی معیار کے مطابق فروغ دیا جا سکتا ہے

سرمایہ کاروں کو چاہئے کہ وہ بلوچستان میں اس شعبے پر خصوصی توجہ دیں، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی کراچی میں وفد سے گفتگو

کراچی (ح ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے طفیل کیمیکلز کے چیئرمین زبیر طفیل نے کراچی میں ملاقات کی۔ اس اہم ملاقات میں جدید آبی زراعت (Aquaculture) کے فروغ اور اس شعبے میں سرمایہ کاری کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان کے سابق وزیر اعلیٰ میر علاؤالدین مری بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقے اور زیرِ زمین آبی وسائل جدید آبی زراعت کے لیے بے پناہ مواقع فراہم کرتے ہیں۔ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان خطے میں ایکوا کلچر کے فروغ کے لیے قدرتی طور پر نہایت موزوں ہے، جہاں سمندری اور میٹھے پانی کی مچھلیوں کے فارم، جھینگا اور دیگر آبی حیات کی پیداوار کو بین الاقوامی معیار کے مطابق فروغ دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرمایہ کاروں کو چاہئے کہ وہ بلوچستان میں اس شعبے پر خصوصی توجہ دیں، کیونکہ اس سے نہ صرف صوبے میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ مقامی معیشت کو بھی تقویت ملے گی۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ مستقبل قریب میں بلوچستان پاکستان کی ایکوا کلچر انڈسٹری کا مرکز بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکار اور کاروباری ادارے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے سنجیدہ دلچسپی رکھتے ہیں اور جدید ٹیکنالوجی اور عالمی تجربات کو بروئے کار لا کر آبی زراعت کے شعبے میں نئی راہیں کھولی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس شعبے کی ترقی نہ صرف مقامی ضروریات پوری کرے گی بلکہ برآمدات میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا۔

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کی افتتاحی تقریب کے موقع پر بہترین کارکردگی پیش کرنے والے اسٹاف کو تعریفی اسناد دے رہے ہیں

ڈی سی گوادر کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ

گوادر (ح ن) ڈپٹی کمشنر گوادر کے دفتر سے جاری ایک اعلامیہ کے مطابق، وہ امیدوار جنہوں نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر کے دفتر کے ذریعے ضلع میں صحت کے خالی آسامیوں کے لیے درخواستیں جمع کرائی ہیں، ان کے ٹیسٹ اور انٹرویوز 25 ستمبر کو ڈپٹی کمشنر آفس گوادر میں منعقد ہوں گے۔

علامہ عزیز الرحمن پلال کا قتل قابل مذمت ہے، مفتی وزیر

تعلیمی و مذہبی اداروں اور علماء و خطباء کی سکیورٹی کیلئے اقدامات ناگزیر ہیں

کوئٹہ (اے این این) تحریک لبیک پاکستان کے مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن اور امیر بلوچستان مفتی وزیر احمد رضوی نے اپنے بیان میں کہا کہ بلوچ آباد حب چوکی میں جامعہ امیر المجاہدین کے مہتمم محترم جناب عزیز الرحمن پلال کو سفاک اور بزدلانہ ٹارگٹ کلنگ کے دوران خون آشام واقعے میں شہید کر دیا گیا۔ یہ سانحہ نہایت افسوسناک، المناک اور پوری انسانیت کے لیے قابل مذمت ہے۔ تحریک لبیک پاکستان اور میں ذاتی طور پر اس بزدلانہ کارروائی کی پرزور مذمت کرتا ہوں۔ ہم شہید کے اہل خانہ، لواحقین، جامعہ کے تلامذہ اور پوری علمی و دینی برادری کے ساتھ دل کی گہرائیوں سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔ ہم حکومت بلوچستان، سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس اور تمام متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں

نصیر آباد: نامعلوم چور 4 کھمبوں کی ایل ٹی تاریں لے اڑے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کے چھتو شوری کے علاقے سے نامعلوم افراد نے بجلی کے چار کھمبوں کے ایل ٹی تاریں کاٹ کر کے لے گئے پورا علاقہ تاریکی میں ڈوب گیا۔ پولیس کے مطابق چھتو شوری پولیس تھانہ کی حدود گوٹھ شاہنواز بھٹو میں نامعلوم افراد نے گزشتہ شب بجلی کے چار کھمبوں کے ایل ٹی تاریں کاٹ کر کے چوری کرکے فرار ہو گئے جس کے باعث پورا علاقہ تاریکی میں ڈوب گیا۔ واقع کی اطلاع پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی گئی۔

آٹا اور چینی کی بڑھتی قیمتیں معیشت کیلئے زہر قاتل ہیں، امان شاہ

روز مرہ استعمال کے اشیاء کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام کیساتھ بدترین ظلم ہے

حکومت اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں توازن لا کر عوام کو مزید مہنگائی سے بچائے

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ چینی اور آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ملکی معیشت کیلئے کسی زہر قاتل سے کم نہیں اور عوام کو بھوک و افلاس کی دلدل میں دھکیلنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دونوں اشیاء ہر گھر کی بنیادی ضرورت ہیں لیکن ان کی بڑھتی قیمتوں نے عام آدمی کی کمر توڑ دی ہے۔ سید امان شاہ نے اپنے بیان میں کہا کہ آج ایک عام شہری کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے۔ مزدور طبقہ اپنی یومیہ آمدنی سے روٹی اور چینی خریدنے کے قابل نہیں رہا۔ حکومت بار بار دعوے تو کرتی ہے مگر عملی اقدامات نہ ہونے کی وجہ سے عوام کو کسی قسم کا ریلیف نہیں مل رہا۔ انہوں نے کہا کہ آٹے اور چینی کے مصنوعی بحران کے پیچھے ذخیرہ اندوز اور منافع خور مافیا شامل ہیں جو عوام کا خون چوس رہے ہیں۔ اگر حکومت نے فوری طور پر اس مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن نہ کیا تو آنے والے دنوں میں حالات مزید سنگین ہو جائیں گے۔ عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی کنوینر نے واضح کیا

انڈسٹریز ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی اور روزگار کا بڑا ذریعہ ہے، سیدال ناصر

موجودہ حکومت اپنے اتحادیوں کے ساتھ مل کر عوام کو روزگار فراہم کرنے اور معیار زندگی بہتر بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے

قائم مقام چیئرمین سینیٹ، سیدال خان ناصر سے FPCCI کے وفد اور اسلام آباد کے صحافیوں نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قائم مقام چیئرمین سینیٹ، سیدال خان سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (FPCCI) کے وفد اور اسلام آباد کے سینئر صحافیوں نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملکی معیشت کو درپیش چیلنجز، صنعت و تجارت کے فروغ، سرمایہ کاری کے مواقع اور صحافت کے مثبت کردار پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر مہمانوں کے اعزاز میں پرتکلف ہائی ٹی کا بھی اہتمام کیا گیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان کی انڈسٹریز ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور ان کے فروغ سے نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوتے ہیں بلکہ عوامی فلاح و بہبود اور خوشحالی کی راہیں بھی کھلتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت اپنے اتحادیوں کے ساتھ مل کر عوام کو روزگار فراہم کرنے اور معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے ایف پی سی سی آئی کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ ملکی معیشت کو مستحکم کرنے اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایوان بالا کی قائمہ کمیٹیاں تاجروں اور صنعت کاروں کی تجاویز کو سنجیدگی سے سنتی ہیں تاکہ بجٹ سازی اور معاشی اصلاحات میں ایسے اقدامات تجویز کیے جا سکیں جو کاروباری برادری اور عوام دونوں کے لیے سود مند ہوں۔ سیدال خان نے کہا کہ پاکستان اس وقت جن معاشی چیلنجز سے گزر رہا ہے اور ان سے نمٹنے کے لیے ضروری ہے کہ حکومت، پارلیمنٹ اور نجی شعبہ باہمی اعتماد اور تعاون کے مضبوط رشتے میں منسلک ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی ترقی کے ثمرات صرف بڑے شہروں تک محدود نہیں رہنے چاہئیں بلکہ پسماندہ اور دور دراز کے علاقوں تک بھی پہنچنے ضروری ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبہ بلوچستان اور دیگر پسماندہ علاقے توانائی، معدنیات، زراعت اور چھوٹی صنعتوں کے قیام کے ذریعے ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو سکتے ہیں۔ ملاقات کے دوران سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ صحافت ریاست کا ایک اہم ستون ہے

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا دورہ آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ کے اختتام پر فاتح ٹیم کے ہمراہ گروپ فوٹو

جیکب آباد: رندواہی نہر میں شگاف، کئی گھر زیر آب

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد کی رندواہی نہر میں شگاف، کئی گھر زیر آب، متاثرین کا احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے بولان محلہ بلال ٹاؤن کے قریب غوثیہ کالونی کے مقام پر رندواہی نہر میں شگاف پڑنے سے قریبی علاقے پانی میں ڈوب گئے اور کئی گھروں میں پانی داخل ہو گیا، متاثرہ خاندان اپنی مدد آپ کے تحت شگاف کو پر کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں جبکہ اطلاع کے باوجود محکمہ آبپاشی کا عملہ تاحال موقع پر نہیں پہنچا۔ غوثیہ کالونی کے رہائشیوں نے نصیر کھوسو، سجاد لاشاری، علی شیر کورائی، شمن ابڑو، عبدالغفار

کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد سے نیا ٹیلنٹ ابھر کر سامنے آ رہا ہے، بخت محمد کاکڑ

صوبائی حکومت کھیلوں کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے جس کا واضح ثبوت آل پاکستان فٹ بال اور کرکٹ ٹورنامنٹ ہیں

کوشش ہے کہ نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ زیادہ سے زیادہ کھیلوں کے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی فٹنس کو برقرار رکھ سکیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت صوبے میں کھیلوں کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے جس کا واضح ثبوت آل پاکستان فٹ بال اور کرکٹ ٹورنامنٹ کے علاوہ صوبائی سطح پر کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد ہے، صوبے میں کھیلوں کے انعقاد سے نوجوانوں میں ٹیلنٹ ابھر کر سامنے آ رہا ہے یہ بات انہوں نے آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل کے موقع پر کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر سیکرٹری سپورٹس درا بلوچ اور ڈی جی سپورٹس یاسر بازئی سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ ڈسٹرکٹ کوئٹہ اور گورنر الیون کے درمیان کھیلا گیا جو ایک دلچسپ مقابلے کے بعد ڈسٹرکٹ کوئٹہ نے جیت لیا۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ زیادہ سے زیادہ کھیلوں کے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی فٹنس کو برقرار رکھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں چاروں صوبوں سے ٹیموں نے حصہ لیا ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد سے صوبے کا سوفٹ امیج دنیا میں گیا ہے کہ بلوچستان کے لوگ سپورٹس سے محبت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کھیلوں کے انعقاد سے گراس روٹ لیول سے کھلاڑی ابھر کر سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر انہیں کھیلوں کے مناسب مواقع فراہم کیے جائیں

UoT ماڈل اسکول کے بورڈ آف ٹرسٹیز کا پہلا اجلاس

اسکول خطے میں معیاری ایلیمنٹری تعلیم کے فروغ کیلئے سنگ میل ہے

تربت (ح ن) یونیورسٹی آف تربت ماڈل اسکول کے بورڈ آف ٹرسٹیز کا پہلا اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی زیر صدارت وائس چانسلر سیکریٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر ڈاکٹر منصور احمد، رجسٹرار گنگزار بلوچ، ڈائریکٹر فنانس شاہ بیگ سید، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ منظور احمد، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خضدار عابد حسین اور ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز اعجاز احمد نے شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز پر اپنے استقبالیہ کلمات میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے یونیورسٹی ماڈل اسکول کو خطے میں معیاری ایلیمنٹری تعلیم کے فروغ کی جانب ایک سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ نہ صرف یونیورسٹی کے ملازمین کے بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کر رہا ہے بلکہ مقامی کمیونٹی کے لیے بھی ایک معتبر اور معیاری تعلیمی درسگاہ کی حیثیت اختیار کر رہا ہے۔ انہوں نے بورڈ ممبران کی بھرپور شرکت اور تعلیمی و انتظامی ڈھانچے کو مزید مستحکم بنانے کے لیے ان کی جانب سے پیش کی گئی مفید تجاویز پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ بورڈ ممبران نے یونیورسٹی کی اس وژن کو سراہا جس کے تحت مستقبل میں مکران ڈویژن کے مختلف اضلاع میں ماڈل اسکول کے مزید کیمپس قائم کر کے اسے ایک جامع تعلیمی نیٹ ورک کی شکل دینے کا منصوبہ ہے۔ اس موقع پر اسکول کی پرنسپل محترمہ ممتاز بشیر نے اسکول کی اب تک کی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ 2022 میں قیام کے بعد سے اسکول تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہے

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کھلی کچہری کے موقع پر عوام کے مسائل براہ راست سن رہے ہیں

پنجگور ایئرپورٹ پر فلائٹ آپریشن چار سال سے بند ہے

علاقے کے عوام کا فضائی سفری سہولت کی بحالی کا مطالبہ

پنجگور (یو این اے) پنجگور ایئرپورٹ سے پی آئی اے کی فلائٹ سروس 2 فروری 2020 سے مکمل طور پر بند ہے، جس کے باعث علاقے کے عوام فضائی سفری سہولت سے محروم ہو گئے ہیں۔ پی آئی اے حکام نے نہ صرف فلائٹ آپریشن معطل کیا بلکہ پنجگور ایئرپورٹ سے تمام اسٹاف اور ساز و سامان بھی دیگر مقامات پر منتقل کر دیا ہے۔ پنجگور ایئرپورٹ کا شمار ملک کے قدیم ترین ایئرپورٹس میں ہوتا ہے، جو قیام پاکستان سے قبل 1940 میں برطانوی دور میں قائم کیا گیا تھا۔ 1965 میں یہاں سے کراچی کے لیے فلائٹ سروس کا آغاز کیا گیا اور 1986 میں رن وے کو اپ گریڈ کر کے پختہ کر دیا گیا۔ اس ایئرپورٹ سے کراچی، کوئٹہ اور تربت کے لیے روزانہ فلائٹس چلتی تھیں، تاہم وقت کے ساتھ فلائٹس میں کمی کر دی گئی اور آخرکار 2020 میں مکمل طور پر سروس بند کر دی گئی۔ علاقے کے عوام نے وزیر اعظم پاکستان، وزارت دفاع اور چیئرمین پی آئی اے سے اپیل کی ہے کہ پنجگور کے عوام کو درپیش مشکلات کے پیش نظر فلائٹ سروس بحال کی جائے تاکہ شہری ایک بار پھر فضائی سفری سہولت سے استفادہ کر سکیں۔

گوادر کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک حادثہ، ایک شخص زخمی

کوئٹہ (این این آئی) گوادر کے علاقے میں کوسٹل ہائی وے پر پک اپ اور کوچ میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہو گیا تفصیلات کے مطابق منگل کو گوادر کے علاقے کوسٹل ہائی وے پر جیونی کنانی کراس کے مقام پر پک اپ اور کوچ میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص شدید زخمی ہو گیا جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا

آئی جی اسلام آباد کا سکیورٹی انتظامات اور خدمت مراکز کا جائزہ

تھانوں میں فراہم کردہ سہولیات کا بھی جائزہ لیا، مزید بہتری لانے کی ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی امن و امان اور شہریوں کی سہولت کیلئے سرگرم عمل۔ آئی جی اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، سکیورٹی انتظامات اور شہریوں کی سہولت کے لئے قائم خدمت مراکز اور تھانہ جات میں فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا اور افسران کو مزید بہتری کیلئے خصوصی احکامات بھی جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد ہوا، جس میں ڈی آئی جی سکیورٹی محمد عتیق طاہر، ڈی آئی جی جنرل ایڈ ڈویلپمنٹ سید عنایت علی شاہ، ایس ایس پی سکیورٹی سمیت دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔ آئی جی اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، سکیورٹی انتظامات اور شہریوں کی سہولت کے لئے قائم خدمت مراکز اور تھانہ جات میں فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا، انہوں نے افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور پرامن ماحول کو یقینی بنانے

کوئٹہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا جائزہ اجلاس متعلقہ حکام کی شرکت

محکمہ تعلیم کے انتظامی و تعلیمی معاملات پر بریفنگ، سیل شدہ افغان اسکولوں کی صورتحال، کنٹریکٹ اساتذہ کی تنخواہوں کے مسائل پر غور

نان فنکشنل اور فنکشنل اسکولوں کی رپورٹس، اساتذہ و نان ٹیچنگ سٹاف کی حاضری اور کارکردگی پر کارروائیاں اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا

کوئٹہ (ح ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، تمام سب ڈویژنز کے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فیمیل) اور ضلعی انتظامیہ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے مختلف انتظامی و تعلیمی معاملات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں سیل شدہ افغان اسکولوں کی صورتحال، کنٹریکٹ اساتذہ کی تنخواہوں کے مسائل، نان فنکشنل اور فنکشنل اسکولوں کی رپورٹ، اساتذہ و نان ٹیچنگ سٹاف کی حاضری اور کارکردگی شامل تھیں۔ ڈپٹی کمشنر کو غیر حاضر سٹاف کی تنخواہوں کی کٹوتی کی جا رہی ہے جبکہ مسلسل غیر حاضری پر متعلقہ افراد کو شوکاز نوٹسز بھی جاری کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر واضح ہدایات جاری کیں کہ تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور نان ٹیچنگ سٹاف کی حاضری اور تدریسی معیار پر کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ تعلیم بنیادی حق ہے اور ضلعی انتظامیہ اس کے فروغ اور معیار کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایت کی کہ اسکولوں کے دورے باقاعدگی سے کیے جائیں اور غیر حاضر سٹاف کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے تاکہ طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تعلیمی اداروں کی بہتری اور اساتذہ کی کارکردگی کے جائزے کے لیے فیلڈ وزٹ اور مانیٹرنگ سسٹم مزید موثر بنایا جائے گا۔

بلوچستان میں ریلوے کی زمین لینڈ مافیا کے ہاتھوں غیر محفوظ ہے، حاجی محمد زئی اچکزئی

ریلوے کی زمینیں فوج کے حوالہ کی جائیں تاکہ واگزار اور محفوظ رہیں، قبائلی رہنما کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے قبائلی رہنما حاجی محمد زئی اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں ریلوے کی سرکاری اراضی غیر محفوظ ہو چکی ہے اور لینڈ مافیا نے بڑے پیمانے پر قبضے کر رکھے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ سرکاری اراضی پر پلازے، دوکانیں، مارکیٹیں اور رہائشی مکانات تعمیر کیے جا چکے ہیں جو کسی سے پوشیدہ نہیں۔ حاجی محمد زئی نے الزام لگایا کہ ریلوے کے بعض سرکاری افسران معمولی رقوم کے عوض ایکڑوں زمینیں قبضے میں دے دیتے ہیں، جس سے ریلوے کو مالی اور انتظامی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ ان کے بقول اس خدشے کی وجہ سے سرکار کے پاس جہاں جس مقام پر زمین ہونی چاہیے وہ دستیاب نہیں رہتی۔ قبائلی رہنما نے تجویز دی کہ ریلوے کی زمینوں اور نظام کو پاک فوج کے حوالے کر دیا جائے تاکہ زمینیں واگزار کرائی جائیں اور مستقل طور پر محفوظ رکھی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ فوج کے کنٹرول میں آنے سے ریلوے کے سفر کے معیار اور انسداد قبضہ دونوں بہتر ہوں گے۔ حاجی محمد زئی نے حکومت اور متعلقہ محکموں سے مطالبہ کیا

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کوئٹہ میں دودھ اور دہی کی جانچ مہم جاری

عوامی صحت کے تحفظ اور ملاوٹ کے خاتمے کیلئے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں

مہم کے دوران 1330 لیٹر ملاوٹی دودھ اور 350 کلو غیر صحت بخش دہی تلف، 8 دودھ فروشوں اور ایک سپلائر پر جرمانے عائد کئے

کوئٹہ (ح ن) عوامی صحت کے تحفظ اور ملاوٹ کے خاتمے کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کوئٹہ و ملحقہ علاقوں میں دودھ اور دہی کی جانچ پڑتال کی خصوصی مہم جاری ہے۔ مہم کے دوران مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں تاکہ شہریوں تک خالص اور معیاری دودھ کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اس سلسلے میں بلیلی، سملی، کرانی روڈ، بروری اور جان محمد روڈ پر قائم ملک شاپس، سپلائرز اور دودھ بردار گاڑیوں کی انسپکشن کے دوران معیاری اور خالص دودھ کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے سخت چیکنگ کی گئی۔ مہم کے دوران 1330 لیٹر ملاوٹی دودھ اور 350 کلو غیر صحت بخش دہی تلف کر دی گئی، جبکہ 8 دودھ فروشوں اور ایک سپلائر پر قوانین کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ مجموعی طور پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے 23 مراکز اور 31 دودھ بردار گاڑیوں کا معائنہ کیا، جہاں 7320 لیٹر دودھ اور سینکڑوں کلو دہی کے نمونے بی ایف اے کی موبائل لیبارٹری میں ٹیسٹ کیے گئے۔ مہم سے متعلق سیکرٹری خوراک بلوچستان منظر جاوید علی نے کہا ہے کہ عوام کو خالص اور معیاری خوراک کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملاوٹ جیسے سنگین جرم کے مرتکب عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور کسی بھی خلاف ورزی پر فوری اور سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ دودھ اور دہی خریدتے وقت معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کریں اور شکایات کی صورت میں براہ راست بلوچستان فوڈ اتھارٹی سے رابطہ کریں۔ سیکرٹری خوراک کے مطابق ملاوٹ کے خاتمے اور معیاری خوراک کی فراہمی کے لیے مہم تسلسل کے ساتھ جاری رہے گی، اور اس دوران موبائل لیبارٹری ٹیمیں شہر کے مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر دودھ، دہی اور دیگر ڈیری مصنوعات کے معیار کی جانچ کر رہی ہیں۔

بعدالت ڈسٹرکٹ اینڈ ایڈیشنل سیشن جج II سریاب ڈویژن کوئٹہ

مثل نمبر 05/25 آئندہ تاریخ پیشی 25-09-27 محمد خان بنام ولی محمد وغیرہ اشتہار بنام میر حسن ولد علی بخش سکنہ بلدیہ ٹاؤن گلی نمبر 05 مشرقی بائی پاس کوئٹہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہ تعمیل نوٹس سے دیدہ دانستہ طور پر گریزاں ہے اور روپوش ہے لہٰذا اشتہار بنام مذکورہ مسئول علیہ شائع کیا جاتا ہے اگر مذکورہ مسئول علیہ آئندہ تاریخ سماعت محررہ 25-09-27 پر بمقام کوئٹہ حاضر عدالت نہیں ہوگا تو اس کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 15-09-2025 کو بدستخط میرے مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Chiltan

Capital Development Authority
#HumCDA

CAREER OPPORTUNITIES

Capital Development Authority (CDA) invites online applications on a merit basis for the following positions, to be filled on contract basis for a period of two (02) years. Suitable candidates possessing the required qualifications, experience, and within the prescribed age limits as mentioned against each post are encouraged to apply.

S#	NAME OF POST	MINIMUM QUALIFICATION, EXPERIENCE AND OTHER CONDITIONS
1-	DIRECTOR GENERAL (INFORMATION TECHNOLOGY), PPS-10 (01) Post	Master's degree (16 years) in Computer Science / Information Technology / Software Engineering / Management Information Systems or equivalent from an HEC recognized institution. Higher qualification (MS/M. Phil/PhD) in IT/CS or relevant discipline will be preferred. **Experience (Minimum 17 years, including 5 years in senior leadership):** • Experience in IT operations, digital transformation, system development, and project management in reputable public or private sector organizations. • Proven track record in e-Governance, automation, digitization planning, implementation and execution of large scale I.T projects. • Strong knowledge of government processes, I.T infrastructure, emerging technologies, data analytics and stakeholder management. • Extensive experience in large scale Government procurement, PPRA rules compliance, budgeting, cost estimation and financial planning for I.T projects. **Age:- 45 + 5 (50 Years)**
2-	DIRECTOR (INFORMATION TECHNOLOGY), PPS-09 (01) Post	Master's degree (16 years) in Computer Science / Information Technology / Software Engineering / Management Information Systems or equivalent from an HEC recognized institution. Higher qualification (MS/M. Phil/PhD) in IT/CS or relevant discipline will be preferred **Experience (Minimum 12 years, including 5 years in senior leadership):** • Experience in IT operations, digital transformation, system development, and project management in reputable public or private sector organizations. • Proven track record in e-Governance, automation, digitization planning, implementation and execution of large scale I.T. projects. • Strong knowledge of government processes, IT infrastructure, emerging technologies, data analytics and stakeholder management. • Extensive experience in large scale Government procurement, PPRA rules compliance, budgeting, cost estimation and financial planning for I.T projects. **Age:- 40 + 5 (45 Years)**

KEY RESPONSIBILITIES:
- Develop and implement CDA's IT Roadmap for digitization and a fully paperless environment.
- Lead the design, deployment, and management of secure IT infrastructure, networks, and data centers.
- Ensure compliance with Government of Pakistan's IT policies, cyber laws, and digital governance directives.
- Safeguard CDA's systems through robust cybersecurity, data protection, backup, and disaster recovery protocols.
- Oversee the development of mobile applications and citizen-centric digital platforms.
- Direct and monitor in-house development teams for timely delivery of customized software solutions.
- Demonstrated capacity in stakeholder engagement, client management, vendor coordination, and public sector regulatory compliance.
- Drive innovation and automation for improved service delivery and operational efficiency.
- Ensure effective stakeholder coordination with federal/provincial IT bodies, regulators, and partner agencies.
- Lead procurement and vendor management activities in line with PPRA Rules and budgeting requirements.
- Promote a culture of efficiency, accountability, and time-bound execution of IT projects.
- Ensure effective coordination with federal/provincial IT bodies and regulatory authorities.
- Enhancement of existing IT initiatives of EFOAS, Land Record, One Window Initiatives.

PROCEDURE TO APPLY:
i. Online application along with scanned attested copies of educational documents, experience certificates, recent photograph, CNIC and domicile should be submitted at **https://cda.gov.pk/jobs/jobs**
ii. All applications should be submitted online only. Incomplete applications will not be entertained.
iii. **Last date for submission of application forms is 06-10-2025.**

GENERAL INFORMATION /INSTRUCTIONS:
a. Age relaxation shall be applicable as per Government policy.
b. CDA has the right to cancel the advertisement, or to increase / decrease number of posts.
c. The employees will be appointed on contract basis for initial period of two years which may be extended further, if required and having no vested right for regular appointment.
d. Online applications on prescribed form along with copies of educational documents, experience certificates, recent photograph, CNIC should be uploaded along with application form.
e. Only short-listed candidates, who qualify as per above criteria will be called for written test /interview. No TA/DA will be admissible.
f. Candidates will be required to bring Original Documents (Educational and Experience certificates) and attested copies at the time of interview.
g. Candidates already serving in Government sector organizations are required to submit NOC from the department along with the application.
h. Candidates applying for multiple positions must submit separate application forms.
i. In case of any query contact **051-9252042** during office hours.

PID(I)2286/25 Director HRD-III, CDA. Tel: 051-9252042

ہیڈ کوارٹرز پاکستان رینجرز (سندھ)
مسلم جناح کورٹس ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ کراچی 7-021-99205285
No.1617/PRO/763/2025 Dated 15 September-2025

ٹینڈر نوٹس

1- ہیڈ کوارٹرز پاکستان رینجرز (سندھ) کو مختلف قسم کی گاڑیوں کیلئے ٹائر، ٹیوب اور فلیپس تیار کنندگان یا ان کے سول ڈسٹری بیوٹرز / مجاز ڈیلرز / جنرل آرڈر سپلائرز سے درج ذیل ٹینڈر مطلوب ہے جو کہ مورخہ 2 اکتوبر 2025 کو بوقت 1100 بجے کھولا جائے گا۔

نمبر شمار	ٹینڈر انکوائری نمبر	نام اشیاء	نوعیت	ٹینڈر فیس
الف	6011/EME/Tyres/05/25	ٹائر، ٹیوب اور فلیپس	مختلف سائز کے	3000/- روپے

2- ٹینڈر فارم ای ایم ای برانچ ہیڈ کوارٹرز پاکستان رینجرز (سندھ) کراچی سے درج بالا فیس کی ادائیگی پر مورخہ 17 ستمبر 2025 تا 1 اکتوبر 2025 صبح 0900 بجے سے 1600 بجے تک (دفتری اوقات) میں حاصل کیے جا سکتے ہیں۔
3- ٹینڈر فرموں کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولا جائے گا۔
4- ٹینڈر فارم 2 اکتوبر 2025 کو بوقت 1030 بجے تک ٹینڈر بکس میں ڈالے جائیں گے۔
5- ڈائریکٹر جنرل پاکستان رینجرز (سندھ) کو حق حاصل ہے کہ وہ ٹینڈر پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی 2004 کے مطابق منظور یا مسترد کر سکتے ہیں۔
6- مزید معلومات کیلئے دفتری اوقات میں فون نمبر 021-99205263 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

لیفٹیننٹ کرنل
برائے ڈائریکٹر جنرل، پاکستان رینجرز (سندھ)
PID-K-939/2025

پبلک نوٹس (ڈی ایچ اے کوئٹہ)

ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کوئٹہ کو درج ذیل زمین عبدالستار پسر ولی جان نے بذریعہ محمد ناہید پر اللہ دتہ فروخت کیلئے پیش کی ہے۔ اگر کسی شخص بشمول بینک، ادارہ، کمپنی یا سوسائٹی کو درج ذیل زمین کے بابت کوئی اعتراض، عذر بشمول رہن، دعویٰ، ملکیت و استحقاق ہو تو اندر 15 یوم نیچے دیئے گئے پتہ یا فون نمبر پر رابطہ کر کے تحریری طور آگاہ کرے۔

موضع کا نام	کھیوٹ نمبر	کھتونی نمبر	نمبر خسرہ جات	رقبہ
کرک	11 من	12 من	703/637/124/3	27 ایکڑ تقریباً

ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ کینٹ
موبائل نمبر: +92-0370-5234136
ٹیلی فون نمبر: 7-2864446-9281+ (9 بجے سے 5 بجے تک ماسوائے ہفتہ اور اتوار)
ڈائریکٹر لینڈ ڈی ایچ اے کوئٹہ



NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division at Kech invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, G.O.B. amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below:

Earnest Money 2%, Tender Fee 1000/- and Time limit 30-06-2026 for each work

S.No	Name of Work	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF MEDICAL OFFICER BUNGLOW FOR RHC SORRO MAND DISTRICT KECH. TSE-252609858433	19801976/-
2	REPAIR AND RENOVATION OF OPD BUILDING GOVT TEACHING HOSPITAL TURBAT AT DISTRICT KECH. TSE-252609858453	19801462/-
3	SOLARIZATION OF RHC SURBANDAN, RHC JIWANI GWADAR. TSE-252609858503	19801444/-
4	SOLARIZATION OF RHC PASNI AND RHC ORMARA GWADAR. TSE-252609858633	19801444/-

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed Serial 1000 PKR. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 03rd October, 2025 during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 03rd October, 2025 till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 10:00 AM. **Address:** Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division At Kech

Phone no: 0852414060 Fax no: 0852414060 Email: xenurbanmakran@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Development
Department Makran Division at Kech

PRQ No.1286/16-9-2025

TENDER NOTICE

TSE-252609853073 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Buildings B&R District Chaman invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000/-and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	ADDITIONAL ROOMS & B/WALL IN GOVT GIRLS MIDDLE SCHOOL KILLI DR SADIQ AT CHAMAN	30,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature Turn over of at least 21,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Firm Should Submit 2% Bid Security firm Must Submit Tender fee on Green Challan Firm must have cash flow of 30 Million or Above for running the project . Attach Cashflow during Tender period Firm Submit Audit report of 3 years till 30 June 2025 Similar Work with cost and complexity (Two projects)undertaken and completed in the past Three (03) years: 70% of the Estimated Cost Past performance may be verified. Bidders already working with Project Office must submit Performance Certificate issued by Executive Engineer **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 30 September, 2025till 12:30 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be open on same day at 01:30 PM on EPPS System **Address:** Executive Engineer Building CW PP & H department District Chaman Phone no: 3328821611 Email: chakarkhankjk@gmail.com

Executive Engineer Buildings
CWPP&H Department District
Chaman

PRQ No.1294/16-9-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgprbalochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 17 ستمبر 2025ء

ڈیجیٹائزیشن کا فروغ : حکومت کا دوٹوک عزم و قابل ستائش اقدامات

وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ اتحادی حکومت نے معیشت کی بحالی ترقی و استحکام کے لئے مختلف النوع اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا ہے جس میں ڈیجیٹائزیشن کا فروغ بھی شامل ہے ڈیجیٹائزیشن پالیسی کے تحت جاری اقدامات معیشت و معاشرت کے لئے نیک شگون ثابت ہوں گے گزشتہ روز مشرق ڈیجیٹل ریٹیل بینک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے ڈیجیٹائزیشن کو وقت کی اولین ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیجیٹل بینک کا قیام پاکستان میں کیش لیس کاروبار اور مالیاتی شعبے کی ترقی اور فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگا، نوجوان ملک کی آبادی کا بڑا حصہ ہیں، یہ نوجوان ہمارے لئے بڑا چیلنج اور عظیم موقع ہیں، معیشت کو پیپر لیس بنانا اور اس میں انسانی عمل دخل کم کرنا ہوگا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے کیش لیس معیشت کے فروغ، ڈیجیٹائزیشن اور اصلاح وجدت کے لئے غیر معمولی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا ہے اور معیشت میں بہتری لانے کے لئے ایک جامع حکمت عملی ترتیب دی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اس بات پر زور دیا کہ دنیا کا موجودہ دور ڈیجیٹلائزیشن کا دور ہے، اور اس میں ترقی کے لئے مالیاتی شعبے کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن ضروری ہے۔ ان کے مطابق، مشرق ڈیجیٹل بینک کا قیام پاکستان میں کیش لیس معیشت کے فروغ کے لئے ایک اہم قدم ہے جو ملکی مالیاتی شعبے میں انقلاب برپا کرسکتا ہے۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ گورنر سٹیٹ بینک باصلاحیت شخصیت ہیں، نئی مانیٹری پالیسی میں پالیسی ریٹ برقرار رکھا گیا ہے، ملک میں کاروباری، زرعی و صنعتی سرگرمیوں اور بینکاری نظام کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دور ڈیجیٹلائزیشن کا دور ہے اور ڈیجیٹلائزیشن اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے معیشت کو ترقی دی جاسکتی ہے، معیشت کو پیپر لیس بنانا اور اس میں انسانی عمل دخل کم کرنا ہوگا اس موقع پر وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت ملک میں اقتصادی استحکام کے لئے کوشاں ہے، ترسیلات زر پاکستان کی لائف لائن ہیں، بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسیوں نے بھی پاکستان کی بہتر معاشی کارکردگی کی تصدیق کی ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، یہ ایک آغاز ہے اور ہم نے مزید آگے بڑھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ڈھانچہ جاتی اصلاحات متعارف کرا رہی ہے، توانائی، بینکاری نظام اور ایس او ایز کے حوالے سے مختلف اقدامات کئے جارہے ہیں، ہم پالیسیوں کے تسلسل کو یقینی بنائیں گے، مشرق ڈیجیٹل بینک کی پاکستان کے مالیاتی شعبے میں شمولیت خوش آئند ہے، امید ہے مشرق ڈیجیٹل بینک پاکستان میں عوام کے لئے بہترین خدمات متعارف کرائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ترسیلات زر پاکستان کی لائف لائن ہیں اور عالمی ریٹنگ ایجنسیوں کی رپورٹوں سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے۔ مشرق ڈیجیٹل بینک کا قیام پاکستان میں ڈیجیٹل بینکنگ کے فروغ کے حوالے سے ایک انتہائی اہم قدم ہے۔ اس بینک کے قیام سے نہ صرف مالیاتی شعبے میں نئی تبدیلیاں آئیں گی بلکہ لوگوں کو جدید بینکاری خدمات تک رسائی بھی حاصل ہوگی، جو کہ معیشت کی ترقی کی ایک اور اہم کڑی ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت نے معاشی استحکام کے لئے جرات مندانہ اقدامات کئے ہیں۔ ان کے زیر قیادت ملک میں معاشی اصلاحات کا عمل تیز ہوا ہے اور ان اصلاحات کے نتیجے میں ملک کی معیشت میں مثبت تبدیلیاں آرہی ہیں۔ حکومت نے نہ صرف مالیاتی شعبے کی اصلاح کی ہے بلکہ توانائی، بینکاری نظام اور دیگر اہم شعبوں میں بھی اصلاحات کی ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد ملک کی معیشت کو مستحکم اور پائیدار بنانا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کی نوجوان آبادی ملک کے لئے ایک بڑا چیلنج اور ایک عظیم موقع ہے۔ یہ نوجوان ملک کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ ان نوجوانوں کے لئے جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل بینکاری کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اس تناظر میں مشرق ڈیجیٹل بینک کا قیام ایک سنگ میل ثابت ہوگا، کیونکہ اس کے ذریعے نہ صرف بینکاری کی خدمات کا دائرہ وسیع ہوگا بلکہ نوجوانوں کے لئے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ مشرق ڈیجیٹل بینک کا قیام پاکستان میں ڈیجیٹل بینکاری کے حوالے سے ایک تاریخی قدم ہے۔ اس بینک کے مالکان کا تعلق متحدہ عرب امارات سے ہے، اور انہوں نے ہمیشہ پاکستان کی معاشی اور سماجی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس بینک کی خاص بات یہ ہے کہ یہ مکمل طور پر ڈیجیٹل بینک ہوگا، جس کا مقصد پاکستان کے عوام کو جدید اور بہتر مالیاتی خدمات فراہم کرنا ہے مشرق بینک کے چیئرمین عبدالعزیز الغریر نے کہا کہ اس بینک کا قیام پاکستان میں مالیاتی شعبے کی ترقی کے لئے ایک اہم قدم ہے پاکستان میں ایک مضبوط مالیاتی مرکز بننے کی پوری پوری صلاحیت موجود ہے اور مشرق بینک اس تبدیلی کا حصہ بننے کے لئے پرعزم ہے۔ امر واقع یہ ہے کہ ہماری معیشت میں حالیہ برسوں میں جو مشکلات آئیں، ان کا مقابلہ حکومت نے بہترین حکمت عملی سے کیا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشرق بینک کے چیئرمین عبدالعزیز الغریر کا کہنا تھا کہ ڈیجیٹل ریگولیٹری فریم ورک کے تحت سٹیٹ بینک کے اقدامات لائق تحسین ہیں، پاکستان جغرافیائی محل وقوع اور کاروباری و مالیاتی سرگرمیوں کے لئے بہتر ماحول کے باعث ڈیجیٹل اکنامک پاور ہاؤس بننے کی صلاحیت رکھتا ہے اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے ایسے اقدامات اٹھائے ہیں جو معاشی استحکام کو یقینی بنا رہے ہیں۔ ان اقدامات کے نتیجے میں ملک کی معیشت میں بہتری آئی ہے اور اقتصادی استحکام کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ حکومت کے ڈھانچہ جاتی اصلاحات، توانائی کے شعبے میں تبدیلیاں، اور بینکاری نظام میں بہتری کے اقدامات سے معیشت مزید مضبوط ہوگی۔ پاکستان میں ڈیجیٹل بینکنگ کا آغاز ایک نیا اور خوش آئند قدم ہے جو نہ صرف مالیاتی شعبے کو بہتر بنائے گا بلکہ معیشت کی ترقی کی راہ بھی ہموار کرے گا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت کی معاشی اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن کی پالیسی ملک کی معیشت کو مضبوط بنانے کے لئے نہایت اہم ثابت ہورہی ہیں۔ مشرق ڈیجیٹل بینک کا قیام اس بات کا غماز ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر بھی ڈیجیٹل بینکاری اور مالیاتی خدمات کے شعبے میں اہم مقام حاصل کرے گا۔ موجودہ اتحادی حکومت نے ملک کی معیشت کے لئے نئے مواقع پیدا کئے ہیں اور ورثے میں ملے مسائل سے نمٹنے کے لئے ہمہ گیر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا ہے معاشی میدان میں حکومتی اقدامات اور اصلاح و بہتری کی کوششیں ثمر بار ہورہی ہیں معاشی منظر نامہ مستحکم ہورہا ہے اور امید ہے کہ آنے والے دنوں میں معیشت مزید مضبوط اور مستحکم ہوگی۔

"تہران" کی پہلو بدلتی کہانی۔

برملا — نصرت جاوید

اتوار کی رات نیند نہیں آرہی تھی۔ سرہانے رکھے ناول کو اٹھا کر پڑھنے کو دل مائل نہ ہوا تو ریموٹ اٹھا کر Netflix (نیٹ فلکس) کا بٹن دبادیا۔ اس کے مینوئیل میں نئی شامل ہوئی فلموں میں سے ایک کا عنوان تھا ''تہران''۔ پہلی سطر میں دوسرے نمبر پر موجود فلم کے عنوان نے چونکا دیا۔ فرض کرلیا کہ امریکہ، ایران یا اسرائیل کے کسی فلم ساز نے ''تازہ ترین'' تہران کو کسی کہانی میں نمایاں کیا ہوگا۔ بے ساختہ بٹن دبادیا۔ فلم کے ابتدائی کریڈٹ شروع ہوئے تو علم ہوا کہ مذکورہ ''تہران'' کی کہانی کسی بھارتی نے لکھی ہے۔ اس کے ڈائریکٹر اور فلم ساز بھی بھارت ہی سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ دیکھ کر مزید خوش ہوا۔ میری خوشی مگر جلد ہی مایوسی اور بالآخر غصے میں بدل گئی۔

''تہران'' ایک ایسے پولیس افسر کی کہانی ہے جو پاکستان اور بھارت میں مقبول ان پولیس والوں جیسا ہے جو خطرناک ملزموں کو پکڑ کر قانون کے حوالے کرنے میں وقت ضائع نہیں کرتے۔ اپنے طور پر ہی جلاد بن کر ''بدی کا خاتمہ'' کرتے ہوئے اپنے جی کو مطمئن اور افسروں کو ناراض کرتے رہتے ہیں۔ یہ کردار ادا کرنے والے اداکار کا نام جان ابراہم ہے لیکن یہ پہلی فلم تھی جو مجھے دیکھنا پڑی۔

فلم کے آغاز میں پولیس افسر کا گینگ وار میں ملوث ایک کردار کا کسی بڑے شہر کو دوسرے سے ملانے والی سڑک کے کنارے پر واقع چار پائیوں والے ریستوران پر پولیس اہلکاروں کے روبرو مار دینا مجھے یہ پیغام دیتا محسوس ہوا کہ شاید جس گینگ وار کے کردار سے کہانی شروع ہوئی ہے اس کا مرکزی کردار کسی نہ کسی طرح بھارت سے فرار ہوکر ایران چلا گیا۔ اسے ڈھونڈنے کو شاید ''ضدی'' پکارے پولیس افسر کو تہران جانا پڑے گا۔ یہ سوچتے ہوئے فلم بدلنا چاہ رہا تھا تو سکرین کے ذریعے پتہ چلا کہ مذکورہ پولیس افسر کی ایک بچی بھی ہے۔ اس کی سالگرہ کا دن ہے۔ سالگرہ کی تقریب شروع کرنے کے لئے اس کی بیوی مہمانوں کی موجودگی میں بے چینی سے انتظار کررہی ہے۔

دریں اثناء سکرین پر چلائے چند مناظر اور ان کے متعلق ہوئی ''وائس اوور'' سے پتہ چلا کہ فلاں برس کی فلاں تاریخ کو تین مختلف ممالک میں بیک وقت تین اسرائیلی سفارت کاروں کو ان کی گاڑیوں پر بم نصب کرکے مارنے کی کوشش ہوئی۔ ایسی ہی ایک کوشش دہلی میں بھی ہوئی تھی۔ اسرائیلی سفارت کار کی گاڑی میں نصب ہوئے بم کی وجہ سے مگر سڑک پر گلاب بیچنے والی ایک بچی بھی جھلس گئی اور یہ بچی اتفاق سے پولیس افسر کی بیٹی کی ہم عمر تھی۔ لکھاری اور ڈائریکٹر نے واضح طور پر نہیں بتایا۔ پولیس افسر کا دفتر اور رویہ مگر یہ پیغام دیتا تھا کہ اس کا تعلق انسداد دہشت گردی یا کسی اور ٹاسک کے لئے بنائی ''خصوصی فورس'' سے ہے۔ اس فورس کا سربراہ اسرائیلی سفارت کار کی گاڑی پر ہوئے حملے کی خبر ملتے ہی یہ طے کرلیتا ہے کہ مذکورہ واقعہ کا ذمہ دار ''ہمارا ہمسایہ ملک'' یعنی پاکستان ہے۔ پاکستان کے سر اس حملے کی ذمہ داری ڈال کر لہٰذا مزید تفتیش سے جان چھڑالی جائے۔ بہتر یہی ہوگا کہ مبینہ طور پر پاکستان سے آئے حملہ آوروں کا سراغ بھارتی خفیہ ایجنسی را (Raw) ہی لگائے۔

''تہران'' فلم کا افسر مگر اصرار کرتا ہے کہ پاکستان اسرائیلی سفارت کار کی گاڑی پر دلی کی سڑک پر ہوئے حملے کا ذمہ دار نہیں۔ اپنی بات کے ثبوت میں وہ اپنے سینئر کو دو پاکستانی تنظیموں کے نام لے کر یاد دلاتا ہے کہ ان کے نشانے پر آیا شخص کبھی بچا نہیں۔ اس کے بعد وہ دلی میں ہوئے حملے کو دیگر ممالک میں اسرائیلی سفارت کاروں پر ہوئے حملے کے ساتھ جوڑتے ہوئے مصر رہتا ہے کہ مذکورہ واقعہ (جو حقیقتاً فروری 2012ء میں ہوا تھا) درحقیقت بھارت میں ''گھس آئے چند ''ایرانی ایجنٹوں'' کی کارروائی ہے۔ بھارتی خفیہ ایجنسی کی ایک خاتون افسر اس کی بات سے اتفاق کرتے ہوئے جان ابراہم کو اصل ملزم کا پتہ چلانے کو اکساتی ہے۔

فروری 2021ء میں جو واقعہ ہوا تھا اس میں دہلی کی مشہور اور تگڑی روڈ پر اسرائیل کے بھارت میں تعینات ڈیفنس اتاشی کی گاڑی پر حملہ ہوا تھا۔ حملے کے وقت وہ اس گاڑی میں موجود نہ تھا۔ بم دھماکے کی وجہ سے مگر اس کی بیوی بلاک ہوگئی تھی۔ ''تہران'' فلم کے لکھاری اور ڈائریکٹر نے اس حقیقت کو فراموش کرتے ہوئے ناظرین کو اس امر پر قائل کرنے کی کوشش کی کہ ''ضدی اور خودسر تہران'' کا ہیرو پولیس افسر درحقیقت ایک غریب بچی کی ہلاکت کی وجہ سے گاڑی کو دھماکے سے اڑانے والے شخص کی تلاش کو بے قرار تھا۔ اس کی ''رحم دلی'' اجاگر کرنے کے لئے اس بچی کے چھوٹے بھائی کو بھی بہت دردناک حالات میں دکھایا گیا ہے۔

را کی اپنے جیسی ''خودسر'' خاتون افسر کی ایما پر وہ اس ''ایرانی ایجنٹ'' کی تلاش کو نکل جاتا ہے جو اس کی دانست میں اسرائیلی سفارت کار کی گاڑی کو بم دھماکے سے اڑانے کا ذمہ دار تھا۔ جدید ترین سائبر آلات اور جیو فینسنگ کے ذریعے ہوئی تحقیق بالآخر اس نتیجے پر پہنچتی ہے کہ جو ''ایرانی ایجنٹ'' مذکورہ دھماکہ کا ذمہ دار تھا وہ ایران کے کسی سرکاری محکمے کا ملازم نہیں۔ اسے ''پاسداران انقلاب'' کے ایک افسر نے اس کی بدکرداری، جنسی بے راہ روی اور ہوس زر کا عادی ہونے کی وجہ سے اپنا ''ذاتی'' ایجنٹ بنایا ہوا تھا۔ اسرائیلی سفارت کار کی گاڑی کو بم نصب کرکے تباہ کرنے کے چند ہی گھنٹے بعد وہ دہلی سے ایران پرواز کر گیا تھا۔

اس کے دلی میں قیام کے دوران ایک بھارتی خاتون اخبار نویس بھی ''ایرانی ایجنٹ'' کی اسرائیلی ایمبیسی میں تعینات لوگوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتی رہی تھی۔ وہ بھی گرفتار کرلی گئی۔ اس کے علاوہ ایک اور آدمی بھی گرفت میں آتا ہے جو اپنے ''رکشے'' کو ہمیشہ اسرائیلی ایمبیسی کے قریب رکھتے ہوئے وہاں تعینات سفارت کاروں کی نقل وحرکت پر نگاہ رکھتا تھا۔ تحقیق کے اس انجام تک پہنچنے کے بعد بھارتی حکومت یہ فیصلہ کرتی ہے کہ اسرائیلی سفارت کار کی گاڑی بم سے تباہ کرنے والے کا مزید پیچھا نہ کیا جائے۔ ''اسرائیل سے ہمیں جدید ہتھیار لینا ہیں اور ایران سے تیل''۔ ان کے جھگڑے میں لہٰذا بھارت کو مزید گھسنے سے پرہیز کرنا چاہیے۔

بھارتی ریاست کے سینئر ترین افسروں کی جانب سے ہوئے اس فیصلے کو لیکن ''تہران'' کا پولیس افسر ماننے سے انکار کردیتا ہے۔ وہ اس کی نظر بظاہر فقط ایک بچی کی ہلاکت ہے جو سڑک پر گلاب بیچتی تھی اور اس کی بیٹی کی ہم عمر تھی۔ را کی خاتون افسر بھی ''وطن سے محبت'' کی خاطر خودسر ہوئے پولیس افسر کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ وہ ایران جانے کے لئے آذربائیجان پہنچ جاتا ہے تو اسے فوراً واپس بھارت آنے کا حکم ملتا ہے۔ اس حکم کو تسلیم کرنے کے بجائے ''تہران'' کا پولیس افسر متحدہ عرب امارات پہنچ کر ''سمندری راستے'' سے ایران جانا چاہتا ہے۔ بالآخر نجانے کیسے وہ پاکستانی پاسپورٹ کے ساتھ شلوار قمیض پہن کر بندر عباس بندرگاہ کے ذریعے ایران میں داخل ہو جاتا ہے۔

اس کے بعد ساری فلم میں اسرائیلی سفارت کار کی گاڑی کو بم دھماکے سے تباہ کرنے والے ''ایرانی ایجنٹ'' اور ''تہران'' کے پولیس آفیسر کے مابین بلی چوہے کا کھیل ہے۔ اس کا انجام ظاہر ہے ''ایرانی ایجنٹ'' کی موت پر ہوتا ہے۔ میں نے اس فلم کی کہانی اور انداز پیشکش کو ایک لمحے کے لئے بھی پاکستانی مسلمان ہوتے ہوئے نہیں جانچا۔ فلم کے عام قاری کی طرح ہی اسے برداشت کیا ہے۔ یہ فلم دیکھ لینے کے بعد یہ کالم لکھنے سے قبل تھوڑی سی تحقیق کی تو علم ہوا کہ ''تہران'' نامی فلم تو 2022ء میں مکمل ہوگئی تھی۔ اسے مگر 14 اگست 2025ء میں Zee5 ہم کے چینل پر دکھایا گیا جو غالباً لائیو سٹریم کرتا ہے۔ نیٹ فلکس پر یہ رواں مہینے کی 14 ستمبر کو ریلیز ہوئی ہے۔

سوال اٹھتا ہے کہ ''تہران'' کو دکھانے کی اجازت ملنے میں تین سال کیوں لگے؟ ان دنوں بھارت ایران سے تیل خریدنے کے بجائے روس کی جانب اس حوالے سے دیکھتا ہے۔

افغانستان میں نئی عالمی بساط

وفاق نامہ — رشید صافی

گزشتہ ہفتے کابل میں طالبان اور امریکی وفد کے درمیان ہونے والی اعلیٰ سطحی ملاقاتیں محض قیدیوں کے تبادلے کے بارے میں نہیں تھیں بلکہ یہ ایک بہت وسیع اور پیچیدہ ایجنڈے کا حصہ تھیں۔ یہ ملاقات جنوری میں ہونے والے قیدیوں کے تبادلے کے بعد فریقین کے درمیان سب سے اہم دوطرفہ بات چیت ہے۔ اگرچہ عوامی طور پر قیدیوں کا تبادلہ ہی موضوع بحث رہا تاہم ان ملاقاتوں میں جو اصل حقائق سامنے آئے وہ افغانستان کے جغرافیائی اور سیاسی مستقبل کی نئی سمت کا تعین کرتے نظر آتے ہیں۔ یہ ملاقاتیں اس بات کی عکاسی کرتی ہیں کہ قیدی اب مذاکرات کا ایک ذریعہ بن چکے ہیں جبکہ منجمد اثاثے، بین الاقوامی تسلیم وتوثیق اور بیرونی اثر ورسوخ ہی اصل سٹریٹجک فوائد ہیں۔ قیدیوں کا تبادلہ بات چیت کا ایک بنیادی محرک ہے۔ ایک طرف طالبان 12 افغان قیدیوں کی رہائی چاہتے ہیں، جن میں گوانتاناموبے جیل میں قید محمد رحیم عرف افغانی اور دیگر اہم افراد شامل ہیں۔ دوسری جانب امریکہ کا اولین مقصد امریکی شہری محمود شاہ حبیبی کی واپسی ہے۔ طالبان اس بات کیلئے تیار ہیں کہ وہ مغرب کے دیگر چار سے پانچ قیدیوں کو بھی ایک ایک کر کے استعمال کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرسکیں۔ یہ حکمت عملی ظاہر کرتی ہے کہ قیدی اب صرف انسانی مسئلہ نہیں رہے بلکہ یہ طالبان کی عالمی طاقتوں کے ساتھ مذاکرات میں ایک اہم ترین ہتھیار بن چکے ہیں۔ اسیروں کا ایک ابتدائی تبادلہ ہوسکتا ہے جس کا آغاز حبیبی کو رحیم کے بدلے رہا کرنے سے ہوگا۔

افغانستان کے معاشی بحران کی ایک بڑی وجہ بیرون ملک منجمد تقریباً سات ارب ڈالر کے افغان اثاثے ہیں۔ طالبان ان تمام اثاثوں کی فوری واپسی کا مطالبہ کررہے ہیں۔ وہ کم از کم تین سے چار ارب ڈالر کی فوری منتقلی چاہتے ہیں۔ اس کے جواب میں امریکہ نے فنڈز کو مرحلہ وار اور نگرانی کے ساتھ ایک فلاحی ٹرسٹ میکانزم کے ذریعے جاری کرنے کی پیشکش کی ہے، تاہم طالبان کی جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس نے قیادت کو واضح طور پر کہا ہے کہ کسی بھی بڑی رعایت پر اس وقت تک عمل نہ کیا جائے جب تک کہ منجمد اثاثے واپس نہ ملیں۔ طالبان کسی بھی سمجھوتے کیلئے جب تک تیار نہیں ہوں گے جب تک ان اثاثوں کی واپسی نظر نہ آئے۔ یہ امید کی جارہی ہے کہ شاید ایک ارب ڈالر تک کی رقم مرحلہ وار جاری کی جائے گی۔ افغان طالبان کا اصل مقصد عالمی برادری سے باقاعدہ توثیق اور امریکہ میں ایک سفارتی مشن قائم کرنا ہے۔ وہ یہ بھی مطالبہ کررہے ہیں کہ اقوام متحدہ کی طرف سے ان کے 17 سینئر رہنماؤں پر عائد سفری پابندیاں ختم کی جائیں۔ امریکہ نے فی الحال مکمل تسلیم کرنے کو ترجیح نہیں رکھا لیکن اس نے کابل میں ایک محدود مشن کھولنے پر غور کرنے کا اشارہ دیا ہے۔ سفری پابندیوں میں جزوی چھوٹ کا امکان بھی زیر غور ہے۔ طالبان اپنی ساکھ اور قانونی حیثیت کو مستحکم کرنے کیلئے بین الاقوامی قبولیت کو انتہائی اہم سمجھتے ہیں۔

یہ حقیقت ہے کہ افغانستان ایک بار پھر عالمی طاقتوں کے درمیان جغرافیائی وسیاسی کشمکش کا ایک نیا میدان بن چکا ہے جس کی ایک بڑی وجہ افغانستان کے پاس موجود معدنی وسائل ہیں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ ان معدنیات کا جدید ٹیکنالوجی خاص طور پر الیکٹرک گاڑیوں کی بیٹریوں اور دیگر صنعتی استعمال میں بڑھتا ہوا کردار ہے۔ پینٹاگون کی ایک رپورٹ کے مطابق افغانستان میں لیتھیم کے وسیع ذخائر پائے جاتے ہیں جو اسے دنیا میں وہی مقام دلا سکتے ہیں جو تیل نے سعودی عرب کو حاصل ہے۔ یہ وہ اہم نقطہ ہے جو افغانستان کو عالمی طاقتوں کی نظروں میں سٹریٹجک اہمیت کا حامل بناتا ہے اور اس کے معدنی وسائل کو مستقبل کے عالمی توازن میں ایک کلیدی کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ طالبان ان اہم معدنیات کو ایک طاقتور ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ امریکی سفیروں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ اس میدان میں چین کا اثر و رسوخ ہے۔ طالبان نے چین کی برتری کو تسلیم کیا لیکن یہ اشارہ بھی دیا ہے کہ وہ پابندیوں میں نرمی کے بدلے چینی سرمایہ کاری کو محدود کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں طالبان نے امریکہ کو تانبے اور لیتھیم کے میدانوں میں شراکت کی پیشکش بھی کی ہے تاہم اس پر چین کا ردعمل شدید ہوسکتا ہے۔

دوسری جانب روس بھی افغانستان میں اپنی موجودگی بڑھا رہا ہے۔ روس نے ایندھن اور توانائی کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ریلوے ٹرانزٹ اور عسکری تعاون کے معاہدوں میں بھی دلچسپی ظاہر کی ہے۔ یہ روس اور چین کی طرف سے طالبان کو ایک خفیہ پیغام ہے کہ اگر امریکہ کی دلچسپی کم ہوتی ہے تو ان کے پاس دوسرے راستے موجود ہیں۔ طالبان اپنی جغرافیائی سیاسی پوزیشن کو مضبوط کرنے کیلئے روس اور چین کے بڑھتے ہوئے اثر کو استعمال کرتے ہوئے بیک وقت امریکہ پر دباؤ ڈال رہے ہیں اور چین کو بھی اپنے قابل اعتبار فریق ہونے کا یقین دلا رہے ہیں۔ افغانستان کی موجودہ صورتحال اور عالمی طاقتوں کے ساتھ اس کے بدلتے ہوئے تعلقات نے خطے میں پاکستان کے کردار کو مرکزی اور کلیدی بنادیا ہے۔

سیلابی تباہی، قدرتی آفت یا انسانی کوتاہی کا نتیجہ

لعل و گوہر — روشن لعل

سیلاب کی تباہ کاریاں، بھارتی پنجاب کے علاقوں سے سرحد عبور کرتی ہوئیں پاکستان کے وسطی پنجاب میں اپنے نشان چھوڑنے کے بعد جنوبی پنجاب میں ریکارڈ تباہی برپا کرتے ہوئے صوبہ سندھ میں داخل ہوچکی ہیں۔ سیلابی تباہی کے متعلق دوقسم کی رائے کا اظہار کیا جارہا ہے۔ ایک رائے کے مطابق یہ تباہی قدرتی جبکہ دوسری رائے رکھنے والے لوگ اسے انسانی غلطیوں کے ساتھ جوڑ رہے ہیں۔ حالیہ سیلاب کا سبب وہ انتہائی غیر معمولی بارشیں بنی ہیں جن کی وجہ ان ماحولیاتی تبدیلیوں کو قرار دیا جاتا ہے جو انسانوں کے قدرتی ماحول پر منفی اثرات مرتب کرنے والے افعال کے باعث رونما ہوئی ہیں۔ قدرتی ماحول پر منفی اثرات مرتب کرنے والے انسانی افعال کو حالیہ سیلاب برپا کرنے والی بالواسطہ انسانی غلطیاں تو تصور کیا جاسکتا ہے مگر ان کا الزام پاکستان میں بسنے والے کسی انسان کے سر پر نہیں تھوپا جاسکتا۔ اس کے برعکس اگر یہ ثابت ہوجائے کہ حالیہ سیلاب کی تباہیاں، قدرتی نہیں بلکہ براہ راست انسانی غلطیوں اور کوتاہیوں کا نتیجہ ہیں تو پھر ہماری مرکزی اور صوبہ پنجاب کی حکومتوں اور سیلاب کنٹرول کرنے کے لیے بنائے گئے محکموں کو بلا جھجک ان کا ذمہ دار قرار دیا جاسکتا ہے۔

کسی زمانے میں سیلاب کو بھی زلزلے کی طرح اچانک رونما ہونے والی قدرتی آفت تصور کیا جاتا تھا۔ اچانک رونما ہونے والی آفت ہونے کی وجہ سے اس کے نقصانات سے تحفظ ممکن نہ تھا۔ بعد ازاں سائنس کی ترقی نے حالات اس قدر تبدیل کر دیئے ہیں کہ پیشگی اطلاع کے نظام کی وجہ سے سیلاب، آناً فاناً ظاہر ہونے والی آفت نہ رہا۔ سیلاب کی پیشگی اطلاع کے نظام کے باوجود اس قدرتی آفت کے نقصانات سے سو فیصد بچاؤ اب بھی ممکن نہیں ہے تاہم سائنسی ترقی کی بدولت ہم عصر دنیا میں ایسے بہت سے انتظامات کرلیے گئے ہیں جن کی بدولت سیلاب کی تباہیوں کے نقصانات کو کم سے کم رکھا جاسکتا ہے۔ سیلاب کے نقصانات کی حد کو ہر ممکن طور پر کم سے کم رکھنے کے لیے پیشگی احتیاطی انتظامات کے ساتھ اس آفت کے رونما ہونے کے دوران بچاؤ کے جو طریقے وضع کیے گئے ہیں ان پر عمل کرنا راکٹ سائنس ہرگز نہیں ہے۔ سیلاب سے بچاؤ کی پیشگی احتیاطی تدابیر میں یہ باتیں شامل ہیں کہ سب سے پہلے سائنٹفک طریقوں سے اخذ کی گئی اس پیش گوئی کو اہمیت دی جائے جس میں یہ بتایا گیا ہو کہ جو بارشیں سیلاب برپا کرنے کا باعث بن سکتی ہیں وہ اس مرتبہ معمول کے مطابق یا پھر کس حد تک معمول سے کم یا زیادہ برسیں گی۔

اگر پیش گوئی معمول کے مطابق یا معمول سے کم بارشیں برسنے کی ہو تو پھر سیلاب کا امکان ختم یا انتہائی کم ہو جاتا ہے لیکن معمول سے زیادہ بارشوں کی پیش گوئی کے بعد سیلاب کی آمد کا امکان، یقین کی حد تک بڑھ جاتا ہے۔ ایک دہائی پہلے تک سائنسی ترقی صرف اس حد تک ہوئی تھی کہ اس کے ذریعے معمول کے مطابق، معمول سے کم یا معمول سے زیادہ بارشیں برسنے کی پیش گوئی کی جاسکتی تھی لیکن اب مزید سائنسی ترقی کی بدولت یہ پیشگوئی بھی ممکن ہو چکی ہے کہ کسی خطے کے کون سے علاقے میں بارشیں کتنے فیصد تک معمول سے کم یا معمول سے زیادہ برسیں گی۔ کسی پیش گوئی میں جتنے فیصد زیادہ بارشوں کا امکان ظاہر کیا گیا ہو اتنا ہی زیادہ سیلاب کا امکان بھی بڑھ جاتا ہے اور اس امکان کے مطابق سیلاب سے تحفظ کی تیاریاں کرنا لازمی ہو جاتا ہیں۔ راقم نے اپنے گزشتہ کالموں میں پہلے بھی یہ ذکر کیا تھا کہ رواں مون سون شروع ہونے سے پہلے، ساؤتھ ایشین کلائمیٹ آؤٹ لک فورم نے ماہ اپریل کے آخر میں پاکستان میں بہنے والے دریاؤں کو سیراب کرنے والے مختلف علاقوں میں معمول سے 30 تا 70 فیصد زیادہ بارشوں کی پیش گوئی کی تھی۔ افسوس کہ ہمارے ہاں اس پیش گوئی کے مطابق ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کی تیاریاں کہیں نظر نہ آئیں۔ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ جو لوگ حالیہ سیلاب سے برپا ہونے والی تباہی کو انسانی غلطیوں اور کوتاہیوں سے جوڑ رہے ہیں وہ کس حد تک درست ہیں۔

دریائی سیلاب کے ممکنہ خطرات اور نقصانات سے نمٹنے کے لیے اس کے بہاؤ کی کیفیت کو مختلف درجوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان درجوں کو نچلے، درمیانے، اونچے، بہت اونچے، بہت زیادہ اونچے اور انتہائی اونچے درجے کے سیلابوں کا نام دیا گیا ہے۔ ہر دریا میں، سیلاب کے ان درجوں کی پیمائش کے لیے پانی کے بہاؤ کی مختلف حدیں مقرر کی گئی ہیں۔ سیلاب کے ان درجوں کے علاوہ ہر دریا کے لیے پانی کے بہاؤ کی ایک معمول کی حد بھی طے ہے۔ سیلاب کے خطرے سے خبردار رکھنے اور خطرے کے مطابق امدادی کاموں کے لیے وارننگ اور ریلیف کے دو علیحدہ شعبے قائم ہیں۔ دریاؤں میں پانی کے معمول سے زیادہ بہاؤ کی صورت میں وارننگ دینے والے شعبہ کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ ہر لمحہ خود باخبر رہنے کے ساتھ نہ صرف ریلیف سے متعلق شعبے کو اس بات سے آگاہ رکھے کہ سیلاب کا درجہ کیا ہے بلکہ ساتھ ہی یہ اطلاع بھی دے کہ دریا کے کسی خاص مقام پر پانی بلند یا کم ہو رہا ہے یا اس کی سطح جوں کی توں ہے۔ اس اطلاع کے بعد امداد پر مامور شعبے کے لیے اپنی آئندہ کی حکمت عملی تیار کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ سیلاب کے دنوں میں وارننگ اور ریلیف کا کام کرنے والے شعبوں کی معاونت کے لیے محکمہ موسمیات کو خاص طور پر تیار رہنا ہوتا ہے۔ محکمہ موسمیات نہ صرف مختلف علاقوں میں ہو چکی بارش کی مقدار کی اطلاع دیتا ہے بلکہ آئندہ ممکنہ طور پر برسنے والی بارشوں کی پیش گوئی بھی کرتا ہے۔

جن محکموں کی ذمہ داری سیلاب کے امکانات سے آگاہ رہنا اور آگاہی آگے منتقل کرنا تھا انہوں نے کس طرح سے غفلت کا مظاہرہ کیا اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ بھارت کے صوبہ ہماچل پردیش میں راوی، ستلج اور بیاس دریاؤں پر بنائے گئے جن ڈیموں سے اچانک چھوڑے گئے پانی نے ہمارے ملک میں تباہی برپا کی، ان ڈیموں کو ٹوٹنے سے بچانے کے لیے بھارت نے وہاں سے پانی کے بڑے ریلے تو اچانک چھوڑے گئے لیکن ان ڈیموں میں پانی اچانک اور آناً فاناً ذخیرہ نہیں کیا گیا تھا۔ مورخہ 21 اگست کو بھارت کا بھاکڑہ ڈیم 80 فیصد، پونگ ڈیم 87 فیصد اور تھین ڈیم 85 فیصد تک بھرے جا چکے تھے۔ تقریباً سو فیصد تک بھرے جاچکے ان ڈیموں کے سیلاب برپا کرنے کا امکان کس حد تک بڑھ چکا تھا

جنگ اور سیلاب کا شکار خواتین اور بچے!!

زیب داستان — ڈاکٹر لبنیٰ ظہیر

اللہ کا کس قدر کرم ہے کہ میں اور آپ اپنے ٹھکانوں پر محفوظ ہیں اور معمول کی زندگی گزار رہے ہیں۔ ہمارے بچے ہمارے پاس ہیں اور بخیریت ہیں۔ ہمیں کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلانا پڑتا اور کسی حکومتی امداد کا انتظار بھی نہیں کرنا پڑتا۔ البتہ گزشتہ کئی دن سے سیلاب کی زد میں آئے مصیبت زدگان قیامت خیز حالات سے گزر رہے ہیں۔ وہ بے گھر ہوگئے ہیں۔ ان کی فصلیں تباہ ہوگئی ہیں۔ کچھ کے بچے سیلاب میں بہہ گئے ہیں۔ اور بہت سوں کے خوراک کی کمی اور موسم کی شدت کے باعث بیمار ہیں۔ ایسوں کی ذہنی کیفیت کا اندازہ کیجئے جو زمیندار تھے، ان کی فصلیں سونا اگلتی تھیں اور آج وہ سرکاری خیمہ بستیوں میں پڑے، حکومتی امداد کے منتظر رہتے ہیں۔ یہ سیلاب بہت سوں پر قیامت بن کر نازل ہوا ہے۔ اس افتاد کے اثرات برسوں تک ان کی زندگی میں موجود رہیں گے۔

دوسری طرف اہل غزہ پر بھی گزشتہ کئی مہینوں سے قیامت بیت رہی ہے۔ یہ اسرائیل کی جارحیت اور بمباری کا شکار ہیں۔ ان کے گھر ملبے کا ڈھیر بن چکے ہیں۔ بہت سوں کے گھر والے شہید ہو چکے ہیں۔ یہ عالمی امداد کے منتظر رہتے ہیں۔ اکثر اوقات اسرائیل کی بے حسی کی وجہ سے یہ امداد ان تک پہنچ ہی نہیں پاتی۔ بلاشبہ قدرتی آفات ہوں یا انسانوں کی مسلط کردہ جنگیں، عام شہری جنس اور صنف کی تفریق کے بغیر ان کا نشانہ بنتے ہیں۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ عمومی طور پر بچے اور خواتین ہمیشہ سافٹ ٹارگٹ ہوتے ہیں۔ انہیں مردوں کی نسبت زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ خواتین اور بچوں کی ضروریات معمول کے حالات میں مردوں سے مختلف ہوتی ہیں اور ہنگامی حالات میں بھی۔

اس وقت پنجاب کے مختلف علاقوں کو سیلاب کی وجہ سے ہنگامی حالات کا سامنا ہے۔ اگرچہ سیلابی پانی کا شکار مرد، عورتیں، بچے سب مشکل میں ہیں۔ لیکن خواتین اور بچے زیادہ پریشانی کا شکار ہیں۔ مثال کے طور پر معمول کے دن ہوں یا ہنگامی حالات، مرد حضرات کھلے آسمان تلے شب بسری کر سکتے ہیں۔ تاہم خواتین کے لئے ایسا کرنا آسان نہیں ہوتا۔ اس وقت حکومتی خیمہ بستیاں خواتین سے بھری ہوئی ہیں۔ لیکن بیشتر خواتین ان خیمہ بستیوں میں بھی خود کو غیر محفوظ محسوس کرتی ہوں گی۔ بہت سی خواتین کو کھلے آسمان تلے رہنا پڑ رہا ہے۔ ان حالات میں بھی میڈیا پر چوری چکاری کے واقعات رپورٹ ہو رہے ہیں۔ ایک افسوسناک پہلو یہ ہے کہ دنیا بھر میں قدرتی آفات کے ہنگام خواتین کو ہراساں کرنے کے واقعات سامنے آتے ہیں۔ آپ کو یاد ہوگا کہ 2005ء کے زلزلے میں مظفر آباد سمیت دیگر علاقے بدترین تباہی کا شکار ہوئے تھے۔ اس زمانے میں بھی خواتین کے اغوا اور انہیں جنسی طور پر ہراساں کرنے کے متعدد واقعات رونما ہوئے تھے۔ کہنے کا مطلب یہ کہ خواتین کو خوراک، ادویات اور دیگر اشیائے ضرورت کی فراہمی کیساتھ ساتھ منتظمین کو ان کی حفاظت کی طرف بھی توجہ دینا پڑتی ہے۔ آفات کے ہنگام حاملہ خواتین اور شیر خوار بچوں کی ماؤں کو بھی خصوصی توجہ درکار ہوتی ہے۔ سیلابی صورتحال میں گھری حاملہ خواتین کی پریشانی کا اندازہ کریں۔ وہ بے سروسامانی کے حالات میں کیسے رہ رہی ہوں گی۔ ان کے بچے کن حالات میں پیدا ہوں گے؟ وہ کھلے سائبان تلے نوزائیدہ بچوں کی دیکھ بھال کرنے پر مجبور ہوں گی۔ ان خواتین کا بھی سوچیں جو اس وقت شیر خوار بچوں کی دیکھ بھال کررہی ہیں۔ عمومی طور پر ماں کو خوراک کی فراہمی متاثر ہوتی ہے تو بچے خود بہ خود غذا کی کمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ مختلف بیماریاں ان کو چمٹ جاتی ہیں۔ خواتین کی مخصوص ماہوار ضروریات کے مطابق انہیں ضروری سینیٹری سامان کہاں میسر آتا ہوگا۔ دنیا بھر میں ہونے والی تحقیق یہ بھی بتاتی ہے کہ آفات اور حادثات کی پیداوار بچے اور زندہ بچ جانے والے بڑے زندگی بھر خوف اور ٹراما کا شکار رہتے ہیں۔ ان کی زندگی مختلف ذہنی ونفسیاتی مسائل کے سائے تلے گزرتی ہے۔ سیلاب میں بچوں کی جو تصاویر اور مناظر سامنے آرہے ہیں وہ بھی نہایت قابل افسوس ہیں۔ کسی کو کپڑے میسر نہیں ہیں اور وہ کھلے آسمان کے نیچے پڑا ہے۔ کسی کی ماں بچھڑ گئی ہے۔ کسی کو ماں باپ کاندھوں پر اٹھا کر یا کسی بڑے برتن میں رکھ کر پانی میں سے گزر رہے ہیں۔ بس اللہ کی پناہ۔

غزہ میں بسنے والے بچوں اور خواتین کی حالت بھی نہایت ابتر ہے۔ سینکڑوں بچے جاں بحق ہو چکے ہیں۔ سینکڑوں عمر بھر کیلئے معذور ہوگئے ہیں۔ بہت سے بچے یتیم یا مسکین ہوگئے ہیں۔ ایسے بھی ہیں جن کے ماں اور باپ اسرائیلی بمباری میں شہید ہوگئے ہیں اور ان کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ عالمی اداروں نے نشاندہی کی ہے کہ غزہ میں بسنے والے ہزاروں بچے غذائی قلت کا شکار ہیں۔ خواتین کی حالت یہ ہے کہ جنگ کے حالات میں بہت سی خواتین کے حمل گر گئے ہیں۔ ادویات اور صحت کی سہولیات کی اس قدر قلت ہے کہ حاملہ خواتین کے آپریشن اینستھیزیا یعنی بے ہوش کئے بغیر ہو رہے ہیں۔

سری لنکا سے نیپال تک، 'جنوبی ایشیا میں گزشتہ 4 دہائیوں میں بہت کچھ بدل چکا ہے'

منظر نامہ — جاوید نقوی

دنیا انتشار کا شکار ہے لیکن کیا جنوبی ایشیا واقعی اس انتشار کو محسوس کررہا ہے؟ یورپ اس وقت تناؤ کا سامنا کررہا ہے۔ وہ یوکرین جنگ میں شکست کے دہانے پر ہے جبکہ فرانس، جرمنی اور برطانیہ جیسے ممالک کے رہنما اقتصادی اور سیاسی دباؤ میں ہیں۔ امریکا اب دنیا میں تیزی سے اپنی مقبولیت کھو رہا ہے جبکہ اندرونی طور پر وہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جہاں ڈونلڈ ٹرمپ کے حامی خاندان سے تعلق رکھنے والے ایک سفید فام نوجوان نے سفید فام بالادستی کے رہنما کو قتل کردیا۔ امریکی ریاست یوٹاہ جہاں یہ قتل کا واقعہ ہوا، کے ریپبلکن گورنر نے اس حقیقت پر افسوس کا اظہار کیا کہ قاتل سفید فام تھا جس کا تعلق کسی اقلیتی گروپ یا تارکین وطن سے نہیں تھا جس کا مطلب تھا کہ دائیں بازو والے آسانی سے اس واقعے کو بائیں بازو کے نظریات رکھنے والوں کے خلاف استعمال نہیں کرسکتے۔ ایسا لگتا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ 19ویں صدی کے منرو نظریے کو واپس لا رہے ہیں جس نے امریکی سرزمین کے معاملات میں بیرونی مداخلت کو سختی سے منع کیا تھا۔ دوسری جانب وہ وینزویلا کو نشانہ بنا رہا ہے کیونکہ اس کے چین اور ایران کے ساتھ تعلقات ہیں۔ برازیل میں صدر لولا نے اپنے دائیں بازو کے حریف جیر بولسونارو کو حکومت کا تختہ الٹنے کی کوشش کرنے پر جیل بھیج دیا ہے۔

امریکی حامی ارجنٹینا کے صدر اپنا کنٹرول کھوتے نظر آرہے ہیں، یہاں تک کہ ایسی اطلاعات بھی ہیں کہ وہ بڑے سیاسی اور معاشی فیصلے کرنے میں مدد کے لیے اپنے پالتو کتے پر انحصار کرتے ہیں کہ اس کے بھونکنے کا انداز کیسا ہے۔ اس کے علاوہ یوریشیا میں شنگھائی تعاون تنظیم نے ایک نئی توانائی حاصل کی ہے۔ چین نے حال ہی میں ایک اہم سربراہی اجلاس منعقد کیا جس کے بعد فوجی طاقت کا زبردست مظاہرہ کرکے بتایا کہ اگر اس پر کبھی جنگ مسلط کی گئی تو وہ لڑنے کے لیے تیار ہے۔ مغربی ایشیا میں عرب اور مسلم ریاستیں غزہ میں اسرائیل کی بیلگام نسل کشی کارروائیوں اور دوحہ پر اس کے قاتلانہ حملے سے نبرد آزما ہیں۔ ممکنہ طور پر یہ حملہ وہاں موجود امریکی دفاعی فورسز کے علم میں ہوگا۔ تاہم ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ حملے کے حوالے سے لاعلم تھے۔ جنوبی ایشیا میں نیپال میں اشرافیہ کی حکمرانی کے خلاف پُرتشدد مظاہرے دیکھنے میں آئے جن کے نتیجے میں تیسری بار وزیراعظم بننے والے رہنما کی حکومت کا تختہ الٹ گیا۔ بھارتی میڈیا امید کررہا تھا کہ پُرتشدد واقعات سے پرانی بادشاہت بحال ہوجائے گی جس کی مضبوط ہندو بنیادیں تھیں لیکن ایسا نہیں ہوا۔ چونکہ سابق بادشاہ کو ہندو دیوتا وشنو کی حیثیت سے دیکھا جاتا تھا، اس لیے اس بادشاہت کو واپس لانے کا مطلب نیپال کے سیکولر (غیر مذہبی) آئین سے چھٹکارا حاصل کرنا ہوگا جس کا امکان بہت کم ہے۔

بھارت میں بہت سے لوگوں کو اس بات کا احساس نہیں ہوتا کہ کھٹمنڈو کے حکمران چاہے بادشاہ ہوں یا منتخب حکومت، چین کے ساتھ ان کے ہمیشہ مضبوط تعلقات رہے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک کہانی ہے کہ بادشاہ نے چین سے کہا کہ وہ چین میں روپوش کچھ ماؤزے تنگ نواز جنگجوؤں کو واپس بھیج دے۔ اور چین نے جلد ہی انہیں نیپال کے حوالے کردیا۔ بنگلہ دیش کی عبوری حکومت نے مارچ میں انتخابات کے انعقاد کا اعلان کیا ہے۔ اگر ڈھاکا یونیورسٹی کے انتخابات میں جماعت اسلامی کے حمایت یافتہ طلبہ کی جیت کو علامت کے طور پر لیا جائے تو یہ ملک اور خطے کے مستقبل میں دلچسپ تبدیلیوں کی نشاندہی کرتا ہے حالانکہ یہ زیادہ نہیں ہوں گی۔ دوسری جانب سری لنکا کے بائیں بازو کے صدر نے امریکا کے حامی سابق وزیراعظم رانیل وکرما سنگھے کو مبینہ بدعنوانی کے الزام میں جیل بھیج دیا ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ کی حمایت سے جس ملک کو چاہے نشانہ بنانے والے اسرائیل کی بڑھتی ہوئی جارحیت کے خلاف مالدیپ کے صدر عرب-اسلامی سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے دوحہ میں موجود تھے۔

اسی دوران پاکستان اور بھارت نے دبئی میں کرکٹ میچ کھیلا جو کہ ایک خوشگوار ایونٹ ہوسکتا تھا۔ لیکن اس پر بھارتی اپوزیشن جماعتوں کی مخالفت کا سایہ چھایا رہا۔ کشیدگی سے کچھ سکون اس وقت ملا کہ جب اقوام متحدہ میں پاکستان کے مندوب نے دل چھو لینے والی تقریر کی جس میں انہوں نے فلسطین پر قبضے اور غزہ میں جاری نسل کشی پر اسرائیل کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا۔ وہیں بھارت نے اسرائیل کے انتہائی دائیں بازو کے وزیر خزانہ بیزالیل اسموٹرک کے ساتھ کئی دفاعی معاہدوں پر دستخط کرکے اپنی معمول کی روش برقرار رکھی۔ اس حرکت سے بھارت نے گلوبل ساؤتھ کے بہت سے ممالک (اور ممکنہ طور پر یورپ) کو حیران کردیا جہاں نفرت انگیز بیزالیل اسموٹرک کو بلیک لسٹ کیا گیا ہے۔ پاکستان کے مایہ ناز شاعر فیض احمد فیض سے منسوب ایک افسانوی کہانی جنوبی ایشیا کے حالات کا بہترین نقشہ کھینچتی ہے۔ ان کے ساتھی مبینہ طور پر افغانستان پر سوویت یونین کے حملے کے بعد پاکستان کو لاحق خطرات پر بات کررہے تھے۔ بھارت سندھ پر نظریں گاڑھے ہوا تھا۔ ایران بلوچستان میں دلچسپی رکھتا تھا جبکہ سوویت یونین پاکستان کے گرم پانیوں تک رسائی چاہتا تھا۔ لیکن کیا فیض احمد فیض اتفاق کرتے تھے؟ کہانی کے مطابق شاعر نے سگریٹ کا لمبا کش لیا اور راکھ کو جھاڑتے ہوئے سوچ سمجھ کر نتیجہ اخذ کیا کہ 'پاکستان کو سب سے بڑا خطرہ یہ ہے کہ کچھ نہیں بدلے گا'۔ نیپال ایک ایسا ملک ہے جس نے کچھ عرصہ قبل اپنی صدیوں پرانی مذہبی بادشاہت کا تختہ الٹ دیا، خود کو ایک سیکولر جمہوریہ قرار دیا اور ماؤنواز جنگجوؤں کو پارلیمانی جمہوریت پسندوں میں تبدیل کیا۔ کٹھمنڈو کے حالیہ مظاہروں میں کرپشن اور اقرباپروری کو حقیقی مسائل کے طور پر نمایاں کیا گیا۔ دونوں مسائل اہم ہیں جنہوں نے منتخب لیکن مبینہ طور پر بدعنوان حکومت کے خلاف غصہ بھڑکانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ تاہم یہ سنگین مسائل نااہل لیڈران کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور عوام اپنے سیاسی سرمائے کو غلط ہاتھوں میں دے سکتے ہیں۔ پاکستان اور بھارت میں بدعنوانی کے خلاف کئی تحریکیں چل چکی ہیں لیکن مسئلے کی جڑوں کو حل نہیں کیا گیا۔ مثال کے طور پر 'انڈیا اگینسٹ کرپشن' مہم نے کاروبار میں غیر منصفانہ پسندیدگی اور دیرینہ بدعنوانی کو ختم کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ اس کے بجائے اس مہم نے منموہن سنگھ کی دوسری میعاد کو نشانہ بنایا اور نریندر مودی جیسا سربراہ بھارت کو دیا۔ اسی طرح پاکستان میں عملی طور پر تمام رہنما چاہے وہ سویلین ہوں یا فوجی، ان وعدوں کے ساتھ آئے کہ وہ نظام کو صاف کریں گے لیکن پھر وہ اسی نظام کا حصہ بن گئے۔ نیپال میں بائیں بازو کی حکومت غیر مقبول ہوچکی تھی جو کہ سری لنکا کے برعکس ہے

''سیاست میں ''عدم برداشت'' اور ''ناپسندیدہ روایات''

تاثرات — سید مجاہد علی

پاکستان اور بھارت کے درمیان تصادم اور دوریوں کا رویہ اب کرکٹ میں بھی نمایاں ہوا ہے۔ گزشتہ روز ایشیا کپ میں دونوں ملکوں کی ٹیمیں مدمقابل تھیں لیکن ٹاس کے موقع پر پاکستان اور انڈیا کے کپتانوں نے مصافحہ نہیں کیا اور میچ ختم ہونے کے بعد بھارتی بیٹسمینوں نے بھی میدان میں موجود پاکستانی کھلاڑیوں کے ساتھ ہاتھ ملانے سے انکار کردیا۔ بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے بھارتی ٹیم کے کپتان سوریا کمار یادیو نے بتایا کہ 'مصافحہ نہ کرنے کا فیصلہ انڈین کرکٹ بورڈ اور حکومت کے فیصلے کے مطابق تھا'۔ گویا کھلاڑیوں کو بورڈ اور حکومت کی طرف سے پابند کیا گیا تھا کہ وہ کسی پاکستانی کھلاڑی سے ہاتھ نہ ملائیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان تلخیاں تو کافی عرصے سے موجود ہیں لیکن مئی میں ہونے والی عسکری جھڑپوں کے بعد سے ان دوریوں میں اضافہ ہوا ہے۔ دونوں ملکوں نے ایک دوسرے پر متعدد پابندیاں عائد کی ہوئی ہیں۔ البتہ کھیل کا میدان ہی ایک ایسی جگہ تھی جہاں دونوں ملکوں کے لوگوں کے درمیان بھائی چارہ دیکھنے کو ملتا تھا۔ بھارت میں نریندر مودی کی حکومت نے کافی عرصہ سے کھیلوں کے علاوہ ثقافت کو بھی سیاسی ضرورتوں کے ساتھ منسلک کردیا ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان ادیبوں اور فنکاروں کا تبادلہ بند ہوچکا ہے اور بھارتی حکومت عام طور سے اپنے کھلاڑیوں کو پاکستان کے ساتھ مقابلوں میں شریک ہونے کی اجازت نہیں دیتی۔ دونوں ملکوں کے درمیان کرکٹ میچ چونکہ خاص طور سے عوامی توجہ کا مرکز ہوتے ہیں، اس لیے حکومت نے ان میچوں کو بھی نشانہ بنایا ہے اور پاکستان اور بھارت کے درمیان طویل عرصہ سے کوئی ٹورنامنٹ نہیں ہوسکا۔ اس پس منظر میں انٹرنیشنل کرکٹ بورڈ کے بینر تلے ہونے والے بین الاقوامی مقابلوں میں ہی دونوں ملکوں کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوتی ہیں۔ پابندیوں اور سیاسی کشیدگی کے ماحول کے باوجود پاکستان اور بھارت کے کھلاڑیوں کے درمیان دوستانہ تعلقات رہے ہیں۔ یہ جب بھی مدمقابل ہوتے ہیں تو ایک دوسرے کا ڈٹ کر مقابلہ کرتے ہیں لیکن ان کے درمیان انفرادی سطح پر دوستی اور مواصلت موجود رہتی ہے۔ اس طرح شدید تر اختلافات کے باوجود امید کی ایک چھوٹی سی کرن روشن رہتی ہے کہ کبھی نہ کبھی کسی طرح وسیع آبادی پر مشتمل یہ دونوں ممالک بھی باہمی اختلافات کا کوئی حل تلاش کرلیں گے تاکہ دونوں طرف آباد لوگوں کے درمیان میل جول کا سلسلہ شروع ہو۔ البتہ سیاسی ایجنڈے پر نفرت پھیلانے والے گروہوں کے لیے یہ صورت حال بھی ناقابل قبول ثابت ہوئی ہے۔ گزشتہ روز پاکستان اور بھارت کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان ایشیا کپ کا مقابلہ ہوا لیکن نہ تو ٹاس کے موقع پر حسب روایت انڈین کپتان سوریا کمار یادیو نے پاکستانی کپتان سلمان علی آغا سے ہاتھ ملایا اور نہ ہی 7 وکٹوں سے پاکستان کو شکست دینے کے بعد بھارتی بلے بازوں نے میدان چھوڑتے ہوئے حسب روایت پاکستانی کھلاڑیوں سے مصافحہ کیا۔

اب پاکستان کرکٹ بورڈ نے میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کے خلاف آئی سی سی سے شکایت کی ہے اور کہا ہے کہ اگر اس ریفری کو ایشیا کپ سے باہر نہ کیا گیا تو پاکستانی ٹیم ٹورنامنٹ کے کسی میچ میں شریک نہیں ہوگی۔ اس ریفری پر یہ الزام ہے کہ انہوں نے ٹاس کے موقع پر دونوں کپتانوں سے درخواست کی تھی کہ وہ ایک دوسرے سے ہاتھ نہ ملائیں۔ اس بارے میں کوئی وضاحت موجود نہیں ہے کہ انہیں ایسی ہدایت یا مشورہ دینے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی۔ پائیکرافٹ کا موقف آئی سی سی کو جمع کرائی جانے والی رپورٹ میں ہی سامنے آسکے گا۔ البتہ بھارتی کپتان نے میچ کے بعد پریس ٹاک میں واضح کیا کہ انہوں نے اور ان کے باقی ساتھیوں نے حکومتی پالیسی کے تحت پاکستانی کھلاڑیوں سے مصافحہ کرنے سے گریز کیا۔ کوئی بھی ٹیم اپنی حکومت کے حکم سے روگردانی نہیں کرسکتی لیکن اس طرز عمل نے کرکٹ اور کھیل کے غیر جانبدارانہ ماحول میں سیاسی آلودگی ملادی ہے، جس سے دونوں ملکوں کے درمیان نفرتوں میں اضافہ ہوگا۔ انڈین کپتان سوریا کمار یادیو نے پریس کانفرنس کے دوران اپریل میں پہلگام سانحہ کا ذکر کیا اور اس دہشت گردی میں ہلاک ہونے والوں کے ساتھ اظہار یک جہتی کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ وہ اپنی جیت کو انڈین افواج کے نام کرتے ہیں۔ کسی ٹیم کے کپتان کے لیے ایسی گفتگو نہایت نامناسب اور غیر ذمہ دارانہ تھی لیکن پوری تصویر کا مشاہدہ کیا جائے تو بھارتی کپتان کو یہ سب باتیں کرنے کی باقاعدہ ہدایت کی گئی تھی۔ یہ بھارتی حکومت کی نفرت وعناد پرمبنی پالیسی تھی جو کرکٹ کے میدان کو دوستی کے اظہار کی بجائے نفرت کے فروغ کے لیے استعمال کرنے کا سبب بنی ہے۔ عام طور سے کھیل کے معاملات میں حکومتوں کی مداخلت کو ناپسند کیا جاتا ہے اور تمام کھیلوں کی تنظیمیں، قومی کھیل تنظیموں کے انتظام میں کسی بھی حکومت کا عمل دخل قبول نہیں کرتیں۔ تاہم بھارتی کرکٹ کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ اس کا بورڈ حکومتی اشاروں پر فیصلے کرتا ہے اور آئی سی سی بھارتی بورڈ کی مالی حیثیت کی وجہ سے اس کی سرزنش کرنے میں کامیاب نہیں ہوتی۔

پاکستان اور بھارت کے درمیان زبان، ثقافت، لین دین اور رسم ورواج کی کئی مشترکہ قدریں ہیں۔ ان دونوں ملکوں کے لوگ بوجوہ خود کو ایک دوسرے سے قریب محسوس کرتے ہیں لیکن اب سیاسی و مذہبی بنیادوں پر پھیلائی جانے والی انتہا پسندی کی بنیاد پر تمام تر مشترکہ اثاثہ کے باوجود دونوں ملکوں میں لوگوں کے دلوں میں نفرت و عداوت کا بیج بویا جارہا ہے۔ یہ طریقہ نہ صرف کھیلوں کے لیے افسوسناک ہے بلکہ جوہری صلاحیت رکھنے والے دو ملکوں کے درمیان ایسی نفرت تصادم درحقیقت جنگ جوئی کی فضا ہموار کرنے کا سبب بنے گی۔ حالانکہ پاکستان اور انڈیا کے لیڈروں کو سیاسی اختلافات کے باوجود سماجی سطح پر نفرت سے گریز کرنا چاہیے تاکہ لوگوں کے درمیان رابطوں کا سلسلہ شروع ہوسکے اور مسائل پر بات چیت کے لیے میدان ہموار ہو۔ بھارتی لیڈر ضرور اپنے حجم اور طاقت کے زعم میں فی الوقت پاکستان کی طرف سے مذاکرات کی دعوت کو نظر انداز کر رہے ہیں لیکن ہر ذی شعور جانتا ہے کہ کوئی تنازعہ خواہ کتنا ہی پیچیدہ اور مشکل کیوں نہ ہو، اسے جنگ کی بجائے صرف بات چیت سے ہی حل کیا جاسکتا ہے۔ پہلگام سانحہ پر بھارت میں جو صدمہ محسوس کیا گیا، پاکستان کے عام شہریوں کو بھی اس کا اتنا ہی افسوس تھا۔ البتہ مودی حکومت نے اس سانحہ کو پاکستان کے خلاف سیاسی ماحول پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا۔ کسی ثبوت کے بغیر یہ دعویٰ کیا گیا کہ اس دہشت گردی میں پاکستان ملوث تھا، اسی لیے بھارت نے مئی میں پاکستان پر حملہ کیا تھا۔ یوں تو پاکستان بھی انڈیا پر الزام عائد کرتا ہے

پہلے اپنے تضادات

خیالات — رسول بخش رئیس

ویسے تضادات کسی معاشرے میں نہ ہوں تو وہ انسانی معاشرہ نہیں ہوسکتا۔ جنگلوں، دریاؤں اور صحراؤں میں بھی تضادات بقا کی جنگ کی صورت فطری رویوں میں نظر آتے ہیں۔ ہر انسان کے اندر تضاد کو اس کی سرشت میں رکھ دیا گیا ہے۔ دوسروں کا تو معلوم نہیں یہ درویش خود اپنے اندر ہمہ وقت دو طرح کی لڑائیوں کو سمندر کی موجوں کی طرح اٹھتے اور دھڑام سے گرتے محسوس کرتا ہے۔ اندر کی دنیا کے راز کچھ اور ہیں، اور ان کا عملی میدان بھی بہت مختلف ہے، ہم جیسے جس کے قریب بھی نہیں پھٹک سکتے۔ ہم تو باہر کی دنیا، سیاست اور معاشرت سے واجبی سی آگاہی کا بھی دعویٰ نہیں کر سکتے، مگر کچھ چیزیں تو ہر ایک کو دکھائی دیتی ہیں۔ صرف وطن عزیز میں نہیں بلکہ پوری دنیا میں۔ ایک بات ذہن میں رہنی چاہیے کہ جب تک انسان ہیں اور ان کی معاشرت ہے تو مفادات کا ٹکراؤ، نظریات کا اختلاف، نسلی اور مذہبی تقسیم کبھی ختم نہیں ہوسکتی۔ تاریخ میں ہم نے دیکھا ہے کہ ہر ملک اور ہر خطے میں ہر نئے آنے والے دور میں صرف تضادات کی نوعیت اور باہمی طور پر متحارب گروہ اور شخصیات ہی بدلی ہیں، مگر کشمکش کا بازار ہمیشہ گرم رہا ہے۔ آج کل امریکہ میں ایک پرانا تضاد نئے رنگ میں ابھرا ہے اور وہ ہے لبرل اور قدامت یا روایت پسندوں کے مابین ٹکراؤ، جس میں مذہبی رنگ موجودہ دور میں نمایاں نظر آتا ہے۔ اسی تضاد سے ایک طرف مذہبی قومیت پرستی نے پوری دنیا کو لپیٹ میں لے رکھا ہے اور دوسری طرف ان کے مخالف وہ قوتیں ہیں جو رواداری، مساوات اور انسانی ہم آہنگی کی بات کرتی نظر آرہی ہیں۔ سیاسی نظام ہمیشہ کے لیے ان تضادات یا مفادات کے ٹکراؤ کو ختم کرنے کا متحمل نہیں بلکہ اس کے درد کی شدت کو مدھم رکھنے اور وقتی طور پر اس میں اتفاق کرنے میں ایک کردار ادا کرتا ہے۔ نظام ایک بڑی چھت کا تصور ہے جس کے نیچے سب اپنی سیاست اور نظریات کی دکانیں سجا کر اپنا سودا پُرامن ماحول میں بیچ سکتے ہیں۔ اور سب برابر کی بنیاد پر اور ایک ہی قانون اور آئین کے تابع ہیں۔

تکرار کے لیے معذرت خواہ ہوں کہ کوئی بھی ریاست آج تک اپنے تضادات ختم نہیں کر پائی۔ ریاستوں کی کامیابی اس بات پر منحصر ہے کہ مفادات کے ٹکراؤ اور تضادات کو اپنی اپنی حد میں رکھ کر پُرامن حل کی صلاحیت پیدا کی جائے۔ آج کے دور میں اس لحاظ سے دو اقسام کی ریاستیں ہیں۔ کوئی فرد یا گروہ پُرتشدد انداز میں دخل انداز ہونے کی کوشش کرتا ہے، ریاست اسے ذمہ دار ٹھہرا کر سزا دیتی ہے۔ لیکن جدید ریاستیں صرف قانونی یا ریاستی طاقت کا استعمال نہیں کرتیں، وہ صرف اس وقت ایسا کرتی ہیں جب ایسا کرنا ناگزیر ہو جائے۔ وہ تعلیم، سماجی ترقی، انصاف کی بروقت فراہمی، نئی ایجادات اور خوشحالی لاتی ہیں تاکہ فرد اور معاشرے مطمئن رہیں اور ترقی کی برکات سے مستفید ہوکر وفادار اور پُرامن شہری بنے رہیں۔ دوسری طرف وہ ریاستیں ہیں، جو جبر اور طاقت کا استعمال کرتی ہیں اور ایسا کرتے کرتے اس کی افادیت سے بھی ایک دن ہاتھ دھو بیٹھتی ہیں۔ ہمارے ملک میں ایک عرصہ سے تضادات بڑھتے ہوئے مزید پیچیدہ ہوتے جا رہے ہیں۔ قوموں کی قسمت کے ستارے آسمان نہیں زمین پر ہوتے ہیں اسی لیے ذمہ دار بھی زمینی مخلوق کا وہ بالا طبقہ ہے جس کے ہاتھ میں اقتدار رہا ہے۔ آپ کو معلوم ہی ہے کہ کون سے سیاسی خاندان اور ان کی کون سی نسل ایوانوں میں دندناتی پھرتی ہے۔ اکثر آپ نے دیکھا ہی ہوگا کہ الزام دوسروں پر ہی دھرا ہے اور وہ کیمروں کے سامنے کبھی ہنس اور کبھی کھردرے انداز میں اپنی معصومیت کی کہانیاں سناتے، پاکیزگی کی تیلی گلی سے نکل جاتے ہیں۔ اب یہاں کون کون سی بات آپ کے سامنے رکھوں کہ تیسری دنیا کے ہم جیسے ممالک میں قانون، آئین اور انتخابی ادارے، سب کچھ طاقتور سیاسی خاندان اپنے تصرف میں لانے کا فن خوب جانتے ہیں اور اس فعالیت میں ان کا کوئی ثانی نہیں۔ ایسے میں ریاستوں کی حکمرانی کی صلاحیت، خاص طور پر وہ اخلاقی اور قانونی حیثیت جسے وہ استعمال میں لاکر معاشرے کے تضادات کو ایک حد سے آگے جانے نہیں دیتے، کمزور ہو جاتی ہے۔ سیاسی کشمکش قانون قدرت کے مطابق آتش فشاں چھوڑنے اور ہر طرف آگ پھیلانے کی سکت رکھتی ہے، جسے کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ چلیں چھوڑیں، یہ تو خطے کے دیگر کچھ ممالک میں گزشتہ ایک دو سال میں ہو چکا ہے، اور اگر ہمارے سیاسی حکمران سب اچھا ہے کا پرانا راگ الاپتے رہتے ہیں تو ہمیں کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ ہم تو ہیں ہی تماش بین، اور تماشا دیکھنے کے لیے اب بھی بہت کچھ نظر آتا رہتا ہے۔

مگر دکھ تو ہوتا ہے کہ ہمارا اتنا بڑا ملک ہے، کم از کم آبادی کے لحاظ سے ہمارے ہاں قدرتی وسائل کی کمی نہیں اور نہ ہی انسانی صلاحیتوں کی، مگر ہم خود اپنے لیے اور دنیا کے سامنے تماشا بنے رہیں۔ اصل میں مسئلہ انسانی نقطہ نظر کا ہے کہ ہم کیا دیکھنا چاہتے ہیں اور کیا نہیں، اس لیے ایک ہی معاشرتی حقیقت مختلف عینکوں سے مختلف رنگوں میں نظر آتی ہے۔ سب ٹھیک ہے، کہنے اور سوچنے والوں کی یہاں کمی ہے اور نہ ہی ان کی جو طوفانوں کو دور سے آتا دیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ کل پرسوں جو بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے کچھ علاقوں میں ہماری افواج کے جوانوں کی شہادتیں ہوئی ہیں، دل بہت رنجیدہ ہے۔ ایسی قربانیاں نہ جانے ہم کب سے دے رہے ہیں اور فخر ہے کہ جوش اور ولولے میں کبھی کمی نہیں آئے گی۔

ہمیں دہشت گرد گروہوں کا سامنا ایک عرصے سے ہے اور یہ گروہ مذہبی اور لسانی انتہا پسندی کے نظریات اور بیرونی طاقتوں کی شہ اور وسائل کے سہارے قومی امن اور یکجہتی اور ہم سب کے لیے ایک مشترکہ خطرہ ہیں۔ ایسے تضادات کو ختم کرنے کے لیے جہاں ریاست کی طاقت ناگزیر ہے وہاں سیاسی ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بوجوہ ہماری اجتماعی سیاسی صلاحیتیں کمزور ہوئی ہیں۔ معیشت، ساختی نوعیت کے مسائل کا شکار ہے اور سماجی رویوں میں اخلاقیات تو کب کی رخصت ہو چکیں۔ اب انارکی سرایت کر چکی ہے۔ ہر نوع کے پیشہ ور منظم گروہ بازار سے لے کر کئی دیگر شعبوں تک لاقانونیت کے ہتھیار کو کسی زمانے کی پنجابی فلموں کے ولنوں کی طرح جتھے بنا کر استعمال کرتے ہیں۔ سیاسی تقسیم اور اس سے پیدا ہونے والی سیاسی کشمکش نے حکومتی اداروں کو بہت کمزور اور قانون کی طاقت کو زوال پذیر کیا ہے۔ ہم آج قومی مسائل کے انبار پر کھڑے ہیں اور ہمیں تو کچھ سمجھ نہیں آرہا کہ ان کے حل کے لیے کون سے بندے کو پکڑیں، کہاں سے شروع کریں۔ یہ بھی تو سوچنا مشکل نہیں کہ دیگر قوموں نے مشکل ترین حالات میں اپنے لیے کیا چارہ جوئی کی۔ کیسے وہ کہاں سے کہاں پہنچ گئیں اور آخر کھلے دل سے اپنا تجزیہ کرنے میں کیا حرج ہے

دالبندین میونسپل کمیٹی ملازمین کا تنخواہوں کی بندش کیخلاف احتجاج

شہر میں صفائی کا نظام درہم برہم

جب تک تنخواہیں بحال نہیں کی جاتیں، صفائی ستھرائی اور دیگر تمام معمولات زندگی مکمل طور پر بند رہیں گے

میونسپل کمیٹی کے ریگولر، ڈیلی ویجز، پنشنرز اور صفائی کے عملے کی تین ماہ سے تنخواہیں بند ہیں، مظاہرین کا خطاب

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دالبندین میونسپل کمیٹی ملازمین کی تین ماہ سے تنخواہیں بند، احتجاج و ہڑتال شروع میونسپل کمیٹی دالبندین کے ریگولر ملازمین، ڈیلی ویجز، پنشنرز اور صفائی کے عملے نے تین ماہ سے تنخواہیں اور فنڈز کی بندش کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ ملازمین نے میونسپل کمیٹی کے احاطے میں احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے واضح اعلان کیا کہ جب تک ان کی تنخواہیں بحال نہیں کی جاتیں، صفائی ستھرائی اور دیگر تمام معمولات زندگی مکمل طور پر بند رہیں گے۔ ملازمین کا کہنا تھا کہ مسلسل تین ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے کی وجہ سے وہ شدید مالی مشکلات میں دوچار ہیں، یہاں تک کہ مقامی پرچون فروش اور سبزی فروش بھی انہیں مزید ادھار دینے سے انکار کر چکے ہیں۔ ان کے مطابق شہر اور نواحی علاقوں کا صفائی کا نظام معطل کر دیا گیا ہے کیونکہ ٹریکٹرز اور دیگر مشینری کے لیے پٹرول و ڈیزل کی فراہمی بھی روک دی گئی ہے۔ احتجاجی ملازمین نے وضاحت کی کہ اگر خدانخواستہ کسی مقام پر آگ بھڑک اٹھی تو فائر بریگیڈ کی گاڑی عوامی خدمت کے لیے تیار رہے گی، تاہم صفائی ستھرائی اور دیگر بلدیاتی سرگرمیاں آج سے مکمل طور پر معطل کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حلقوں کے اصرار پر صرف کتا مار مہم کو جاری رکھا گیا ہے تاکہ شہریوں کو مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ اہلکاروں کا کہنا تھا کہ ہم اپنے گھروں کے چولہے جلانے اور دو وقت کی روٹی کے لیے بھی پریشان ہیں، تنخواہیں بند ہونے سے حالات ناقابل برداشت ہو گئے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر خزانہ سے پرزور اپیل کی کہ میونسپل کمیٹی دالبندین کے تمام ملازمین کی تنخواہیں فوری طور پر بحال کی جائیں، بصورت دیگر احتجاج اور ہڑتال کا سلسلہ غیر معینہ مدت تک جاری رہے گا۔

دالبندین، میونسپل کمیٹی کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی کیخلاف احتجاج کر رہے ہیں

کچھی ضلع میں امن و امان کی بحالی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر

چوروں اور ڈاکوؤں کے خلاف کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں کی جائے گی

بھاگ (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر کچھی جمعہ داد مندوخیل نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ کچھی میں امن و امان قائم رکھنے کے لیے تمام گینگ چوروں اور ڈاکوؤں کے خلاف کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں کی جائے گی علاقے میں جرائم پیشہ افراد کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے قانونی کارروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے ہیں چور ڈاکوؤں اور ان کے سہولت کاروں کا گھیرا تنگ کیا گیا ہے کچھی ضلع میں امن و امان کی بحالی میری اولین ترجیح ہے میرا مقصد کچھی کو امن کا گہوارہ بنانا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ضلع اور اس سے متصل سندھ بلوچستان بولان قومی شاہراہ کو محفوظ بنانے کے لیے چوروں اور ڈاکوؤں کے ٹھکانوں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں جو لوگ امن و امان کی صورتحال خراب کرنے کی کوشش کریں گے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا ہے کہ ضلع میں چوروں اور ڈاکوؤں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں

اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے رویے کے خلاف صحافی برادری سراپا احتجاج

حب (این این آئی) اسسٹنٹ ڈائریکٹر معدنیات حب کا صحافیوں کے ساتھ غیر اخلاقی رویے کے خلاف صحافی برادری سراپا احتجاج ڈی جی معدنیات سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز محکمہ معدنیات کے دفتر میں آنے والے ڈمپر ایسوسی ایشن کے رہنماؤں کی ڈپٹی ڈائریکٹر سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کے دوران اچانک اسسٹنٹ ڈائریکٹر معدنیات حب ناصر شیخ نے ڈمپر ایسوسی ایشن کے رہنماؤں کو واپس دفتر بلایا اور انکو میڈیا نمائندگان کے بارے میں بریف کیا جہاں انہوں نے باہر کھڑے صحافیوں کے بارے میں انتہائی غیر اخلاقی جملہ بول دیا جو ڈمپر ایسوسی ایشن رہنما کو لگے صحافی کے مائک سے ریکارڈ ہو گیا بعد میں صحافیوں نے موصوف سے جب اس غیر اخلاقی حرکت کی وجہ پوچھی تو موصوف مکر گئے جس پر صحافیوں میں شدید غم و غصہ پیدا ہو گیا

خضدار، وڈھ کے نواحی علاقے تھرو ماڑی میں خسرہ سے معصوم بچے متاثر

میڈیکل ٹیم متاثرہ علاقے روانہ، ٹیم کا مریضوں کا معائنہ، خسرہ کی ویکسینیشن بھی کی

خضدار (ن ن) خضدار کے سب ڈویژن وڈھ کے نواحی علاقے تھرو ماڑی میں خسرہ سے معصوم بچے متاثر مفتی جلیل احمد جلالی اور مولوی منظور احمد کی اطلاع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد نسیم لانگو کی خصوصی اور فوری ہدایت پر میڈیکل ٹیم کو ضروری ادویات اور ویکسین دے کر متاثرہ علاقے میں روانہ کر دیا میڈیکل ٹیم متاثرہ علاقے میں پہنچ کر مریضوں کا معائنہ کیا اور خسرہ کی ویکسینیشن بھی کی علاقہ مکینوں کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد نسیم لانگو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ فوری طور پر نوٹس لینے کے اقدام کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ محکمہ صحت کے عملے کو پابند کیا جائے تاکہ ایمرجنسی کی صورت میں مریضوں کو فوری طور پر ادویات مل سکیں

ڈسٹرکٹ نوشکی کے مختلف یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کا اجلاس

23 ستمبر کو کوئٹہ پریس کلب کے سیمینار میں بھرپور انداز میں شرکت کا اعلان

نوشکی (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ نوشکی کے مختلف یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کا اجلاس یونین کونسل بٹو کے آفس میں منعقد ہوا اجلاس میں یونین کونسل بٹو کے چیئرمین حاجی منظور احمد گورگیج، چیئرمین یونین کونسل کیشنگی حاجی محمد انور مینگل، چیئرمین یونین کونسل گوماژی ڈیڈار حیات خان جمالدینی، چیئرمین یونین کونسل بادینی میر محمد جان بادینی، چیئرمین یونین کونسل صاحبزادہ حاجی گل روونی نے اجلاس میں شرکت کی اجلاس میں شریک تمام یونین کونسلوں کے چیئرمینوں نے 23 ستمبر کو آل بلوچستان یونین کونسل چیئرمین ایسوسی ایشن کی جانب سے کوئٹہ پریس کلب میں منعقد کی گئی سیمینار میں بھرپور انداز میں شرکت کا اعلان کیا گیا انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات کو طویل عرصہ گزر گئے مگر تاحال بلدیاتی نمائندے اختیارات سے محروم ہیں بلدیاتی اداروں کو فنڈز کی عدم فراہمی کی وجہ سے تمام یونین کونسلوں میں مسائل کے انبار لگے ہوئے ہیں

سبی، اے سی سید منصور علی شاہ کی قیادت میں ماں کے دودھ کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی واک کی جا رہی ہے

اے سی قلات آفتاب احمد لاسی نے MNCH سینٹر چشمہ کا دورہ

قلات (ن ن) ڈپٹی کمشنر قلات جمیل احمد بلوچ کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر قلات آفتاب احمد لاسی نے MNCH سینٹر چشمہ کا دورہ کیا ڈاکٹروں اور دیگر اسٹاف کی حاضریاں چیک کیں ہسپتال میں دستیاب ادویات سمیت صفائی ستھرائی سہولیات اور مسائل کا جائزہ لیا اس موقع پر طبی عملے سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر آفتاب احمد لاسی نے کہا کہ صحت کے شعبے میں بہتری لانے کے لیے ضلعی انتظامیہ قلات متحرک ہے۔

سردار سرفراز چاکر ڈومکی عظیم اور باوقار شخصیت کے مالک تھے، عبدالوحید

نصیر آباد (نامہ نگار) سونگی قبائل کے سربراہ سردار عبدالوحید خان سونگی نے مرحوم سردار سرفراز چاکر خان ڈومکی کی پہلی برسی کے موقع پر اپنے بیان میں انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سردار سرفراز چاکر ڈومکی ایک عظیم اور باوقار شخصیت کے مالک تھے جنہوں نے اپنی زندگی میں ہمیشہ عوامی خدمت، سیاسی جدوجہد اور قبائلی یکجہتی کو فروغ دیا۔ سردار عبدالوحید خان سونگی نے کہا کہ مرحوم کی شخصیت کی سب سے نمایاں خصوصیت ان کا قول و فعل میں سچا اور پکا ہونا تھا۔ وہ اپنے وعدے کی پاسداری کرتے تھے اور ہر موقع پر عوام کے ساتھ کھڑے رہتے تھے۔ ان کی سیاسی بصیرت اور قبائلی خدمات کو نہ صرف ڈومکی قبیلے بلکہ پورے خطے میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ سردار عبدالوحید خان سونگی نے کہا کہ سردار سرفراز چاکر ڈومکی نے امن، بھائی چارے اور انصاف کے قیام کے لیے جو کاوشیں کیں وہ آئندہ نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔

ماں کا دودھ پیدائش سے 6 ماہ تک بچے کیلئے ضروری ہے، سید منصور علی شاہ

ماں کا دودھ بچے کے جسمانی ذہنی اور روحانی ارتقاء کی بنیاد ہے، ماں کے دودھ میں تمام غذائی اجزا پائے جاتے ہیں

دودھ پلانے کے دوران ماں اور بچے کے درمیان محبت، سکون، اور اعتماد کا تعلق پروان چڑھتا ہے، اسسٹنٹ کمشنر

سبی (نمائندہ مشرق) اسسٹنٹ کمشنر سبی سید منصور علی شاہ نے کہا ہے کہ نیوٹریشن ڈائریکٹ محکمہ صحت بلوچستان کے زیر اہتمام ماں کے دودھ کی اہمیت کے حوالے سے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ماں کا دودھ پیدائش سے لے کر 6 ماہ تک بچے کے لیے بیحد ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیوٹریشن ڈائریکٹ محکمہ صحت بلوچستان اور یونیسف کے تعاون سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا سیمینار سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر اکبر سونگی، ڈاکٹر نصیر کرد، نیوٹریشن آفیسر حاجی خان بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ڈاکٹر محمد اکبر سونگی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سبی ڈاکٹر عمیر حسین، ڈسٹرکٹ سرویلنس آفیسر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر نصیر احمد کرد، ڈسٹرکٹ سپورٹ آفیسر پی ایچ آئی سید علی بگٹی، پروگرام مینیجر ویلس آرگنائزیشن عبدالرحیم بلوچ صاحب، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آغا خان ایس آر آئی پی پروگرام ارسلان خان، ڈسٹرکٹ سپورٹ آفیسر لیڈی ہیلتھ ورکرز پروگرام مس بانو ارباب ڈسٹرکٹ، مس ثمینہ صالح لیڈی ہیلتھ ورکر، مس ریشما لیڈی ہیلتھ ورکر، ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر حاجی بلوچ، ڈیٹا آفیسر تعمیر خلق فاؤنڈیشن نشونما، پروگرام ریاض احمد بلوچ، تحصیل کمپلائنس جینظیر انکم سپورٹ پروگرام صدام حسین، حافظ فریداللہ ڈومکی سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا، مقررین نے کہا کہ ماں کا دودھ نومولود بچے کے لیے قیمتی غذا ماں کا دودھ ہے یہ وہ نعمت ہے جس کو سائنس بھی قدرتی غذا قرار دیتی ہے اسلام میں بھی اسے بچے کا بنیادی حق سمجھا جاتا ہے قرآن و سنت میں بھی ماں کے دودھ پلانے پر زور دیا گیا ہے طبی ماہرین کے مطابق ماں کا دودھ بچے کے جسمانی ذہنی اور روحانی ارتقاء کی بنیاد ہے یہ حقیقت ہے کہ جدید میڈیکل سائنس نے جتنی ترقی کر لی ہے لیکن ماں کے دودھ کا نعم البدل تیار نہیں کر سکی

ڈی سی خضدار کا بروقت ایکشن کھلے کنویں کو لیویز فورس نے بند کر دیا

کھلا کنواں راہگیروں اور بالخصوص بچوں کے لیے ایک سنگین خطرہ بن چکا تھا

خضدار (ن ن) ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی اور اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالحفیظ کاکڑ کا بروقت ایکشن کھلے کنویں کو لیویز فورس نے بند کر دیا خضدار میگر باغ گزگی میں واقع ایک کھلا کنواں جو کہ رہائشی آبادی اور اسکول کے قریب واقع تھا، راہگیروں اور بالخصوص بچوں کے لیے ایک سنگین خطرہ بن چکا تھا۔ سوشل میڈیا پر اس خطرناک صورتحال کی نشاندہی ہوتے ہی ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی اور اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ نے فوری نوٹس لیتے ہوئے لیویز فورس کو موقع پر روانہ کیا۔ لیویز فورس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے کنویں کو محفوظ طریقے سے بند کر دیا، جس سے ممکنہ حادثے سے بچاؤ ممکن ہو سکا۔ عوام نے انتظامیہ کے اس فوری اقدام کو سراہا اور تحفظات دور کرنے پر اظہار تشکر کیا۔

بعدالت جناب کریم بخش اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم نائب تحصیلدار مسٹر لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہرگاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی شیر زمان نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد دسمال حمزہ زئی بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان امیر زمان، شیر زمان، نور زمان، نور جان، غلام زمان، سفر خان، نور اللہ جان ہے اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں حقوق مذکورہ کی جائیداد موضع نانی اعظم تحصیل مسٹر میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 16/9/025 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

ملک امانت حسین لورالائی

بعدالت جناب کریم بخش اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم نائب تحصیلدار مسٹر لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہرگاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عبدالستار نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد نور خان بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان شیر زادہ، مس والستار، اختر جان، گل زمان، ہے اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں حقوق مذکورہ کی جائیداد موضع نانی اعظم تحصیل مسٹر میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 16/9/025 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

ملک امانت حسین لورالائی

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کچھی بمقام ڈھاڈر

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

ATC کیس نمبر 22/2025 FIR نمبر 46/025 سرکار بنام۔ لیاقت وغیرہ

بجرم زیر دفعہ 324,353,186.225,427,11F,(i) (ii), 7ATA ت پ

CTD نصیر آباد ہرگاہ ہمارے روبرو نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان (1) سلام عرف عبدالسلام ولد پرودین قوم رائیجہ سکنہ ڈھاڈر بولان (2) اللہ بخش ولد گل محمد قوم رند سکنہ گلی رند آباد سریاب روڈ کوئٹہ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور ازروئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی روسے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ بتاریخ 15-10-2025 کو عدالت ہذا بمقام ڈھاڈر نالش مذکورہ کی تعمیل کیلئے حاضر ہوں مفرور ملزمان کی جانب سے مسٹر خیر محمد مری ایڈوکیٹ کو وکیل مقرر کیا جاتا ہے۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ کچھی بمقام ڈھاڈر

PRQ No1312/16-09-2025

بعدالت سیشن جج بارکھان بمقام رکنی

FIR نمبر 04/2023 سرکار بنام:۔ بنام عبدالرحمٰن وغیرہ پولیس تھانہ بارکھان

بجرم زیر دفعہ 302,201,344,34 ت پ

اشتہار برائے پیش ہونے گواہان نمبر (1) خان محمد عرف اسماعیل والا ئی بخش (2) گران ناز زوجہ خان محمد (3) فرزانہ بی بی دختر خان محمد اقوام مری ساکنان کوہلو سمنات بار بار طلب کیا گیا لیکن تاقصر ہے لیکن جاری کردہ سمنات بار بار مسلسل عدالت ہذا میں عدم تعمیل پیش نہیں ہوتے رہے جس کی وجہ سے مقدمہ عرصہ دراز سے التواء کا شکار ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ تمام گواہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 26-09-2025 کو عدالت ہذا میں حاضر آ کر اپنے اپنے بیانات قلمبند کروائیں۔ اس بابت تاکید جانیں

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بارکھان بمقام رکنی

PRQ No1313/16-09-2025

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ پشین

اشتہار زیر دفعہ 87 ض ف ہمراہ دفعہ (10) 19 ATA 1997

ہرگاہ مقدمہ نمبر 52/025 سرکار بنام:۔ بیز عین الرحمان وغیرہ CTD کوئٹہ

برخلاف ملزم:۔ بیز عین الرحمان ولد فیض اللہ قوم بڑیچ کبزئی سکنہ کبزئی ژوب

(2) نقیب اللہ عرف ذبیح عرف خلاف محمد خراسانی ولد نا معلوم قوم بڑیچ سکنہ زبری ٹاؤن بزار گئی پشین

بجرم 6(2) EE-7(1)FF-7(1)(i) 11(i) 11N 7(i) (b) 11W,11G-07 ATA

عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 27 ستمبر 2025ء مقرر ہے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ پشین

PRQ No1305/16-09-2025

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ بس اور ٹرانسپورٹ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" اس ادارے کو مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 4320301212723 بنام معشوق علی مغیری ولد محمود خان بمعہ ڈومیسائل تحصیل نانا صاحب چرمیان کے ایریا میں کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر 03103252289 مطلع کریں
عبدالحق دریا خانوزئی...........

تلاش گمشدہ

میری بی اے کی ڈگری نمبر 008370 بمعہ Transcript No.017465 بنام محمد بلال خان ولد عبداللہ کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر فون نمبر 03320215557 پر مطلع کریں
R.No...........62099

تلاش گمشدہ

میری موٹر سائیکل کا واوچر اور انوائس بنام ترک علی ولد غلام فرید چیسز نمبر F22HPF1230 انجن نمبر E22HPF1218 سریاب کوئٹہ میں کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر 03338327486 پر مطلع کریں المشتہر عبدالنبی ولد بہادر خان
R.No...........62095

اطلاع عام

پلاٹ نمبر SA-808، رقبہ 300 فٹ واقع بس اڈا ہزار گنجی اس وقت سید نعمت اللہ ولد سید فیض اللہ کے نام پر ہے ٹرانسفر رفیع اللہ ولد حاجی عبید اللہ کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No...........62100

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا اصل شناختی کارڈ نمبر 5440147830681 بنام عصمت اللہ ولد فتح محمد کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03108129066 پر مطلع کریں
R.No...........62098

اطلاع عام

پلاٹ نمبر SAC-808، رقبہ 300 فٹ واقع بس اڈا ہزار گنجی اس وقت سید عصمت اللہ ولد سید شمس اللہ کے نام پر ہے ٹرانسفر رفیع اللہ ولد حاجی عبید اللہ کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No...........62100

گمشدگی موبائل سم

میرا زونگ موبائل سم نمبر 03138311402 جو کہ میرے چچا قطب الدین ولد محمد دین کے نام پر تھا کہیں گم گیا ہے، جسے بھی ملے برائے مہربانی فرما کر درج نمبر پر رابطہ کرے نثار احمد ولد تاج الدین 03710667009
...........DGPR

اطلاع عام

دوکان نمبر 67/119، رقبہ 120 مربع فٹ واقع بس اڈا سیٹلائٹ ٹاؤن جو کہ عبدالغفور، عبداللہ، نعمت اللہ، رحمت بی بی، نور بی بی اور بی بی فاطمہ کے نام ہے کی ٹرانسفر نور احمد ولد عبدالعزیز کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا
R.No...........62100

گمشدگی واوچر

میرا ہنڈا موٹر سائیکل ماڈل 2023 انجن نمبر 1801668 چیسز نمبر Ec483867 بنام شکور اللہ ولد عبداللہ خانوزئی کے ایریا میں کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03193570069 مطلع کریں
عبدالحق دریا خانوزئی...........

اطلاع عام

پلاٹ نمبر 180-E/B2، رقبہ 120 مربع فٹ واقع سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ جو کہ عزیز اللہ ولد حاجی ندا محمد کے نام ہے اور اب اس پلاٹ میں اپنے دو بھائیوں محمد علی اور عطاء اللہ ولد حاجی ندا محمد کو شریک کرنا چاہتا ہے جس کو اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No...........62100

تلاش گمشدہ

خان اینڈ سنز انٹرپرائزز کے سرکاری کال ڈیپازٹ کی ڈی آر نمبر 14980220 مورخہ 01-03-2022 مبلغ -/40000 روپے اور ڈی آر نمبر 13980197 مورخہ 11-02-2022 مبلغ -/63500 جناح ٹاؤن کوئٹہ میں یکم ستمبر 2025 کو کہیں گم گئے ہیں جس کو بھی ملیں اس موبائل نمبر 03313888830 پر مطلع کرے۔
یاسر ڈیسک...........

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 4340206636117 بنام محمد ابراہیم ولد فضل الدین مغیری تحصیل نانا صاحب چرمیان کے ایریا میں کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03138411870 مطلع کریں
عبدالحق دریا خانوزئی...........

بعدالت جناب ثناء اللہ خان لونی تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہرگاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی آزاد خان نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد شاکستہ خان ولد خدائے نظر بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان بی بی فیروزہ بیوہ، امیر خان، سخان محمد، آزاد خان، اختر بی بی، بلقیس، خاتم بی بی، نواب بی بی، بتمام پسران دختران شاکستہ خان ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں حقوق مذکورہ کی جائیداد موضع اوریا گی میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 16/9/025 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

ملک امانت حسین لورالائی

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر 25/ درخواست گارڈین شپ

صدیقہ خوشحال دختر جمعہ خان 2-UsaiFam کاکڑ (نابالغ) سکنہ فلیٹ نمبر 11 ماشاءاللہ پلازہ سعید احمد خان روڈ کوئٹہ بنام 1۔ خوشحال ولد حاجی حبیب اللہ قوم بازئی سکنہ گلی بازئی ائیر پورٹ روڈ کوئٹہ 2۔ عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 19/9/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 11/9/2025 کو بدستخط مہر و مہر عدالت سے جاری ہوا

ADVT نازلی

EXTENSION IN DATE OF TENDER SUBMISSION

Reference to PRQ No. 932/29.08.2025 published in various newspapers dated 30.08.2025 under TSE # 252608832373, 252608832323, 252608832043 and 252608832433. Now the last date of bid submission has been extended to 23 th September,2025 at 10:30 A.M. The bids will be opened electronically/ manually on the same day at 11:30 A.M.

All other terms and conditions shall remain same.

Director Electricity (North)
Energy Department Government of Balochistan Quetta.

PRQ No.1292/16-9-2025

CORRIGENDUM

It is hereby notified for general information that the tenders invited by this office vide published in the daily newspapers under PRQ No. 995/01-9-2025 are Extended to 26th September 2025.

The TSE No and Title of Schemes are Enlisted Below

S. No	TSE No	S.No	TSE No
1	TSE-252608822193	2	TSE-252608820673
3	TSE-252608822203	4	TSE-252608822293
5	TSE-252608822243	6	TSE-252608822293
7	TSE-252608822323	8	TSE-252608822373
9	TSE-252608822483	10	TSE-252608822633

Executive Engineer (Buildings)
CWPP&H Department District kech Turbat

PRQ No.1289/16-9-2025

EXTENSION OF DATE

This office was called NIT's for the various development works published via PRQ No.925/29-8-2025 in Daily Newspaper Quetta on 30th August 2025 & PRQ No.952/1-9-2025, in Daily Newspaper Jang Quetta on 02nd September 2025, which date of submission & opening was fixed on 17th September 2025. Due to some indispensable reasons the date of submission & opening has been extended and now the said tender will be submitted and opened on 19th September 2025 at 12:00 PM. All other conditions as mentioned in Bidding Documents will remain same.

Executive Engineer (Road)
CWP&H Department District Usta Mohammad

PRQ No.1302/16-9-2025

CORRIGENDUM

In pursuance of Government of Balochistan, Health Department advertisement No.PRQ No.1203/11-9-2025 in daily newspapers Quetta regarding invites applications for the post of Project Director (Civil Works) for Establishment of Medical College, Naseerabad.

The minimum age for the position of Project Director (Civil Works) for Establishment of Medical College, Naseerabad shall be 35 years instead of 40 years as mentioned earlier.

Chief Planning Officer
PC, Health Department

PRQ No.1290/16-9-2025

TENDER NOTICE

لیکر جانے والی ای اوایس سیکورٹی کمپنی کی گاڑی کو دشت کھڈان کراس کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے روک کر 22 کروڑ 5 لاکھ روپے لوٹ لئے۔ لیویز نے بتایا کہ لوٹی گئی رقم میں 14 کروڑ 55 لاکھ روپے میزان بینک اور 7 کروڑ 50 لاکھ روپے الفلاح بینک کے تھے۔ واقعہ کے بعد لیویز اور سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ 22 — علی امین گنڈاپور

کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے اندر منافق لوگ موجود ہیں۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایک دن بھی ایسا نہیں کہ بانی کی رہائی کے لیے کوشش نہ کی ہو۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی اندرونی تقسیم کی وجہ سے ملاقاتیں روکی جا رہی ہیں، بیانیہ ساز لوگ جماعت کو کمزور کر رہے ہیں۔

بقیہ 23 — توشہ خانہ

نے توشہ خانہ میں جمع تحائف کا مکمل ریکارڈ عوام کے سامنے لانے کا فیصلہ کرلیا۔ کابینہ ڈویژن نے یکم جنوری سے 30 جون 2025 تک کا توشہ خانہ ریکارڈ جاری کر دیا۔ یکم جنوری سے 30 جون تک وزیراعظم شہباز شریف اور صدر مملکت آصف علی زرداری کو قیمتی تحائف ملے۔ فیلڈ مارشل، ایئر چیف اور چیف آف نیول اسٹاف کو بھی تحائف ملے۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو بھی قیمتی تحائف ملے۔

بقیہ 24 — پاک بھارت میچ

سے حتمی فیصلہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی اعلیٰ سطح اجلاس کے بعد واضح رہے کہ پاکستان نے بھارت کے خلاف میچ میں اپنائے جانے والے رویے پر سخت ایکشن لیتے ہوئے ریفری اینڈی پائی کرافٹ تبدیل نہ کرنے کی صورت میں ایشیا کپ کے مزید میچز نہ کھیلنے کا فیصلہ کیا جس کے بعد بھارتی میڈیا کے مطابق پاکستان کو پورے ٹورنامنٹ کے بجائے صرف پاکستان کے میچز سے پائی کرافٹ کو ہٹانے کی تجویز دی گئی اور یہ امکان ظاہر کیا گیا کہ ایشیا کپ میں پاکستان کے میچز میں پائی کرافٹ کی جگہ رچی رچرڈسن کو لگایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 25 — وزیر اطلاعات

کے پہلے اجلاس کے بعد صحافیوں کے سوالات کے جواب میں کہی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جو قوم اخلاقی پستی کا شکار ہوتی ہے وہ کھیل میں سیاست لے آتی ہے، جو جہاز بھی گر گئے جنگ بھی ہار گئے اب کہتے کرکٹ میں ہاتھ نہیں ملائیں گے، جن کی کوئی عزت نہیں ہوتی وہ خفت مٹانے کیلئے ایسا کرتے ہیں، جیسے بھی حالات ہوں اسپورٹس میں اسپرٹ زندہ رہنی چاہیے۔ صحافی نے سوال کیا کہ ریفری کو ہٹانے کا آئی سی سی نے پاکستان کا مطالبہ پورا کردیا ہے؟ اس پر انہوں نے کہا کہ یہ محسن نقوی ہی بہتر بتا سکتے ہیں، میرا خیال ہے کہ میچ ریفری کو ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا، میچ ریفری کو بطور ریفری ہی ایکٹ کرنا چاہیے تھا۔

بقیہ 26 — ایمان مزاری

پروٹوکول لینے کے بعد عدالت کے انتظامی عملے نے انہیں ہراسگی کی شکایات سننے کے اختیارات سے محروم کرتے ہوئے ان کی بنائی گئی کمیٹی بھی ڈی نوٹی فائی کردی۔ ایمان مزاری نے اس سے قبل اسلام آباد ہائی کورٹ کی اینٹی ہراسمنٹ کمیٹی سے رجوع کیا تھا، اور ساتھ ہی چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل میں بھی ایک ریفرنس دائر کیا تھا۔ اُن کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے، بطور 'مجاز اتھارٹی' نہ صرف شکایت کو سنا بلکہ انہوں نے رفعت مجاز سے مشاورت کے بعد ایک انکوائری کمیٹی بھی تشکیل دے دی تھی۔

بقیہ 27 — بیرسٹر عقیل

پی ٹی آئی اور کے پی حکومت کو کٹہرے میں لانے کا وقت قریب آچکا ہے۔ منگل کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ دہشت گردی کی جنگ میں 90 ہزار پاکستانی شہید ہو گئے، آپ تحریک طالبان سے کیا بات کرنا چاہتے ہیں؟ ہر چیز کو سیاست کی نذر نہیں کرنا چاہئے، اب چیزیں کھل کر سامنے آ رہی ہیں۔

بقیہ 28 — ایشیا کپ

اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں بنگلہ دیش کے 155 رنز کے ہدف کے تعاقب میں افغانستان کی ٹیم 146 رنز ہی بنا سکی، افغان اوپنر رحمان اللہ گرباز 35 اور عظمت اللہ عمرزئی 30 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ بنگلہ دیش کے مستفیض الرحمٰن 3 وکٹیں حاصل کرنے میں کامیاب رہے، جب کہ تسکین احمد، رشاد حسین نے 2،2 وکٹیں اپنے نام کیں۔ اس سے قبل بنگلہ دیش نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 5 وکٹوں کے نقصان پر 154 رنز بنائے، تنزید حسین نے شاندار 31 گیندوں پر 52 رنز کی اننگز کھیلی۔ سیف حسن 30 اور توحید ہردوئے 26 رنز بنا کر نمایاں رہے جب کہ افغانستان کے کپتان راشد خان اور نور احمد 2،2 وکٹیں حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ بنگلہ دیش کی فتح کے بعد گروپ بی میں سپر فور کے لیے کوالیفائی کرنے کے لیے ٹیموں کے درمیان دلچسپ صورتحال بن گئی ہے۔

بقیہ 29 — گدو بیراج

فلڈ فور کاسٹنگ ڈویژن لاہور کے مطابق گدو بیراج پر اونچے درجے کا سیلاب ہے جہاں پانی کا بہاؤ بڑھ کر 6 لاکھ 35 ہزار کیوسک ہوگیا۔ سکھر بیراج پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے اور یہاں پانی کی آمد 5 لاکھ 6 ہزار کیوسک ہوگئی۔ کوٹری بیراج پر نچلے درجے کا سیلاب ہے اور بہاؤ 2 لاکھ 78 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ دریائے سندھ میں کوٹ مٹھن راجن پور، چاچڑاں شریف پر پانی کی سطح 11.7 فٹ پر آگئی۔ لاڑکانہ سیہون حفاظتی بند کے عاقل آگانی لوپ بند کے مقام پر بہاؤ بڑا گزر رہا ہے۔

بقیہ 30 — بھگونت مان

مان نے کہا کہ بھارتی ٹیم نے پاکستانی کھلاڑیوں سے ہاتھ نہ ملا کر کونسا تیر مار لیا ہے۔ یہ کونسا دوہرا معیار ہے کہ پاکستانی اداکاروں کی فلم ریلیز نہیں کرنی ہیں لیکن میچ کھیلنا ہے، اور ہاتھ بھی نہیں ملانا ہے۔

بقیہ 31 — مراد علی شاہ

صوبائی وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، چیف سیکرٹری آصف حیدر شاہ، آئی جی پولیس غلام نبی میمن، سیکرٹری داخلہ اقبال میمن اور دیگر نے شرکت کی۔

بقیہ 32 — انکشاف

17 نوجوانوں کو جاپان بھجوانے میں ملوث انسانی اسمگلر کو گرفتار کرلیا ہے۔

بقیہ 33 — قرار دیدیا

زور دیا اور حمایت کی۔ رپورٹ کے مطابق اکتوبر 2023 سے اسرائیلی افواج نے گھروں، شیلٹرز اور محفوظ علاقوں میں شہریوں پر بمباری کی ہے

بقیہ 34 — فلسطینی شہید

مطابق اسرائیل کی طیاروں سے بمباری بھی جاری ہے اور غزہ شہر کے وسط میں زمینی کارروائی بھی جاری ہے جب کہ ہزاروں لوگوں غزہ شہر سے دوسرے علاقوں کی طرف نقل مکانی کر رہے ہیں تاہم بہت سے لوگ اپنے شہر چھوڑنے کو تیار نہیں ہیں۔ دوسری جانب گزشتہ 24 گھنٹوں میں اسرائیلی حملوں سے 3 صحافیوں سمیت مزید 90 فلسطینی شہید ہوگئے جب کہ اتوار کو اسکولوں اور کلینک سمیت 16 عمارتیں تباہ کی گئیں۔

بقیہ 35 — میر سرفراز بگٹی

سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری پبلک ہیلتھ ہاشم غلزئی، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان، ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت دی کہ میرانی ڈیم سے پائپ لائن کے ذریعے گوادر کو پانی کی سپلائی سے متعلق فیزیبلٹی رپورٹ فوری طور پر تیار کی جائے، تاکہ یہ منصوبہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی شراکت سے مکمل کیا جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے جی ڈی اے کو ہدایت دی کہ نئے پائپ لائن کے ذریعے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے فوری طور پر مکمل کیا جائے، جبکہ شادی کور سے پانی کی باقاعدہ سپلائی شروع کرنے اور واٹر ڈیسیلینیشن پلانٹ کو مزید فعال بنانے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ اسی طرح پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو سٹی میں بورنگ سسٹم جلد فعال کرتے ہوئے پانی کی فراہمی شروع کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ کو گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کے لیے نمائندہ مقرر کیا

بقیہ 36 — پاک فوج

ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی، ایم پی اے مولانا نور اللہ، کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ سمیت اعلیٰ سول وعسکری قیادت کے افسران، قبائلی عمائدین، علمائے کرام، ایف سی اہلکاروں، ایف سی پبلک اسکول کے طلبا اور شہداء کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ جنازے کے موقع پر شہداء کی روحوں کے ایصال ثواب اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔

بقیہ 37 — نیتن یاہو

فون ہے وہ اسرائیل کے ٹکڑے کا مالک ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے موبائل فون، ادویات اور چیری ٹماٹر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ امریکا کو اس بات کا احساس ہونا چاہیے کہ وہ اسرائیل سے کتنے فوائد حاصل کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ جو موبائل فون، ادویات استعمال کرتے ہیں، جو چیری ٹماٹر کھاتے ہیں وہ اسرائیل مہیا کرتا ہے اور آپ سمجھتے ہیں کہ اسرائیل تنہا ہو گیا ہے؟ غزہ میں فوجی کارروائیوں کے خلاف بڑھتی ہوئی بین الاقوامی تنقید اور ہتھیاروں کی ترسیل پر پابندیوں کے خلاف نیتن یاہو نے اسرائیل کا دفاع کیا۔

بقیہ 38 — سپریم کورٹ

دوسرا وضاحتی اعلامیہ جاری کر دیا۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ ججز کی بیوائیں صدارتی آرڈر کے تحت سیکیورٹی پروٹوکولز میں نہیں آتیں، ججز کی بیواؤں کی حد تک نوٹیفکیشن واپس لیا جاتا ہے

بقیہ 39 — نظام کو رواج دیا

تیاری اور منظوری کا عمل کاغذی کارروائی سے آزاد ہو جائے گا اور تمام مراحل کمپیوٹرائزڈ انداز میں نمٹائے جائیں گے جس سے نہ صرف وقت کی بچت ہوگی بلکہ فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر کا بھی خاتمہ ہوگا۔ سیکرٹری اطلاعات و پبلک ریلیشنز نے کہا کہ ای۔فائلنگ سے محکمے کی کارکردگی مزید موثر اور شفاف ہو جائے گی اور عام شہریوں کو بھی براہ راست مستفید ہونے کا موقع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ٹیکنالوجی کے ذریعے گورننس کو جدید خطوط پر استوار کرنے پر زور دیا ہے اور محکمہ اطلاعات اس وژن کو حقیقت کا روپ دینے کے لئے پرعزم ہے عمران خان نے کہا کہ ای۔فائلنگ کے نفاذ سے محکمہ اطلاعات و پبلک ریلیشنز میں نہ صرف افسران اور عملے کی صلاحیتیں بہتر ہوں گی بلکہ صوبے میں شفاف حکمرانی کے عمل کو بھی تقویت ملے گی انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ محکمہ اطلاعات صوبے کے دیگر محکموں کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر اس نظام کو بروقت نافذ کرے گا تاکہ بلوچستان میں کاغذی کارروائی کی جگہ ڈیجیٹل نظام کو رواج دیا جا سکے۔

بقیہ 40 — ملزمان تنخواہیں

، اعجاز مقبول، ثاقب کلیم، خرم شہزاد، اویس احمد، شاہد لطیف، غلام مرتضیٰ، طاہر محسن، ساجد علی، عمران منیر اور عدنان اکرم باجوہ کی جانب سے ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستوں پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران ملزمان کی حاضری لگائی گئی۔ ایف آئی اے نے عدالت کو بتایا کہ شفاف تحقیقات کے بعد مقدمہ درج کیا گیا ہے اور تمام ملزمان کے خلاف ٹھوس دستاویزی شواہد موجود ہیں۔ ایف آئی اے کے مطابق کئی ملزمان کے اکاؤنٹس میں غیر قانونی طور پر رقوم منتقل ہوئیں، جن کی برآمدگی ضروری ہے۔ مزید بتایا گیا کہ ملزمان نے پراویڈنٹ فنڈ اور سیلری اکاؤنٹس سے بھی رقوم نکلوائیں۔ ایف آئی اے کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر (لیگل) خوشنود بھٹی نے عدالت کو بتایا کہ ملزمان تنخواہیں بھی لیتے رہے۔

بقیہ 41 — خدمت ہی پارٹی

دونوں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ پارٹی کو مزید فعال بنانے، کارکنوں کو منظم کرنے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر حکمت عملی اپنائی جائے اس موقع پر سینیٹر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے عوام کے حقوق کی ترجمان ہے اور عوامی خدمت ہی پارٹی کا اصل مشن ہے۔

بقیہ 42 — مولانا فضل الرحمن

گزر رہا ہوتا ہے۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ امت مسلمہ کے مابین باہمی دفاعی معاہدے کی ضرورت ہے۔ قطر کے سفیر علی بن مبارک نے مولانا فضل الرحمان کے اظہار یکجہتی پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اسرائیلی حملے کے موقع پر پاکستانی قوم کی جانب سے اظہار یکجہتی قابل تحسین ہے۔

بقیہ 43 — اخلاقی ذمہ داری

والے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حکومت نے عالمی سطح پر قطر کے ساتھ اظہار یکجہتی اور امن کے قیام کی جس پالیسی کا عملی مظاہرہ کیا، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان ہمیشہ امت مسلمہ کے مفاد اور عالمی امن کیلئے ہر فورم پر اپنا مثبت کردار ادا کرتا رہے گا۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ "قطر ایک برادر اسلامی ملک ہے جس نے ہمیشہ مشکل ترین حالات میں پاکستان کا ساتھ دیا چاہے بات معاشی تعاون کی ہو یا سفارتی محاذ پر پاکستان کے موقف کی تائید کی، قطر کا کردار قابل ستائش ہے پاکستان کا قطر کے حق میں کھڑا ہونا ہماری اسلامی واخلاقی ذمہ داری بھی ہے۔

بقیہ 44 — کا معمول بن

کے ناروا رویوں کے خلاف عوامی آواز بلند کرنے کے لئے تاریخی حیثیت رکھتا ہے۔ کوئٹہ وگرد ونواح میں عوام بدترین مشکلات سے دوچار ہیں۔ بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ شہر اور مضافات میں روزانہ 18 سے 20 گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے جبکہ واپڈا حکام عوام کے میٹر قبضے میں لے کر اذیت میں اضافہ کر رہے ہیں۔ اسی طرح رات دس بجے سے صبح چھ بجے تک گیس مکمل طور پر بند رہتی ہے جس سے گھریلو خواتین سب سے زیادہ متاثر ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور فورسز کی جانب سے طلباء، ملازمین اور عوام کے ساتھ ناروا رویہ روز کا معمول بن چکا ہے۔

بقیہ 45 — لینے کا الزام

اشیاء کی موجودگی پر مسافر کوچ کو روکنے پر ٹرانسپورٹرز نے موچکو کسٹم کے خلاف کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھرنا دیکر عام ٹریفک کیلئے بلاک کردیا قومی شاہراہ احتجاج کے باعث بلاک ہونے سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اس موقع پر نورخان نامی ٹرانسپورٹر نے کسٹم حکام پر بھاری رشوت لینے کے الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ فی گاڑی 15 سے 30 ہزار روپے تک مبینہ رشوت وصول کی جاتی ہے بغیر پیسوں کی گاڑیاں کلیئر نہیں کی جاتی ہیں اور یہ بھی کہا کہ کراس کو گرمال نہیں لاتے ہیں

بقیہ 46 — فلسطینی شہید

موقع پر اسرائیل نے مسلم ممالک کے سربراہان کے غیر معمولی اجلاس میں شرکت کو مضحکہ خیز قرار دیا دوحہ میں مسلم ممالک قطر اور اسرائیل میں امریکی سیکرٹری آف سٹیٹ مارکو روبیو نیتن یاہو کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہے تھے اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کا دوحہ اجلاس کے دوران غزہ پر حملے جاری رکھنا تمام دنیا کا تمسخر اڑانے کے مترادف ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ نیتن یاہو کی غزہ پر جاری بربریت سے عیاں ہے کہ دوحہ اجلاس کے اعلامیے سے وہ رتی برابر مرعوب نظر نہیں ہیں اجلاس کے دوران عالمی ردعمل کے باوجود اسرائیلی حملوں سے غزہ میں 51 فلسطینی شہید کردیئے گئے

بقیہ 47 — مرکوز رہا اور اس بات

کے اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کی اجلاس کی صدارت سینیٹر عبدالشکور خان اچکزئی نے کی، جس میں خطے کے مختلف ممالک کے پارلیمانی وفود نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں اقتصادی تعاون، خطے کی ترقی کے نئے مواقع اور پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) پر تفصیلی غور کیا گیا۔ سینیٹر عبدالشکور خان اچکزئی نے اپنے خطاب میں کہا کہ خطے کی مشترکہ اقتصادی ترقی اور روشن مستقبل کے لیے مربوط اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ترقی پذیر ممالک کو عالمی اقتصادی عمل میں زیادہ مواقع اور وسائل فراہم کیے جائیں تاکہ وہ عالمی ترقی کے دھارے میں مؤثر انداز میں شامل ہو سکیں۔ سینیٹر عبدالشکور خان اچکزئی نے اجلاس میں پاکستان کے موقف کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا اور عالمی فورم پر ملک کا وقار بلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں تعاون، امن اور ترقی کے فروغ کے لیے ہمہ وقت تیار ہے اور اس ضمن میں پارلیمانی سفارتکاری اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ یہ اجلاس خطے میں ترقیاتی و معاشی تعاون کے نئے مواقع پر مرکوز رہا اور اس بات پر اتفاق کیا گیا

بقیہ 48 — ساتھ کھڑی

پایا ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کیپٹن وقار احمد اور جوانوں کی قربانی کو سلام پیش کرتی ہوں شہداء نے اپنے قیمتی لہو سے امن کی آبیاری کی ہے۔ سابق وفاقی وزیر محترمہ زبیدہ جلال نے کیپٹن وقار احمد و دیگر شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 49 — اقدام قرار دیا

مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ اختر جان مری مولانا مفتی رحمت اللہ سالار مولانا علی جان ڈپٹی سالار حافظ حبیب الرحمان ملا خلیل مولانا جان محمد مولانا حزب اللہ ملنگ یار حافظ رحمان گل مولانا محمد اسلم نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے فلور پر اپوزیشن لیڈر کے جرات مندانہ اقدام پر اہل اسلام کا دل جیت لیا بلوچستان میں شراب کے لائسنس جاری کرنے کی شدید مذمت کی ہے اور اسے ریاست کے اسلامی اور نظریاتی تشخص کے خلاف ایک غیر اخلاقی اقدام قرار دیا ہے بیان میں کہا گیا۔

بقیہ 50 — اغوا نما لاپتہ کاری

ولد سردار علی محمد خان قلندرانی چیئرمین یونین کونسل تو تک خضدار بلوچستان جس ان کی رہائشگاہ سن سیٹ بلیوورڈ روڈ نیو P&T کالونی عثمان ریزیڈینسی نیئر انجنئیر ڈینٹل ہاسپٹل کراچی سے 18 اگست کو رات 1 بجے کے وقت اٹھایا گیا ہے اور ان کے والد سردار علی محمد قلندرانی جنہیں پہلے سے اپنے فرائض اور اختیارات کے توازن و اعتدال کے باعث بہت زیادہ اذیت کا شکار بنایا گیا ہے جس میں ان کے تین نوجوان صاحبزادوں کو پہلے سے اغوا نما لاپتہ کاری کا سامنا ہے۔

بقیہ 51 — متعدد بار یاد دہانی

میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنا ہے تاکہ ایک جانب روزگار کے مواقع پیدا ہوں اور دوسری جانب قومی خزانے میں محصولات میں اضافہ ہو اس مقصد کے تحت صوبے میں مختلف صنعتی اسٹیٹس قائم کئے گئے ہیں جن میں کوئٹہ انڈسٹریل اینڈ ٹریڈنگ اسٹیٹ، ڈیرہ مراد جمالی، لسبیلہ، حب، گوادر، ماربل سٹی گڈانی اور دیگر انڈسٹریل اسٹیٹ شامل ہیں اجلاس میں بتایا گیا کہ مالی سال 22-2021ء کے دوران محکمہ کو کل 2,536.333 ملین روپے کی گرانٹ دی گئی جس کے مقابلے میں 2,339.995 ملین روپے خرچ کئے گئے، یوں 196.338 ملین روپے کی بچت/عدم استعمال ہوا جسے سرنڈر نہیں کیا گیا، جس سے بجٹ سازی میں کمزوری اور مالی بے ضابطگی ظاہر ہوتی ہے اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ محکمہ صنعت وتجارت کی جانب سے الاٹیز سے 62.522 ملین روپے گراؤنڈ رینٹ وصول نہیں کیا گیا جس کے باعث سرکاری آمدن کو نقصان پہنچا۔ آڈٹ حکام نے نشاندہی کی کہ اس معاملے میں متعدد بار یاد دہانی کرائی گئی

بقیہ 52 — مقامات پر مرمتی

کٹنی کو دیکھتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فوری نوٹس لیا اور محکمہ آبپاشی سمیت متعلقہ اداروں کو ہنگامی اقدامات کی ہدایت دی۔ وزیراعلیٰ کی ہدایت پر صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی اور صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے صورتحال پر قریبی نظر رکھی اور موقع پر رہنمائی فراہم کی۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان اور ایکسین اریگیشن حب حسین احمد کی سربراہی میں محکمہ آبپاشی اور پی ڈی ایم اے کی ٹیمیں فوری طور پر حرکت میں آگئیں اور متاثرہ مقامات پر مرمتی کام شروع کیا

بقیہ 53 — کو منعقد ہوگی

وینا اور تحقیق کے ذریعے سائنسی جدت کو آگے بڑھانا ہے۔ اس موقع پر جینیٹکس، بائیوٹیکنالوجی، ماحولیاتی حیاتیات اور ہیلتھ سائنسز جیسے موضوعات پر سیشنز اور تحقیقی مقالے پیش کیے جائیں گے تاکہ نئی سائنسی دریافتوں کو معاشرتی و صنعتی سطح پر کارآمد بنایا جا سکے۔ افتتاحی اجلاس کی صدارت وائس چانسلر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کریں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ "اس نوعیت کی کانفرنسز نہ صرف سائنسی تحقیق کے فروغ کے لیے اہم ہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر تعلیمی اداروں کے درمیان روابط کو بھی مضبوط بناتی ہیں۔ یونیورسٹی کے ڈائریکٹوریٹ آف پبلک ریلیشنز کے مطابق بین الاقوامی اجتماع نہ صرف علمی تعاون کو فروغ دے گا بلکہ پاکستان میں بائیوسائنسز کے شعبے کو ایک نئی سمت دینے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 54 — تشکیل دیدی گئی

کردار ادا کریں گے بیان میں کہا گیا کہ یہ لائرز فورم کی موجودہ حالات میں اشد ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کیونکہ بلوچستان میں سیاسی ورکروں وعوام کی ماورائے عدالت گرفتاریوں اور چادر وچار دیواری کے تقدس کی پامالی کا سلسلہ جاری ہے لائرز فورم بلوچستانی عوام کی قانونی مدد کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ماورائے قانون اقدامات کے خلاف متاثرین کو ریلیف دینے کی جدوجہد بھی کرے گی نو منتخب آرگنائزنگ کمیٹی سے امید کی گئی ہے کہ وہ قانون کی بالادستی میں کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 55 — ذخائر میں بھی

برداشت کرتے ہوئے نوجوانوں کو بیرون ممالک روزگار فراہم کر رہی ہے پہلے مرحلے میں سینکڑوں نوجوان پہلے ہی بیرون ملک روزگار حاصل کر چکے ہیں جبکہ سینکڑوں نوجوانوں کے ویزا کا حصول مختلف مراحل میں ہیں انہوں نے کہا کہ پروگرام کی کامیابی اور نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کو دیکھتے ہوئے بی ٹیوٹا نے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا ہے اس پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو یورپ اور خلیجی ممالک میں بھیجا جا رہا ہے تمام متعلقہ امیدواروں سے درخواستیں آن لائن پلیٹ فارم www.btevta.gob.pk پر وصول کی جا رہی ہیں حکومت بلوچستان اس پروگرام کے تمام اخراجات خود برداشت کرے گی، جس میں تربیت، سفری اور دیگر متعلقہ اخراجات شامل ہیں۔ اس پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو نہ صرف ہنرمند بنایا جا رہا ہے بلکہ بین الاقوامی مارکیٹ میں روزگار کے مواقع بھی فراہم کئے جا رہے ہیں، جس سے نہ صرف نوجوانوں کی مالی حالت بہتر ہوگی بلکہ ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں بھی اضافہ ہوگا۔

بقیہ 56 — معدنیات کو نیلام

ئے سیاسی عمل کو آگے بڑھا رہیں، یہ بات انہوں نے سراوان ہاؤس میں سیاسی کارکنوں وطلباء کی فکری نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہی نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان کے انتظامی، معاشی، معاشرتی اور سیاسی بحران اور مسائل مزید گہرے ہوتے جا رہے ہیں، ایسے میں اپنے مادر وطن کے وسائل، سرزمین کے دفاع اور آئندہ نسلوں کی بقا کی جنگ عوام کو خود لڑنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ 2013 کی اسمبلی نے ڈی ایچ اے ایکٹ پاس، سرمائی دارالحکومت گوادر سے دستبردار ہو کر قبضے کو دوام بخشا 2018 کی اسمبلی نے ریکوڈک کا سودا اور 2024 کی اسمبلی نے مائنز اینڈ منرل ایکٹ پاس کر کے ہمارے قومی وتاریخی وطن کے وسائل اور معدنیات کو نیلام، سرزمین کا سودا کیا

بقیہ 57 — کانفرنس منسوخ

پر آمادگی کا زیادہ امکان ہے۔ دبئی میں پاکستانی کرکٹ ٹیم نے آج کی پریس کانفرنس منسوخ کردی ہے لیکن ٹیم کی پریکٹس پروگرام کے مطابق ہوگی، اگر صورتحال نہ بدلی تو اسے بھی منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا مشاورتی عمل جاری ہے۔ محسن نقوی نے ٹی 20 ایشیا کپ 2025، میں پیدا ہونے والی صورتحال پر اہم حکومتی عہدیداروں سے مشاورت کی ہے، اس معاملے پر آج اہم اجلاس متوقع ہے۔ یاد رہے کہ پاکستان نے گزشتہ روز انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کو لکھے گئے خط میں میچ ریفری اینڈی پائی کرافٹ کو فوری ہٹانے کا مطالبہ کیا تھا۔

بقیہ 58 — مصطفیٰ کمال

ڈرنے اور ہرچیز کو سیاست کی نذر مت کریں، اگر منفی پروپیگنڈے کے باعث ویکسین نہ لگوانے والی کسی خاتون کی سروائیکل کینسر کے باعث موت ہوگی تو تمہیں اس کا حساب دینا پڑے گا۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ ماضی میں بھی کئی بڑے سرکاری عہدیدار رہ چکے ہیں اب انہیں کیا ضرورت پڑی ہے کہ قوم کی بچیوں کو غلط دوا دے کر دنیا اور آخرت خراب کریں۔ مائیں، بہنیں اور بیٹیاں سروائیکل کینسر سے بچاؤ کیلئے ویکسین ضرور لگوائیں۔

بقیہ 59 — جمعیت نظریاتی

ہراس پھیلانا انسانیت کے اصولوں کے منافی ہے انہوں نے زور دے کر کہا کہ گھروں کی چادر اور چار دیواری کی پامالی اور خوف و ہراس کی تکلیف دینے کی اسلام اجازت دیتا ہے اور نہ انسانیت۔ طویل جنگوں سے متاثرہ افغان عوام کو پاکستان سے بیدخلی کا یہ عمل چالیس سالہ کی مہمان نوازی کو پامال کرنا ہے۔ جے یو آئی رہنماں نے کہا کہ "افغان بھائیوں کے ساتھ صدیوں پر محیط تعلقات اور رشتہ داریاں ہیں۔ ان کی جائیدادوں کو مسمار اور ضبط کرنا کہاں کا قانون و انصاف ہے؟ ان کی جائیداد واملاک کو مکمل تحفظ یا رقم ادا کرنے کا حق تو تھا انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ "افغان مہاجرین کے کروڑوں کی جائیدادوں اور کاروبار کے تحفظ کے لیے ایک مثبت پالیسی وضع کی جائے، کیونکہ یہ حکومت کی اہم ذمہ داری ہے

بقیہ 60 — اپیل خارج

جسٹس علی باقر نجفی نے ریمارکس دیئے کہ بیوی ناراض ہوکر میکے گئی تھی۔ ملزم کے وکیل پرنس ریحان نے عدالت کو بتایا کہ میرا موکل بیوی کو منانے کیلئے میکے گیا تھا۔ جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیئے کہ وکیل صاحب آپ تو لگتا ہے بغیر ریاست کے پرنس ہیں۔ جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیئے کہ 2 بندے مارے اور ملزم کہتا ہے مجھے غصہ آ گیا۔ جسٹس علی باقر نجفی نے سوال کیا کہ بیوی کو منانے گیا تو ساتھ پستول لے کر کیوں گیا؟ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے کہا کہ مدعی بھی ایف آئی آر کے اندراج میں جھوٹ بولتے ہیں

بقیہ 61 — زلفی بخاری

نیٹ ورک ایکس پر اپنے پیغام میں زلفی بخاری نے کہا کہ عمران خان کے بیٹوں سلیمان خان اور قاسم خان نے اپنے والد کے لئے اپیل جمع کرائی جبکہ مریم وٹو نے اپنی بہن بشریٰ بی بی کے لیے اپیل جمع کروائی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم ہر پلیٹ فارم پر عمران خان اور بشریٰ بی بی کی غیر قانونی قید اور غیر انسانی سلوک کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے۔ زلفی بخاری نے کہا کہ پہلی مرتبہ پاکستان کی تاریخ میں کسی سیاسی قیدی کی اہلیہ کو بھی صرف اس کے حوصلے کو توڑنے کے لیے قید کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قوم عمران خان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑی ہے

بقیہ 62 — رہنمائی فراہم

کے خلاف جنگ آزادی میں ہمارے علماء نے سینہ سپر ہوکر مقابلہ کیا، قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں مگر اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا پاکستان کی تشکیل میں بھی علماء کا کردار نمایاں اور ناقابل فراموش ہے اور آج بھی ہم وطن عزیز کے دفاع اور اس سے محبت کو اپنے ایمان کا حصہ سمجھتے ہیں ہماری سیاست کرسی اور اقتدار کی غلام نہیں بلکہ ملک وملت کے استحکام اور ترقی کو فوقیت دیتی ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ اسلام، مرکز اسلام اور جزیرہ عرب کے تقدس، شعائر اسلام کے تحفظ اور اسلامی ملت کو لاحق خطرات کے خلاف صف اول میں رہنمائی فراہم کی ہے

بقیہ 63 — خواجہ آصف

باری اٹیک ہے۔ انہوں نے کہا کہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہیے یہ سب کچھ امریکا کی مرضی کے ساتھ ہوا ہے، شام میں امریکا کی مرضی سے حکومت آئی ہے اسرائیل اس پر بھی حملے سے باز نہیں آرہا، مسلم دنیا کو سمجھنا چاہیے۔ اپنے دوست نما دشمن میں تفریق کرلیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ اسامہ بن لادن امریکی پروڈکٹ تھا اس کو سوڈان سے سی آئی اے کے ڈائریکٹر لائے تھے۔ کہا کہ امریکا اور مغرب میں جو رائے عامہ بن رہی ہے وہ اسرائیل کے لیے زیادہ خطرناک ہے، امریکا اور باقی دنیا میں رائے عامہ اسرائیل کے خلاف ہو رہی ہے۔

بقیہ 64 — کو بھی ریلیف

کہا کہ استحصالی پالیسیوں کی تسلسل سے قوم کی خون نچوڑا گیا قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادا جا رہا ہے جس کے باعث غربت کی شرح میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے ملک میں معاشی استحکام پیدا کرنے کے دعوے جھوٹ کا پلندہ ثابت ہوئے حکومت بجلی، گیس، پیٹرولیم مصنوعات میں اضافہ کرکے اپنی پر تعیش زندگی کیلئے عوام کی ہڈیوں سے گودا نکالا جا رہا ہے حکومت کی ہوس کا خمیازہ محنت کش مزدور اور غریب عوام مہنگائی کی صورت میں بھگت رہے ہیں انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات میں قیمتیں کم ہونے کے باوجود ملک میں پیٹرولیم مصنوعات میں کوئی کمی نہیں آئی قوم میں مزید مہنگائی اور بے تحاشا ٹیکسوں کی سکت نہیں ناقص پالیسیوں کی بناء پر مہنگائی اور موجودہ مسائل میں اضافہ ہوا پیٹرولیم مصنوعات بجلی اور اشیائے خورد ونوش میں بے تحاشا اضافہ سے عوام کی چیخیں نکل رہی ہیں حکومت پیٹرول اور ڈیزل کی عالمی منڈی میں کمی کے ساتھ عوام کو بھی ریلیف دیا جائے۔

بقیہ 65 — یکجہتی اور حب الوطنی

پیش رہی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں پنجاب، خیبر پختونخوا اور سندھ کے مختلف علاقوں میں شدید بارشوں اور سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال میں بھی پاک فوج کے جوان دن رات عوام کو ریسکیو کرنے، محفوظ مقامات پر منتقل کرنے اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف عمل رہے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ افواج پاکستان کی خدمات نہ صرف ملک کی جغرافیائی سرحدوں کے دفاع تک محدود ہیں بلکہ قدرتی آفات جیسے زلزلے، سیلاب، بارشیں اور دیگر ہنگامی حالات میں بھی یہ ادارہ ہراول دستہ ثابت ہوا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کو محفوظ مقام پر پہنچانا، راشن کی فراہمی، طبی امداد اور بحالی کے کاموں میں فوج کا کردار قابل تحسین ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے ساتھ ہر قدم پر کھڑی ہے اور افواج پاکستان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ چیلنجز کا مقابلہ اتحاد، یکجہتی اور حب الوطنی سے ہی ممکن ہے

بقیہ 66 — دہشت گردی کے خاتمے

دہشت گرد حملے کے نتیجے میں کیپٹن وقار احمد کاکڑ، نائیک جنید، نائیک عصمت، لانس نائیک خان محمد اور سپاہی ظہور نے وطن کی خاطر جام شہادت نوش کیا۔ اپنے مذمتی بیان میں میر علی حسن زہری نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور یہ شہداء ہی ہیں جن کی بدولت ملک و قوم محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی دراصل وحشت اور بربریت پر مبنی سوچ ہے جسے پاکستانی قوم کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گی۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خاتمے کے لیے فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور یہ جنگ وطن کے امن و استحکام کے لئے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی۔

بقیہ 67 — آواز اٹھانا

بیان میں میر شفیق الرحمان مینگل نے کہا کہ کیچ کے علاقے میں فتنہ الہندوستان نے سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو بم کا نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں کیپٹن وقار، نائیک جنید شہید، نائیک عصمت شہید، لانس نائیک خان محمد شہید اور سپاہی ظہور اپنے وطن عزیز پر قربان ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوتے ہیں بزدلانہ حملوں کے خلاف منظم اور جوابی کارروائی ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے کرائے کے قاتل اور ان کے سہولت کاروں نے ظلم کا بازار گرم کر رکھا ہے اس ظلم کے خلاف بلوچستان میں بسنے والے تمام اقوام کو متحد ہوکر آواز اٹھانا چاہیے

بقیہ 68 — کیساتھ گرفتار

نے بتایا کہ گرفتار ملزم افغان شہریوں کو غیرقانونی طور پر بیرون ملک بھجوانے میں ملوث ہے گرفتار افغان شہری تاج علی کے قبضے سے پاکستانی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بھی برآمد ہوا ہے جبکہ تاج علی کے موبائل سے افغان تذکرہ برآمد کرلیا گیا گرفتار افغان شہری تاج علی نے جعل سازی سے پاکستانی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ حاصل کئے۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل گوادر نے جیونی میں کارروائی کے دوران غیرقانونی طور پر سمندر کے راستے ایران جانے کی کوشش کرنے والے 13 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل گوادر نے جیونی میں کارروائی کرتے ہوئے غیرقانونی طور پر سمندر کے راستے ایران جانے کی کوشش کرنے والے 13 افراد کو گرفتار کرلیا

بقیہ 69 — صفائی مہم

ڈی پی پی ڈاکٹر فیصل سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر شاہ زیب خان کاکڑ نے کہا کہ صاف کوئٹہ کوشہریوں کے تحفظات اور خدشات دور کرنے کے ساتھ ساتھ عوام میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے تاکہ لوگ گلی محلوں میں کچرا پھینکنے کے بجائے ایک جگہ جمع کریں اور صفائی عملے کے حوالے کریں انہوں نے کہا کہ صاف کوئٹہ کی ذمہ داریاں بہت زیادہ ہیں اور انہیں اس چیلنج کو اپنی کارکردگی کے ذریعے پورا کرنا ہوگا منفی تنقید پر توجہ دیئے بغیر بہتر کام ہی مخالفین کا جواب ہے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے کہا کہ صاف کوئٹہ کو گزشتہ دو ماہ کے دوران مختلف مواقع پر اہم ذمہ داریاں سونپی گئیں، جن میں عیدالاضحیٰ، محرم الحرام اور 12 ربیع الاول کے دوران خصوصی صفائی مہم شامل ہے

بقیہ 70 — ہوں گی حقیقی

نہیں کیا۔ وہ جمعہ کے روز پارٹی کے صوبائی کمیٹی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، جس کی صدارت صوبائی صدر اشرف ہوتی ایڈووکیٹ نے کی اجلاس میں گزشتہ کارکردگی کی رپورٹ پیش کی گئی اور آئندہ لائحہ عمل پر فیصلے کئے گئے، جس میں مرکزی اور زونل کانفرنسوں کے انعقاد شامل ہے انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کا قیام ایک تاریخی قومی ضرورت تھی، جو ترقی پسند، وطن دوست اور جمہوری اصولوں پر قائم واضح پروگرام کے ساتھ محکوم عوام کو منظم کر رہی ہے ان کا کہنا تھا کہ پشتون قوم کی قومی آزادی اور خودمختاری ان کا آئینی اور فطری حق ہے، جس سے وہ کبھی دستبردار نہیں ہوسکتی انہوں نے زور دے کر کہا کہ پاکستان میں رہنے کے لئے پشتون قوم تیار ہے، لیکن اس بنیاد پر کہ ملک میں 1940 کی قرارداد لاہور کے تحت تمام اقوام خودمختار ہوں گی حقیقی جمہوریت ہوگی۔

بقیہ 71 — امریکی صدر

دونوں ممالک کو مزید قریب لائے گا۔ امریکی صدر نے کہا کہ میں نے دنیا کی 7 خطرناک جنگیں رکوائیں جن میں سے 4 جنگیں ٹیرف کی مدد سے رکوائیں۔ صدر ٹرمپ نے یوکرین جنگ پر کہا کہ مسئلہ یہ ہے نیٹو اور یورپی یونین روس سے تیل خرید رہے ہیں اگر وہ ایسا کرنا بند کردیں تو میں روس پر پابندیاں لگا سکتا ہوں۔ غزہ سے متعلق پوچھے گئے سوال کے جواب میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ اسرائیل کے غزہ سٹی میں جاری ملٹری آپریشن کے بارے میں زیادہ نہیں جانتا، اسے دیکھنا ہوگا

بقیہ 72 — تربیلا ڈیم

بتدریج کم ہو رہی ہے۔ دریائے سندھ پر گدو اور سکھر بیراج کے مقامات پر اونچے درجے کا سیلاب برقرار ہے، جبکہ کوٹری بیراج پر نچلے درجے کا سیلاب موجود ہے مگر اس کی سطح مستحکم ہے۔ وفاقی وزیر نے متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے اور عوام کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت جاری کی ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹا جا سکے

بقیہ 73 — وزارت خزانہ

لانا ہے، جس کے تحت موثر قرض انتظام کے ذریعے وفاقی مالی خسارے اور قرض سے جی ڈی پی کے تناسب کو مناسب سطح پر لانا ہے۔ بیان میں مزید کہا کہ یہ حکمت عملی ری فنانسنگ اور رول اوور کے خطرات کو کم کرنے اور سود کی بچت پیدا کرنے پر مشتمل ہے تاکہ پائیدار عوامی مالیات کو سہارا دیا جا سکے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے تازہ ترین اعداد وشمار کے مطابق جون 2025 تک صرف ایک سال میں ملکی حکومت کا کل قرض 90 کھرب روپے بڑھ گیا ہے، جس میں سے زیادہ تر اضافہ ملکی قرض کا ہے۔ ایس بی پی کے مطابق، کل سرکاری قرضہ جون 2024 میں 689 کھرب 10 ارب روپے سے بڑھ کر جون 2025 میں 778 کھرب 90 ارب روپے ہو گیا، یعنی 89 کھرب 70 ارب روپے کا اضافہ ہوا، یہ اعداد و شمار مالی سال 2026 کے وفاقی بجٹ میں قرض کی ادائیگی کے لیے مختص 82 کھرب 7 ارب روپے سے زیادہ ہیں۔ ان اعداد و شمار کے پیش نظر، ملک کی ریونیو اور اخراجات کو موثر طریقے سے سنبھالنے کی صلاحیت کے بارے میں خدشات ظاہر کیے گئے ہیں۔ کے ایک اداریے نے کہا کہ پاکستان کی 'قرض کی حرکیات ایک مشکل مالی منظرنامہ پیش کرتی ہیں' اداریے میں مزید کہا گیا 'کہ حکومت کے لیے اختیارات محدود ہیں: یا تو نایاب ملکی وسائل کو منتقل کرے، جس کے لیے آئی ایم ایف کی منظوری درکار ہوگی، یا مزید قرض لے کر پہلے سے بلند قرض کے پہاڑ میں اضافہ کرے۔ تاہم وزارت خزانہ نے 'عوامی قرض کی سطح کے بارے میں حالیہ تبصروں' کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 'مطلق اعداد و شمار، جو قدرتی طور پر مہنگائی کے ساتھ بڑھیں گے

مسلم دنیا کو سمجھنا چاہیے اپنے دوست نما دشمن میں تفریق کر لیں، خواجہ آصف

مسلم ممالک کو ملٹری نیٹو کے طرز پر اتحاد بنانا چاہیے، مجھے مسلم ممالک کے اجلاس میں مایوسی نہیں ہوئی، وزیر دفاع

سب کچھ امریکا کی مرضی سے ہوا، شام میں امریکہ کی مرضی سے حکومت آئی ہے اسرائیل ابھی حملے سے باز نہیں آرہا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ قطر میں اسرائیلی حملہ امریکی کی مرضی سے ہوا، مسلم دنیا کو سمجھنا چاہیے، اپنے دوست نما دشمن میں تفریق کر لیں۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مسلم ممالک کو نیٹو کے طرز پر اتحاد بنانا چاہیے، مجھے مسلم ممالک کے اجلاس میں مایوسی نہیں ہوئی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ حماس کی قیادت امریکا کی مرضی سے قطر میں بیٹھی تھی، قطر میں اسرائیلی حملہ امریکی کی مرضی سے ہوا۔ بڑا واقعہ ہے کچھ وقت لگیگا لیکن کچھ نا کچھ ہوگا۔ کوئی ملک خوش فہمی میں نہ رہے آج غزہ تو کل سب کی......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ... سے ملاقات کر رہے ہیں

امت مسلمہ اسرائیل کیخلاف باہمی دفاعی معاہدے پر اتفاق کرے، مولانا فضل الرحمن

قطر پر اسرائیلی حملے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، اسرائیلی حملے کیخلاف قطر کیساتھ اظہار یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں

دوحہ کانفرنس اسلامی دنیا کے وحدت کیلئے نقطہ آغاز ثابت ہوگا، اسرائیلی حملے کیخلاف قوم کی جانب سے یکجہتی قابل تحسین ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ امت مسلمہ کے مابین باہمی دفاعی معاہدے کی ضرورت ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے قطر کے سفارتخانے کا دورہ کیا اور قطر کے سفیر علی بن مبارک الخاطر سے ملاقات کی۔ مولانا فضل الرحمان نے قطر پر اسرائیلی حملے کی مذمت کی اور قطر کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ انہوں نے کہا کہ عرب اسلامی سربراہی اجلاس کا فوری انعقاد قابل تحسین ہے اور دوحہ کانفرنس اسلامی دنیا کے وحدت کیلئے نقطہ آغاز ثابت ہوگا، مسلم دنیا کا اپنے دفاع کیلئے باہمی اتحاد واتفاق نا......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ صفائی کمپنی کی جانب سے ڈور ٹو ڈور کلیکشن کے لیے موٹر سائیکل رکشوں کا افتتاح کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کو فعال بنانے کیلئے موثر حکمت عملی اپنائی جائے' میر عبدالقدوس بزنجو

پیپلز پارٹی بلوچستان کے عوام کے حقوق کی ترجمان ہے' حیات اللہ خان اچکزئی

کوئٹہ (اے پی پی) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و پیپلز پارٹی کے سینئر میر عبدالقدوس بزنجو سے پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حیات اللہ خان اچکزئی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، تنظیمی امور، پارٹی کی مضبوطی اور صوبائی حکومت کی جانب سے عوام کے لئے کیے گئے اقدامات سمیت صوبے کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے قطر کے ساتھ اظہار یکجہتی کا عملی مظاہرہ کیا' جمال شاہ کاکڑ

قطر برادر اسلامی ملک جس نے مشکل ترین حالات میں ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا' رکن قومی اسمبلی

وزیراعظم نے دنیا کو یہ پیغام دیا مسلم ممالک کیخلاف جارحیت قبول نہیں' وفود سے گفتگو

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے قطر پر ہونے والے حملے کے خلاف جس موثر انداز میں آواز بلند کی ہے، وہ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری امت مسلمہ کے جذبات کی حقیقی ترجمانی ہے۔ وزیراعظم سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی مسائل اور زیادتیوں کے خلاف آج احتجاجی جلسہ ہوگا' پشتونخوا نیپ

تمام یونٹس آج 17 ستمبر 4 بجے کے مظاہرے وجلسہ عام کی بھرپور تیاری مکمل کریں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا ہے کہ عوامی مسائل، ناانصافیوں اور حکومتی اداروں کی زیادتیوں کے خلاف ... کوئٹہ شہر میں عظیم الشان احتجاجی مظاہرے اور جلسہ عام کا انعقاد کیا جائے گا۔ بیان میں کہا کہ مظاہرہ عوامی حقوق کے تحفظ، مہنگائی، بیروزگاری اور حکومتی .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرانسپورٹرز کا کسٹم حکام پر بھاری رشوت لینے کا الزام

موچکو کسٹم چیک پوسٹ پر ٹرانسپورٹرز نے احتجاجاً قومی شاہراہ بلاک کردی

مظاہرین کو منتشر کرنے اور شاہراہ کھلوانے کیلئے فائرنگ اور لاٹھی چارج

حب (این این آئی) موچکو کسٹم چیک پوسٹ پر مسافر کوچ روکنے سے ٹرانسپورٹر بپھر گئے احتجاجاً قومی شاہراہ بلاک کردی کسٹم کا مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے فائرنگ اور لاٹھی چارج ٹرانسپورٹرز کا کسٹم حکام پر بھاری رشوت لینے کا الزام تفصیلات کے مطابق منگل کے روز سندھ بلوچستان کے سنگم پر واقع کسٹم چیک پوسٹ پر مبینہ طور پر غیر قانونی اسمگل شدہ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

وزارت مذہبی امور نے عمرہ زائرین کیلئے مصدقہ کمپنیوں کی فہرست جاری کردی

... گئی ہے۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کا کہنا ہے کہ عمرہ کمپنیوں کی فہرست اسلامی سال 1447 ہجری کیلئے قابل عمل ہیں، عمرہ زائرین بکنگ سے پہلے وزارت مذہبی امور کی ویب سائٹ سے کمپنی کی لازمی تصدیق کریں۔ رقم کی ادائیگی صرف بینک کے ذریعے کمپنی کے اکاؤنٹ میں کی جائے، عمرہ زائرین کمپنی سے ادائیگی کی رسید اور معاہدے کی کاپی لازمی حاصل کریں۔

محکمے ڈی اے سی کے اجلاس وقت پر منعقد، بے ضابطگیاں دور کریں، پی اے سی

2021-22 کے دوران محکمہ صنعت وتجارت کا 196.338 ملین کی بجٹ استعمال نہ ہو سکی جس سے مالی بے ضابطگی ظاہر ہوتی ہے اصغر علی ترین

وفاق سے صوبے کو ڈیویزبل پول سے 11.151.032 ملین کم موصول جو این ایف سی ایوارڈ کی خلاف ورزی ہے، پی اے سی چیئرمین کو بریفنگ

کوئٹہ (آن لائن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس کمیٹی روم میں چیئرمین کمیٹی اصغر علی ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں محکمہ صنعت وتجارت کے معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں کمیٹی اراکین رحمت صالح بلوچ، ولی محمد نورزئی، زابد علی ریکی، غلام دستگیر بادینی اور صفیہ بی بی نے شرکت کی اجلاس میں اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نصر اللہ جان، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ شجاع علی، سیکرٹری صنعت وتجارت اور ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی بھی شریک ہوئے کمیٹی کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ محکمہ صنعت وتجارت کا بنیادی مقصد بلوچستان .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بولان' ویگن کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ہلاک

اکبر خان سکنہ جعفر آباد کی نعش ہسپتال منتقل ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (آن لائن) بولان کے علاقے میں ویگن کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ہلاک ہو گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بولان کے علاقے بیر چیہ کے قریب تیز رفتار ویگن نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماری جس سے اکبر خان سکنہ جعفر آباد ہلاک ہو گیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

... ڈالر کے مقابلے میں بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ امریکی فیڈرل ریزرو کا شرح سود پر غور کے لیے اجلاس جاری ہے، اجلاس کے باعث یورو کی قیمت میں اضافہ ہوا جبکہ امریکی ڈالر یورو کے مقابلے میں کمزور ہو گیا۔ یورپی مشترکہ کرنسی یورو 1.1847 ڈالر تک پہنچ گئی، یہ ستمبر 2021 کے بعد ڈالر کے مقابلے میں یورو کی بلند ترین سطح ہے۔

صوبائی و وفاقی حکومتیں نوجوانوں کی زندگیوں کی ضمانت دیں' جماعت اسلامی

نوجوانوں ورضاکاروں کی اغواء کاری کا بدترین منظر تخلیق کیا جارہا ہے' بیان

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ حکومتی اشرافیہ اور انتظامی وحفاظتی اداروں کے کمزور وغلط فیصلوں کے باعث نوجوانوں ورضاکاروں کی اغواکاری ولاپتہ کئے جانے کا بدترین منظر تخلیق کیا جاتا ہے جس سے معاشرتی وخاندانی نظام افراتفری کا شکار ہو کر رہ گیا ہے جس کی تازہ ترین بدنما مثال میر یوسف علی خان قلندرانی .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں انسانی سمگلنگ میں ملوث ایجنٹ 4 افغان شہریوں کیساتھ گرفتار

گرفتار ملزم امان اللہ انسانی سمگلنگ میں ملوث بدنام زمانہ انسانی سمگلر نجیب اللہ سے رابطے میں تھا، ایف آئی اے

گرفتار افغان شہری تاج علی کے قبضے سے پاکستانی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ اور دیگر سے جعلی دستاویزات برآمد

جیونی میں کارروائی کے دوران غیرقانونی طور پر سمندر کے راستے ایران جانے کی کوشش کرنے والے 13 افراد کو گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کوئٹہ میں انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایجنٹ کو 5 افغان شہریوں سمیت گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے بلوچستان کے مطابق ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کوئٹہ نے کوئٹہ میں کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایجنٹ امان اللہ کو 4 افغان شہریوں سمیت گرفتار کرلیا گیا گرفتار ایجنٹ امان اللہ کے موبائل فون سے اہم شواہد برآمد ہوئے ہیں گرفتار ملزم امان اللہ انسانی سمگلنگ میں ملوث بدنام زمانہ انسانی سمگلر نجیب اللہ سے رابطے میں تھا۔ ترجمان .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ اطلاعات و پبلک ریلیشنز کو ای فائلنگ سسٹم سے ہم آہنگ کرینگے، سیکرٹری اطلاعات

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق عملی اقدامات شروع جلد ہی اس پر مکمل عملدرآمد کیا جائے گا

اس نظام کے تحت فائلوں کی تیاری اور منظوری کا عمل کاغذی کارروائی سے آزاد تمام مراحل کمپیوٹرائزڈ انداز میں نمٹائے جائیں گے

ای۔فائلنگ سے محکمے کی کارکردگی مزید موثر و شفاف اور عام شہریوں کو بھی براہ راست مستفید ہونے کا موقع ملے گا' عمران خان

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری اطلاعات و پبلک ریلیشنز بلوچستان عمران خان نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں جدید طرز حکمرانی کے نفاذ کیلئے محکمہ اطلاعات و پبلک ریلیشنز میں بھی ای۔فائلنگ سسٹم متعارف کرایا جارہا ہے اس سلسلے میں عملی اقدامات شروع ہو چکے ہیں اور جلد ہی اس پر مکمل عمل درآمد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ای۔فائلنگ سسٹم کا مقصد حکمرانہ کارکردگی کو بہتر بنانا، عوامی وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانا اور شفافیت کو فروغ دینا ہے اس نظام کے تحت فائلوں کی......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو سیکرٹری خزانہ عمران زرکون بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا آغاز

نوجوانوں کو نہ صرف ہنرمند بلکہ بین الاقوامی مارکیٹ میں روزگار کے مواقع بھی فراہم کیے جارہے ہیں' مینیجنگ ڈائریکٹر بی ٹیوٹا

حکومت بلوچستان پروگرام کے تمام اخراجات خود برداشت کرے گی جن میں تربیت، سفری و دیگر شامل ہیں' جاوید مینگل

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے مینیجنگ ڈائریکٹر جاوید مینگل نے کہا ہے کہ چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ واضح رہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اکتوبر 2024ء میں اس منفرد پروگرام کا افتتاح کیا تھا جس کا بنیادی مقصد صوبے کے 30 ہزار نوجوانوں کو بیرون ممالک روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے یہ اپنی نوعیت کا دنیا کا پہلا پروگرام ہے جہاں کوئی صوبائی حکومت تمام اخراجات......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے مسائل مزید گہرے ہوتے جارہے ہیں' نوابزادہ لشکری رئیسانی

مادر وطن کے وسائل، سرزمین کے دفاع اور آئندہ نسلوں کی بقاء کی جنگ عوام کو خود لڑنی ہوگی

ذاتی مفادات کو قومی مفاد پر قربان کرتے ہوئے سیاسی عمل کو آگے بڑھایا جائے' سینئر سیاستدان

نصیرآباد' نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے 1 شخص کو قتل کردیا

کوئٹہ (آن لائن) نصیر آباد کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ... کے علاقے ... کے مقام پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا گیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کی شناخت جورو کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بی این پی کے لائرز فورم کی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دیدی گئی

شہزاد شاہوانی ایڈووکیٹ آرگنائزر، صدام بلوچ ایڈووکیٹ ڈپٹی آرگنائزر مقرر

عبدالقیوم مینگل، علی اکبر مینگل، حماد اللہ مینگل ممبر ہوں گے، مرکزی اعلامیہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی اعلامیہ کے مطابق پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل نے لائرز فورم کی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دیدی ہے جس کے مطابق ملک شہزاد شاہوانی ایڈووکیٹ آرگنائزر، صدام بلوچ ایڈووکیٹ ڈپٹی آرگنائزر جبکہ عبدالقیوم مینگل ایڈووکیٹ، علی اکبر مینگل ایڈووکیٹ، حماد اللہ مینگل ایڈووکیٹ ممبر ہوں گے جو کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں لائرز فورم کو مضبوط اور فعال بنانے میں اپنے .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

افغان مہاجرین کے انخلاء کیلئے طریقہ کار نرم کیا جائے' جمعیت نظریاتی

رات کی تاریکیوں میں افغان بھائیوں پر چھاپے اور خوف وہراس پھیلانا انسانیت کے اصولوں کے منافی عمل ہے

گھروں کی چادر اور چار دیواری کی پامالی اور خوف وہراس سے تکلیف دینے کی نہ اسلام اجازت دیتا ہے اور نہ انسانیت

مہاجرین کی جائیدادوں کو مسمار اور ضبط کرنا کہاں کا قانون وانصاف ہے؟ انسانی، اخلاقی اور قانونی حقوق کا خیال رکھا جائے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی کنوینر مفتی ... مہاجرین کی زبردستی بے دخلی کی پالیسی پاکستان کی ...

تربیلا ڈیم مکمل بھر چکا، دریاؤں میں سیلابی صورتحال برقرار

منگلا ڈیم میں صرف 4.30 فٹ کی گنجائش باقی رہ گئی ہے' معین وٹو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر معین وٹو نے کہا ہے کہ تربیلا ڈیم 27 اگست سے اپنی مکمل گنجائش تک بھر چکا ہے جبکہ منگلا ڈیم بھی 95 فیصد تک بھر چکا ہے اور اس میں صرف 4.30 فٹ کی گنجائش باقی رہ گئی ہے۔ دریاؤں کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دریائے چناب پر ہیڈ ... کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے اور اس کی سطح .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے کرپٹو کرنسی میں ابھرتے ہوئے عالمی مقام کے بھارتی ماہرین بھی معترف ہو گئے اور کہا پاکستان نے کرپٹو کرنسی کے شعبے میں خطے پر برتری حاصل کر لی ہے۔ رپورٹ کے مطابق وزیر مملکت برائے کرپٹو اور بلاک چین بلال بن ثاقب نے ہانگ کانگ میں ہونے والی بٹ کوائن ایشیا کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کی، جہاں پاکستان کے بڑھتے ہوئے کرپٹو کردار کو عالمی سطح پر سراہا گیا۔

عالمی سطح پر قرضوں کے لحاظ سے پاکستان کی پوزیشن بہتر ہوئی' وزارت خزانہ

حکمت عملی' ری فنانسنگ اور رول اوور کے خطرات کو کم کرنے اور سود کی بچت پیدا کرنے پر مشتمل ہے، رپورٹ

جی ڈی پی کے تناسب کو ڈیبٹ لیمیٹیشن ایکٹ کے مطابق لانا ہے تاکہ پائیدار عوامی مالیات کو سہارا دیا جا سکے گا

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ عالمی پیمانے کے مطابق قرضوں کے لحاظ سے پاکستان کی پوزیشن بہتر ہوئی ہے۔ ملک کا قرضوں کا رجحان روپے کے مجموعی اعداد وشمار کے مقابلے میں آج زیادہ پائیدار ہے، وزارت نے جی ڈی پی کے لحاظ سے قرض کے تناسب میں کمی، قبل از وقت ادائیگیوں، کم شرح سود اور مضبوط بیرونی کھاتوں پر اپنی مسلسل توجہ کو اس کی وجہ قرار دیا۔ وزارت خزانہ نے ایک بیان میں کہا کہ اس کی قرض مینجمنٹ حکمت عملی کا مرکز عوامی قرض سے جی ڈی پی کے تناسب کو ڈیبٹ لیمیٹیشن ایکٹ کے مطابق......... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

ایچ پی وی ویکسین کے خلاف پروپیگنڈا سراسر جھوٹ ہے' مصطفیٰ کمال

مائیں، بہنیں اور بیٹیاں سروائیکل کینسر سے بچاؤ کیلئے ویکسین ضرور لگوائیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی ویکسین کے خلاف پروپیگنڈا مہم کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ مائیں، بہنیں اور بیٹیاں سروائیکل کینسر سے بچاؤ کیلئے ویکسین ضرور لگوائیں۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے اسلام آباد میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جھوٹ پھیلانے والے خدا سے......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

... نعش برآمد نعش ہسپتال منتقل کردی گئی لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کچھی کے علاقے سورو باب امیر سے نامعلوم شخص کی نعش ملی نعش کو ہسپتال منتقل جس کی شناخت صفی اللہ سکنہ کوٹک حال کھڈ کوچہ کے نام سے ہوئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

حق کی راہ میں موقف پر غیر متزلزل رہنا ہی اصل کمال ہے، مولانا عبدالواسع

یہی وہ شعار جو ہمیشہ ہماری پہچان اور اسی کی بنیاد پر ہم نے قربانیوں سے کبھی دریغ نہیں کیا' صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام

پاکستان کی تشکیل میں بھی علماء کا کردار نمایاں آج بھی ہم وطن عزیز کے دفاع اور اس سے محبت کو ایمان کا حصہ سمجھتے ہیں

صوبہ سنگین بحرانوں سے دوچار اگر ہم نے اتحاد و اتفاق کے ساتھ ملک وملت کا مقدمہ نہ لڑا تو آنے والی نسلیں ہمیں معاف نہیں کریں گی' سینئر

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام کا نصب العین وہی عظیم مقاصد ہیں جو ہمارے اکابرین ملت، حضرت مولانا قاسم نانوتوی، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی اور شیخ الہند مولانا محمود الحسن نے ہمیں سونپے ان اسلاف کی زندگیوں سے ہمیں یہ درس ملا کہ حق کی راہ میں مصلحت اور مفاہمت نہیں بلکہ اپنے موقف پر غیر متزلزل رہنا ہی اصل کمال ہے۔ یہی وہ شعار ہے جو ہمیشہ ہماری پہچان رہا اور اسی کی بنیاد پر ہم نے قربانیوں سے کبھی دریغ نہیں کیا برطانوی سامراج......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر